روزانہ چہل کاف کی ایک خاص تعداد پڑھ کر بندش کے خاتمے اور جادو جنات کے خاتمے کے لئے پیغام عرض کریں۔ انہوں نے یہ سلسلہ شروع کیا۔ ایک ہی ہفتہ میں سب سے پہلی علامت جو غائب ہوئی وہ لڑائی جھگڑے کے خاتمے کی نوید تھی۔ میں مصروفیت کی بناء پر خود علاج کرنے، تعویذات دینے اور راتوں کی لمبی پڑھائیوں سے گریز کرتا ہوں۔ مریض کو خود اس کے پیروں پر کھڑا کرنا، اس کو لمبے وظائف سے نجات دلوانا، ان کے معاشی گرداب اور جادو اور جنات، بندش کے حوالے سے اولاد، رشتے کی بندش، بیرون ملک مستقل رہائش کی بندش کے حوالے سے آنے والے لوگوں کو چہل کاف کے عمل کی اجازت ادارے سے دلوا کر مریض کو روزانہ کی بنیاد پر راہنمائی دینا اور جہاں ان کو مشکل پیش آئے پڑھائی کر کے مشکلات کا مقابلہ کرنا سکھانا وغیرہ سمیت ان کے دشمن کو ہمیشہ کے لئے مایوس و نا امید کرنا سکھاتا ہوں۔ اس کے بعد حصار و حفاظت کے اعمال کے ذریعے آئندہ حفاظت کا مکمل بندوبست کردیتا ہوں تاکہ آئندہ دشمن کے دانت کھٹے کرنے کا بندوبست مریض کے اپنے ہاتھوں میں ہو اور وہ کسی کی محتاجی اور منت سماجت سے نکل کر ہمیشہ اور دائمی شفاء کا حقدار بن کر ہمارا اور ہمارے ادارے کا نام روشن کرے۔ اس میں سبق یہ ہے کہ مریض ادارے سے یہ طریقہ علاج حاصل کرلے اور عاملین اور معالجین اپنے مریضوں کے لئے مستقل اور دائمی شفاء اور گھر کو بدروحوں سے پاک کرنے کا بندوبست کریں۔ ادارے میں مخصوص رقم اور ہدیہ جمع کروائیں۔ اور مریض سے اپنے حساب سے منہ مانگے دام وصول کریں۔ اور شکایت اور مریض کی تکلیف کو ہمیشہ کے لئے ختم فرمائیں۔

ردِّ سحر کے مجرب اعمال

ماہر علوم مخفی غلام سرور شباب صاحب

بسم اللہ سے جادو کا علاج

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کو چار سو ستاسی (۴۸۷) مرتبہ تلاوت کر کے پانی پر دم کر کے مریض مسحور کو پلانے سے ہر قسم کا سحر جادو باطل ہو جاتا ہے۔ اس پانی کو مکان کے چاروں طرف چھڑکا بھی جا سکتا ہے۔

ابطال سحر

ابطال سحر جادو کے لیے مندرجہ ذیل آیات لکھ کر مسحور کو پلائیں۔ اگر سحری اثرات شدید ہوں تو چالیس یوم تک پلائیں۔ عام نوعیت میں ہفتہ عشرہ بھی کافی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قَالَ لَهُمۡ مُّوۡسٰۤی اَلۡقُوۡا مَاۤ اَنۡتُمۡ مُّلۡقُوۡنَ ۞ فَلَمَّاۤ اَلۡقَوۡا قَالَ مُوۡسٰی مَا جِئۡتُمۡ بِهِ ۙ السِّحۡرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبۡطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِیۡنَ ۞ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الۡحَقَّ بِکَلِمٰتِهٖ وَلَوۡ کَرِهَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ ۞ (یونس:۸۰-۸۲)

بَلۡ نَقۡذِفُ بِالۡحَقِّ عَلَی الۡبَاطِلِ فَیَدۡمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ؕ وَلَکُمُ الۡوَیۡلُ مِمَّا تَصِفُوۡنَ ۞ (الانبیاء:۱۸)

وَاَلۡقِ مَا فِیۡ یَمِیۡنِکَ تَلۡقَفۡ مَا صَنَعُوۡا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوۡا کَیۡدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا یُفۡلِحُ السّٰحِرُ حَیۡثُ اَتٰی ۞ (طٰہٰ:۶۹)

وَاُلۡقِیَ السَّحَرَةُ سٰجِدِیۡنَ ۞ قَالُوۡۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۞ رَبِّ مُوۡسٰی وَهٰرُوۡنَ ۞ (الاعراف:۱۲۰-۱۲۲)

ابطال سحر کا تعویذ

مندرجہ ذیل عمل لکھ کر مسحور کے گلے میں ڈال دیں۔ عمل یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَمَا شَآءَ اللّٰہُ بِسۡمِ اللّٰہِ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۔ قَالَ مُوۡسٰی مَا جِئۡتُمۡ بِهِ ۙ السِّحۡرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبۡطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِیۡنَ ۞ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الۡحَقَّ بِکَلِمٰتِهٖ وَلَوۡ کَرِهَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ ۞

ردِ سحر کی ایک عظیم دعا

ردِ سحر کے لیے یہ ایک عظیم دعا ہے۔ جو کوئی اس دعا کو روزانہ صبح و شام ایک ایک مرتبہ پڑھتا رہے ہر قسم کے سحر جادو سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی پر سحر جادو کے اثرات ہو چکے ہوں تو ختم ہو جائیں گے۔ اس دعا کو اپنا معمول بنانے والا شیاطین اور اس کی ذریات سے بھی محفوظ رہتا ہے۔ دعا مبارک یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ نَزَغَاتِ الشَّیۡطَانِ الرَّجِیۡمِ وَکَیۡدِهٖ وَمَکَایِدِهٖ وَمِنَ الثِّقَةِ بِاَمَانِیِّهٖ وَمَوَاعِیۡدِهٖ وَغُرُوۡرِهٖ وَمَصَایِدِهٖ وَاَنۡ یُطۡمَعَ نَفۡسُهٗ فِیۡ اِضۡلَالِنَا عَنۡ طَاعَتِکَ وَامۡتِهَانِنَا بِمَعۡصِیَتِکَ اَوۡ اَنۡ یَحۡسُنَ عِنۡدَنَا مَا حَسَّنَ لَنَا اَوۡ اَنۡ یَثۡقُلَ عَلَیۡنَا مَا کَرَّهَ اِلَیۡنَا اَللّٰهُمَّ اخۡسَاۡهُ عَنَّا بِعِبَادَتِکَ وَاکۡبِتۡهُ بِدُءُوۡبِنَا فِیۡ مَحَبَّتِکَ وَاجۡعَلۡ بَیۡنَنَا وَبَیۡنَهٗ سِتۡرًا لَا یَهۡتِکُهٗ وَرَدۡمًا مُصۡمِتًا لَا یَفۡتُقُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاشۡغَلۡهُ عَنَّا بِبَعۡضِ اَعۡدَائِکَ وَاعۡصِمۡنَا مِنۡهُ بِحُسۡنِ رِعَایَتِکَ وَاکۡفِنَا خَتۡرَهٗ وَوَلِّنَا ظَهۡرَهٗ وَاقۡطَعۡ عَنَّا اِثۡرَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَمۡتِعۡنَا مِنَ الۡهُدٰی بِمِثۡلِ ضَلَالَتِهٖ وَزَوِّدۡنَا مِنَ التَّقۡوٰی ضِدَّ غَوَایَتِهٖ وَاسۡلُکۡ بِنَا مِنَ التُّقٰی خِلَافَ سَبِیۡلِهٖ مِنَ الرَّدٰی اَللّٰهُمَّ لَا تَجۡعَلۡ لَهٗ فِیۡ قُلُوۡبِنَا مَدۡخَلًا وَلَا تُوۡطِنَنَّ لَهٗ فِیۡمَا لَدَیۡنَا مَنۡزِلًا اَللّٰهُمَّ وَمَا سَوَّلَ لَنَا مِنۡ بَاطِلٍ فَعَرِّفۡنَاهُ وَاِذَا عَرَّفۡتَنَاهُ فَقِنَاهُ وَبَصِّرۡنَا مَا نُکَایِدُهٗ بِهٖ وَاَلۡهِمۡنَا مَا نُعِدُّهٗ لَهٗ وَاَیۡقِظۡنَا عَنۡ سِنَةِ الۡغَفۡلَةِ بِالرُّکُوۡنِ اِلَیۡهِ وَاَحۡسِنۡ بِتَوۡفِیۡقِکَ عَوۡنَنَا عَلَیۡهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَحَوِّلۡ سُلۡطَانَهٗ عَنَّا وَاقۡطَعۡ رَجَاءَهٗ مِنَّا وَادۡرَاۡهُ

عَنِ الْوُلُوْعِ بِنَا. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ. وَاَجْعَلْ اٰبَائَنَا وَاُمَّهَاتِنَا وَاَوْلَادَنَا وَاَهَالِيْنَا وَذَوِيْ اَرْحَامِنَا وَقَرَابَاتِنَا وَ جِيْرَانَنَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ مِنْهُ فِيْ حِرْزٍ حَارِزٍ وَحِصْنٍ حَافِظٍ وَ كَهْفٍ مَانِعٍ وَاَلْبِسْهُمْ مِنْهُ جُنَنًا وَاقِيَةً وَاَعْطِهِمْ عَلَيْهِ اَسْلِحَةً مَاضِيَةً. اَللّٰهُمَّ وَاَعْمِمْ بِذٰلِكَ مَنْ شَهِدَلَكَ بِالرُّبُوْبِيَّةِ وَاَخْلَصَ لَكَ بِالْوَحْدَانِيَّةِ وَعَادَاهُ لَكَ بِحَقِيْقَةِ الْعُبُوْدِيَّةِ وَاسْتَظْهَرَبِكَ عَلَيْهِ فِيْ مَعْرِفَةِ الْعُلُوْمِ الرَّبَّانِيَّةِ. اَللّٰهُمَّ اَحْلُلْ مَاعَقَدَوَافْتُقْ مَارَتَقَ وَافْسَخْ مَادَبَّرَوَثَبِّطْهُ اِذَاعَزَمَ وَانْقُضْ مَااَبْرَمَ. اَللّٰهُمَّ وَاهْزِمْ جُنْدَهُ وَاَبْطِلْ كَيْدَهُ وَاهْدِمْ كَهْفَهُ وَاَرْغِمْ اَنْفَهُ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَافِيْ نَظْمِ اَعْدَائِهِ. وَاَعْزِلْنَا عَنْ عِدَادِ اَوْلِيَائِهِ لَانُطِيْعُ لَهُ اِذَا اسْتَهْوَانَا وَلَا نَسْتَجِيْبُ لَهُ اِذَادَعَانَا. نَاْمُرُ بِمُنَاوَاتِهِ مَنْ اَطَاعَ اَمْرَنَا. وَنَعِظُ عَنْ مُتَابَعَتِهِ مَنِ اتَّبَعَ زَجْرَنَا. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَاَعِذْنَا وَاَهَالِيْنَا وَاِخْوَانَنَا وَجَمِيْعَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ مِمَّا اسْتَعَذْنَامِنْهُ وَاَجِرْنَا مِمَّا اسْتَجَرْنَا بِكَ مِنْ خَوْفِهِ. وَاسْمَعْ لَنَا مَادَعَوْنَا بِهِ وَاَعْطِنَا مَا اَغْفَلْنَاهُ وَ احْفَظْ لَنَا مَانَسِيْنَاهُ وَصَيِّرْنَا بِذٰلِكَ فِيْ دَرَجَاتِ الصَّالِحِيْنَ وَمَرَاتِبِ الْمُؤْمِنِيْنَ. اٰمِيْنَ.

اگر کسی کو سحر سے باندھا گیا ہو

معقود اور بستہ فرد پر سے سحری اثرات ختم کرنے کا یہ خاص عمل ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ، سورۂ نصر، چاروں قل کسی نئے پیالے، شیشے یا چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب اور زعفران سے تحریر کریں اور پھر آب زم زم یا عرق گلاب سے دھو کر مسحور، معقود کو پلا دیں۔ فوراً خلاصی ہوگی۔

حل المعقود

جس کسی کو سحر جادو سے معقود کر دیا گیا ہو اور وہ اپنی بیوی سے جماع پر قادر نہ ہوتا ہو تو اُس کے لیے یہ عمل چار انڈوں پر لکھا جاتا ہے۔ اور مسحور کو کھلایا جاتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ انڈے کو ابال کر چھلکا اتار کر سفیدی پر لکھائے اور پھر کھلایا جائے۔

پہلے دن انڈے پر لکھ کر کھلانے والا عمل

مصعلل کال ماصی کعمال حل عقد فلاں بن فلاں قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ.

دوسرے دن انڈے پر لکھ کر کھلانے والا عمل

مطعل کال ماصعب کعمال حل عقد فلاں بن فلاں وَقَدِمْنَا اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا.

تیسرے دن انڈے پر لکھ کر کھلانے والا عمل

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ

چوتھے دن انڈے پر لکھ کر کھلانے والا عمل

یاصعکمال حل عقد فلانه بنت فلانه وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا یامصعلل کال حل عقد فلانه بنت فلانه.

شوہر بیوی سے تعلق ازدواج نہ کر سکے کا علاج

مسحور معقود مرد ہو یا عورت، اُسے اپنے سامنے بٹھا کر اس کی ہتھیلی پر سورہ الم نشرح تحریر کریں۔ پھر اس کی ہتھیلی پر سورہ یٰس شریف کی تلاوت کریں یہاں تک کہ اُس کی مٹھی بند ہو جائے۔ پھر بند مٹھی پر سورۃ واقعہ کی تلاوت کریں یہاں تک کہ مٹھی کھل جائے۔ پڑھتے وقت سندروس، مصطگی اور جاوی کا بخور روشن کریں۔ اگر مسحور کی مٹھی بند نہ ہو تو سمجھ لیں کہ اس پر جادو کا اثر نہ ہے، جسمانی مرض ہے۔

جادو کا اثر ختم ہو

ستر (۷۰) مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس جگہ چھڑک

دیں جہاں سحر جادو کا اثر ہو۔ خواہ مکان ہو یا دوکان۔ اگر آدمی پر اثر ہو تو اس کو پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سحر جادو کا اثر ختم ہو جائے گا، آیت یہ ہے:

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ (الرحمٰن ۳۳)

سحر جادو سے نجات کا طریقہ

سحر جادو سے متاثرہ مریضوں کے علاج کا یہ طریقہ قوی الاثر اور مجرب ہے۔ جہاں دیگر طریقہ ہائے علاج مؤثر نہ ہوں وہاں اس طریقہ علاج سے فائدہ اٹھائیں۔ سحر جادو کے جملہ اثرات ختم ہو جائیں گے۔ طریقہ یہ ہے کہ مسحور مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر تین مرتبہ درود شریف، سات مرتبہ سورۃ فاتحہ اور سات سات مرتبہ سورۃ فلق اور سورۃ والناس پھر سورۃ یٰسین کی آیت مبارکہ "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ" سات مرتبہ پڑھ کر پھر آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض مسحور کے پورے جسم پر دم کریں۔ اور نقش نمبر (1) کو مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ نقش نمبر (2) چھ عدد زعفران و گلاب سے تحریر کریں۔ ایک نقش عرق گلاب کی بڑی بوتل میں ڈال دیں جسے مریض مسحور سات یوم تک مسلسل صبح دوپہر شام پیتا رہے۔ باقی پانچ نقوش میں سے ہر جمعرات کو صبح نہار منہ ایک نقش عرق یا پانی میں گھول کر پی لیا کرے۔ مریض کو ہدایت کریں کہ وہ ہر وقت باوضو رہے اور درود پاک بکثرت تلاوت کرتا رہے۔ ان شاء اللہ چالیس یوم کے اندر اندر سحر جادو کے تمام اثر بدن کی رگوں سے زائل ہو جائیں گے اور مریض مکمل صحت مند ہو جائے گا۔ نقش نمبر (1) یہ ہے:

۷۸۶

۹۳۲۲	۹۳۳۱	۹۳۳۳	۹۳۲۹
۹۳۳۴	۹۳۲۸	۹۳۲۳	۹۳۳۵
۹۳۲۷	۹۳۳۱	۹۳۳۸	۹۳۲۴
۹۳۳۷	۹۳۲۵	۹۳۲۶	۹۳۳۲

الٓمٓصٓ طٰهٰ طٰسٓ كٓهٰيٰعٓصٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ۔ نقش نمبر (2) یہ ہے:

۷۸۶

۱۲۴۴۱	۱۲۴۳۶	۱۲۴۴۳
۱۲۴۴۲	۱۲۴۴۰	۱۲۴۳۸
۱۲۴۳۷	۱۲۴۴۴	۱۲۴۳۹

الٓمٓصٓ طٰهٰ طٰسٓ كٓهٰيٰعٓصٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ۔

بخت کشائی کے لیے طلسم

جس لڑکی کا نکاح یا شادی نہ ہوتی ہو یا بخت باندھا گیا ہو تو ذیل کے اسمائے طلسمات کو زعفران سے سفید کاغذ پر کسی سعد وقت میں لکھ کر کسی مٹی کے کوزے میں ڈال کر پانی سے بھر دیں۔ تین ہفتہ تک لڑکی اس کوزہ سے پانی پیتی رہے۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو بخت کشادہ ہوگا اور جلد شادی یا نکاح ہو جائے گا۔ اسمائے طلسمات یہ ہیں: سولمالج سلحی هملوخيم

اگر کسی مرد کو سحر جادو کے ذریعے بستہ کر دیا ہو

اگر کسی مرد کو کسی حاسد دشمن نے سحر جادو کے ذریعے بستہ کر دیا ہو تو وہ مرد اپنی حلال بیوی پر بوقت ملاپ قادر نہ ہوتا ہو تو ذیل کے نقش کو قمر در جدی کے اوقات میں سیسہ کی دھات پر کسی لوہے کے قلم سے کندہ کریں۔ اور مرد بستہ اس لوح کو اپنی کمر پر باندھے تو سحر جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۴۸	۵۵	۵۰
۵۳	۵۱	۴۹
۵۲	۴۷	۵۴

کبیکج

دفعیہ سحر جادو

یہ کلمات کسی چینی کی طشتری پر لکھ کر تین (۳) روز تک نہار منہ مسحور کو پلائیں۔ ان شاء اللہ شفائے کامل ہوگی۔ حروف یہ ہیں:

فَتَهُنَّ سَمِعُهُوْ سَمْعُوْرٌ فَتَحْمُهُنَّ حَمْصَعْلَكَ مَلْعَاءَ حَيًّا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ۔

جادو کا اثر باطل ہو

ایک کاغذ پر ساعت عطارد میں قمر مسعود ہو تو لکھ کر بازو یا گلے میں ڈالیں۔

اُبْطُلُوْهُ اُبْطُلُوْهُ اُبْطُلُوْهُ اُخْرُجُوْهُ اُخْرُجُوْهُ اُخْرُجُوْهُ۔ حُلُوْهُ حُلُوْهُ حُلُوْهُ اِفْتَحُوْهُ اِفْتَحُوْهُ اِفْتَحُوْهُ۔ شَرَاهِيًا بِعِزَّةِ اللّٰهِ يَزُوْلُ بِقُوَّةِ اللّٰهِ يَزُوْلُ كُلُّ بَاسٍ وَ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ يَحُلُّ كُلُّ مَعْقُوْدٍ مَعَ الطِّلَسْمِ۔ ۱۰۱، ۲۱۱، ۱۱۱، ۲۱۱۔

دفعہ سحر جادو

دفعہ سحر جادو کے لیے روزانہ ایک بار سورہ یٰسین شریف پانی پر دم کر کے گھر کی دیواروں پر چھڑک دیں۔ اور کچھ پانی مسحور کو پلائیں۔ چالیس روز تک ایسا کریں، بڑا بے نظیر عمل ہے۔

اگر گھر میں جادو دفن ہو تو

سورہ التکویر یعنی سورہ کورت کسی سفید کاغذ پر تحریر کریں اور ایسا ایک ایک تعویذ گھر کے چاروں کونوں میں دفن کریں۔ ان شاء اللہ جادو کا اثر باطل ہوگا۔ کیسا ہی جادو کیا گیا ہو فوراً باطل ہو جاتا ہے۔ یہی عمل لکھ کر سحر زدہ کو چالیس (۴۰) یوم تک پلایا بھی جائے تو یقینی طور پر صحت کاملہ و عاجلہ نصیب ہوگی۔ سورہ مبارک یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝۱ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۝۲ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝۳ وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝۴ وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ۝۵ وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝۶ وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۝۷ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۝۸ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۝۹ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝۱۰ وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۝۱۱ وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ۝۱۲ وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۝۱۳ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ۝۱۴ فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝۱۵ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۝۱۶ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ۝۱۷ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۝۱۸ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۝۱۹ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ۝۲۰ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ۝۲۱ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ۝۲۲ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ۝۲۳ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ۝۲۴ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝۲۵ فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ۝۲۶ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۲۷ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ۝۲۸ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۲۹

ایسا مرض جس پر سخت قسم کا جادو کیا گیا ہو

جادو کی وجہ سے طرح طرح کے امراض میں مبتلا ہو اور ہر وقت ایک انجانا سا خوف دل و دماغ پر طاری رہتا ہو۔ تو ذیل کے عمل سے فیض یاب ہوں۔ ان شاء اللہ فوراً جادو کا اثر باطل ہو جائے گا۔ ایک گھڑا بارش کے پانی کا لیں۔ شرط صرف یہ ہے کہ گھڑے میں بارش کا پانی جمع کرتے وقت کسی کی نظر نہ پڑے۔ اور ایک گھڑا ایسے کنویں کے پانی سے لیں جس سے کوئی پانی نہ بھرتا ہو۔ دونوں گھڑے لبالب بھرنے کی ضرورت نہیں، پس اتنا پانی ہو کہ ایک فرد ایک بار اچھی طرح سے غسل کر سکے۔ پھر جمعہ کے دن سات ایسے درختوں کے پتے لیں۔ جس کا پھل نہ کھایا جاتا ہو۔ پھر دونوں پانی ملا کر اس میں پتے ڈال دیں۔ اب سورہ یونس کی آیت شریف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝۸۰ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۸۱ (یونس ۸۰-۸۱)

کسی سفید کاغذ پر باوضو ہو کر زعفران یا صرف میٹھے زرد رنگ سے تحریر کریں اور اس کاغذ کو مذکورہ پانی سے دھوئیں تاکہ تمام حروف مٹ کر پانی میں حل ہو جائیں۔ اب اگر مریض مرد ہے تو اسے کسی نہر، ندی یا دریا کے کنارے رات کے وقت غسل کرائیں۔ اگر مریض عورت ہے تو اپنے گھر کے کسی کونے یا مکان کی چھت پر اس پانی سے غسل کرے۔ ان شاء اللہ ایک ہی بار کے عمل سے کیسا ہی جادو سخت ہو گیا ہو فوراً باطل ہو جائے گا۔

جادو کا اثر باطل ہو

سید حسین علی شاہ قادری سرحدی کہتے ہیں کہ سفید قمری جس باغ یا مکان میں ہو، وہاں جادو کا کوئی حربہ پیش نہیں آتا بلکہ سانپ قمری کی آواز سن کر بھاگ جاتے ہیں۔

جادو کا اثر زائل ہو

حضرت خواجہ دیربی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مجربات میں تحریر فرماتے ہیں۔ اگر کسی سحر زدہ کو زیریں پچھوا برائے بخور دی جائے اور اوپر کی ڈھال کا پیالہ غسل کرنے کو دیا جائے تو ہفتہ بھر میں ذرا بھر بھی جادو کا اثر نہ رہے گا۔

ردِ سحر

سورۂ فلق اور سورۂ ناس گیارہ گیارہ مرتبہ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کریں۔ اور سحر زدہ کی آنکھ، ناک، کان اور بیسوں ناخنوں پر ملیں۔ جادو کا اثر باطل ہو جائے گا۔

دافع سحر جادو ہر قسم

اگر کسی پر سحر جادو کر دیا گیا ہو جس کی وجہ سے وہ مختلف امراض اور پریشانیوں میں مبتلا ہو تو کسی چینی کی صاف پلیٹ یا شیشے کی پلیٹ پر مندرجہ ذیل آیات مبارکہ زرد رنگ یا زعفران سے تحریر کریں۔ خشک ہونے پر قدرے شہد خالص اور آب زم زم ڈال دیں تاکہ تمام حروف ڈھل جائیں اور یہ شہد مسحور کو صبح و شام چٹا دیں۔ اگر مرض کی شدت ہو تو چند دن استعمال کریں۔ ورنہ صرف ایک بار ہی کافی ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سحر جادو کا تمام تر اثر زائل ہو جائے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ۭ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَي اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ (النسآء:۱۰۰)

دافع السحر

اگر کسی پر کسی نے جادو کر دیا ہو تو اس جادو کے دفع کرنے کے لیے ذیل کی دُعا مسحور پر چند بار چند روز تک پڑھ کر دم کریں۔ اور چینی کے ظروف میں زعفران سے لکھ کر دھو کر مسحور کو پلائیں اور ایک تعویذ لکھ کر مسحور کے گلے میں ڈال دیں۔ یہ دُعا نہایت سریع الاثر ہے۔ دُعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ مُوْسٰى خَاصَةَ بِكَلَامٍ وَهَازِمٍ مَنْ كَاوَهُ السَّحِرِ وَمُعِيدُهُ بَعْدَ لَغْوٍ وَثُعْبَانًا وَمَلقضهَا اِفْكُ اهل الافك وَمُفْسِدُ عَمَلَ السَّاحِرِيْنَ وَمُبْطَلُ كَيْدًا كل الفساد مَنْ كَازِيِ لسَحِرًا وَنَظرٍ عَامِدًا و غَيْرِ عَامِدًا اَوْ لَا اَعْلَمُهُ اَخَافُه اَوْ لَا اَخَافُه فاقطع مِنْ اَسْبَاب السَّمٰوٰتِ عَلّٰه عَنِّيْ غَيْرِ نَافِذًا وَلَا ضَارٍّ وَلَا شَامِتٍ اِنِّيْ اَزَرَ ، بِعَظْمَتِكَ فِي الْجَوْرِ الاعداء فَكُنْ لِيْ مِنْهُمْ صُدَافِعًا اَحْسَنُ مُدَافِعَةً وَاَتَمَّهَا يَا كرم واكفى بِقُدْرَتِكَ مَا اَخَافُه يَادَافِعُ الْبَلِيَّاتِ وَالْعَاهَاتِ مبطل وسحريات يَاقَاضِي الْحَاجَات اَدْفَعْ الساعة الوحا العجل۔

عمل برائے ردِ سحر اور رجعت السحر کے لیے

سحر جادو کا اثر باطل کرنے اور اس کے نحس اثرات کو جادو کرنے والے پر واپس ڈالنے کے لیے یہ عمل مشہور اور مستند ہے۔ آزمائیں اور فائدہ اٹھائیں۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ اس عمل کو اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مسحور کو پلائیں۔ اور ایسا ہفتہ عشرہ تک ضرور کریں۔ اگر اس عمل کو مسحور خود صبح و شام ہفتہ عشرہ تک پڑھ کر خود پر دم کرے تو تندرست ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کے

حکم سے جادو کے تمام تر اثرات جادو کرنے والے پر واپس پڑیں گے۔ خواہ وہ کتنے ہی کیوں نہ ہوں۔ عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ بجری بجری کواڑ بجری۔ باندھوں دسوں دوار بجری۔ آئے بجری جائے بجری۔ سب جگہ سمائے بجری۔ ٹونہ جادو سب رَد ہوجائے۔ جو ٹونہ پھر کر آئے۔ اُلٹ پلٹ کر وہاں کا وہاں پر جائے۔ جو جو کرے سو سو مرے۔ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا۔

سحر و جادو کو جلانے کا مجرب عمل

جن لوگوں پر سحر، جادو، ٹونہ اور سفلی اعمال کا اثر ہو یا ان پر کوئی بھی علوی عمل کیا گیا ہو یا کسی بھی علم کے تعویذات ڈالے گئے ہوں، سب کے علاج کے لئے قوی الاثر ہے۔ عمل مختصر مگر کامیاب اور آزمودہ ہے جو میرے روزانہ کے معمولات میں سے ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض مسحور کو سحر سے کلی نجات حاصل ہوگی۔

طریقہ علاج: مریض کو ننگے پاؤں زمین پر کھڑا کردیں اور ایک چاقو یا چھری لے کر مریض کے سر سے پاؤں تک اتار کریں اور تین مرتبہ معوذتین پڑھیں اور چھری اور بدنِ مسحور پر دم کریں۔ تین تین مرتبہ مسحور کے سیدھے اور الٹے رُخ سے اسی طرح اتار کریں۔ پھر مریض کے پاؤں کی مٹی لے کر اس پر تین تین مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کریں اور مٹی کو جلتی آگ میں ڈال دیں جو پہلے سے آپ کے پاس جل رہی ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کیسا ہی سحر، جادو اور ٹونہ ہو، سب کا اثر ختم ہوجائے گا۔

اس عمل کی زکوٰۃ ادا کرنا ضروری ہے تاکہ کلی اثرات پیدا ہوں۔ اعتقادِ قلبی شرطِ اول ہے۔ دم کرتے وقت یہ پختہ تصور کریں کہ مسحور پر اثرات سحر و جادو ٹونہ وغیرہ جو بھی ہیں، سب کے سب جسم سے ہوتے ہوئے پاؤں کی جانب سے زمین میں جذب ہو رہے ہیں۔ گویا علمِ ہیئت کی رُو سے اس عمل معوذتین کا مطلب یہ ہوگا کہ یہ نورانی اور جلالی آیتیں مل کر انسان کی قوتِ متخیلہ اور قوتِ طبیعہ میں جو روگ لگ گیا ہے، اس مَیل اور کثافت کو اسی طرح صاف کردیں گی جیسے بھٹی میں سونے کو گرم کرنے سے سونے کا مَیل صاف ہوجاتا ہے اور انسان کی روح اور قوتِ متخیلہ آثارِ شیاطین سے اسی طرح نکھر جائے گی جس طرح سونا بھٹی میں گرم ہونے سے نکھر جاتا ہے۔

جادو سے شفا کا عمل

کھانے کا آئیوڈین ملا نمک لے کر اس پر مندرجہ ذیل آیات ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور چالیس یوم تک متواتر مسحور کو کھانے پینے کی چیزوں میں روزانہ معمولی سا دم شدہ نمک کھلایا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جادو سے نجات ملے گی۔ دم کرنے والی آیت یہ ہے:

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۭ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ (البقرۃ: 72-73)

اگر کسی پر جادو کا اثر شدید ہو

مندرجہ ذیل آیاتِ مبارکہ سات کاغذ کے ٹکڑوں پر مع بسم اللہ زعفران وگلاب سے تحریر کر کے مسحور کو دی جائیں تاکہ وہ روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر نہار منہ پی لیا کرے۔ سحر کے بد اثرات کلی طور پر ختم ہوجائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس: 81-82)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ (الاعراف: 118-122)

إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سٰحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتٰى ۝

(طٰہٰ: ۶۹)

جادو کے بد اثرات سے کسی کی صورت بدل گئی ہو

اس سے یہ مراد نہیں کہ مسحور کسی چوپائے یا پرندے کی شکل کا ہو جائے، جادو کی شدید ترین نوعیت سے مسحور کی صورت پر اچانک پھٹکاری برسنے لگتی ہے۔ چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے۔ آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے بندھ جاتے ہیں۔ چہرے پر ہوائیں نظر آتی ہیں۔ الغرض کہ جس کے چہرے کو دیکھتے ہی زبان پہ بے اختیار استغفر اللہ آ جائے تو اس کا روحانی علاج یہ ہے کہ

سورۃ اعلیٰ (پارہ ۳۰) دس (۱۰) مرتبہ پڑھ کر مسحور کے سر پر دم کی جائے اور اسی سورۃ کو مع بسم اللہ چینی یا شیشے کی سات عدد پلیٹوں پر زعفران سے تحریر کیا جائے۔ لکھتے وقت عود اور جلوتری کا بخور روشن کیا جائے۔ پھر عشب، شہد اور عرق گلاب سے روزانہ ایک پلیٹ دھو کر نہار منہ مسحور کو پلائی جائے۔ ہفتہ عشرہ میں مکمل فائدہ ہو جائے گا۔

اگر کچھ کمی رہ جائے تو اکیس یوم تک مسلسل ایسا ہی کیا جائے۔ ان شاء اللہ مکمل صحت ہو گی۔ سحر جادو کے کلی اثرات بد ختم ہوں گے۔ چہرہ پہلے سے خوبصورت ہو جائے گا۔ بدن صحیح اور جسم کے رگ وریشے معطر ہو جائیں گے۔

اگر کوئی سحر کی وجہ سے لوگوں کی نظروں میں گر جائے اور عہدہ سے معزول ہو جائے

سحر جادو کے بد اثرات یا عملیات کا الٹا اثر ہوا ہو، کوئی بھی وجہ ہو، جس سے یہ حال ہوا ہو، سب کے لیے یہ عمل بے نظیر ہے۔ اس عمل سے متاثرہ شخص کی ہمت بندھ جائے گی اور وہ ان شاء اللہ کھویا ہوا مقام ضرور پائے گا۔

علاج یہ ہے کہ مندرجہ ذیل عمل کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے تحریر کر کے متاثرہ فرد کو تعویذ بنا کر دیا جائے تاکہ وہ اس تعویذ کو اپنے گلے یا بازو میں پہن لے اور یہی عمل دھو کر پلایا جائے۔

عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ ۚ

(فاطر: ۱۰)

اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۖ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ ۖ وَلَا يَئُوْدُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ (البقرۃ: ۲۵۵)

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۖ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ ۖ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس: ۸۱-۸۲)

دفع جادو کے لیے

جس پر جادو ہوا ہو، اس پر پڑھ کر دم کریں اور لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ عَلِيْقًا مَلِيْقًا طَلِيْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا كَافِيًا شَافِيًا ارْتَضٰى مُرْتَضٰى بِحَقِّ يَابُدُّوْحُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۔

سحر جادو، افسون، طلسم، بندش اور ربط کا باطل کرنا

ذیل کا نقش مع ان آیات اور طلسم کے ساتھ تحریر کریں اور اس کو عرق گلاب کی بڑی بوتل میں ڈال دیں اور صبح دو پہر شام مریض کو پینے کو دیں۔ اور اس عرق سے کچھ عرق پانی میں ملا کر مسحور/مربوط/سحر زدہ کو غسل کرنے کو دیں۔ غسل کا عمل صرف ایک مرتبہ اور پینے کا عمل اکیس (۲۱) یوم تک جاری رکھا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سحر جادو، افسون، طلسم، بندش اور ربط کا اثر باطل ہو جائے گا۔ مگر چاہیے کہ ایسا ہی ایک نقش مریض اپنے پاس رکھے تاکہ

آئندہ کسی قسم کے اثرات نہ ہوں۔ نقش آیات معہ طلسم یہ ہے:

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	☆ ف	ااا ج	م ش	# ث	اااا ط	ع خ	G ز	زرگ
[illegible]	ااا ج	م ش	# ث	اااا ط	ع خ	G ز	☆ ف	فرد
[illegible]	م ش	# ث	اااا ط	ع خ	G ز	☆ ف	ااا ج	جبار
[illegible]	# ث	اااا ط	ع خ	G ز	☆ ف	ااا ج	م ش	شکور
[illegible]	اااا ط	ع خ	G ز	☆ ف	ااا ج	م ش	# ث	ثابت
[illegible]	ع خ	G ز	☆ ف	ااا ج	م ش	# ث	اااا ط	ظہیر
[illegible]	G ز	☆ ف	ااا ج	م ش	# ث	اااا ط	ع خ	خبیر
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ (الانعام:۱۲۲)

وَقَدِمْنَاۤ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ (الفرقان:۲۳)

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ (بنی اسرآئیل:۸۱)

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ (یونس:۸۱)

اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ۚ (فاطر:۱۰)

ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ
٦	ھے	م	#	اااا	آاا	☆
ل	م	ق	ف	ن	ج	ل

علاج سحر الخول

سحر الخول کے مریض کو یہ نقش دیں کہ وہ عرق گلاب کی بڑی بوتل میں اسے ڈال دے اور روزانہ صبح و شام اس سے دو، دو گھونٹ عرق پی لیا کرے۔ چالیس یوم تک مسلسل ایسا ہی کرے۔

نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

طَرَقَ سَمْعَكَ النَّصِيْحَةَ

طَرَقَ سَمْعَكَ النَّصِيْحَةَ

طَرَقَ سَمْعَكَ النَّصِيْحَةَ

اور یہ نقش کسی موٹی کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے تحریر کر کے مسحور کو دیں کہ وہ کسی کھلے منہ والے برتن میں نقش کو رکھ کر اس میں ایک پاؤ شہد ڈال دے اور اس سے صبح و شام ایک ایک چمچ شہد کھا لیا کرے۔ ایک ہفتہ بعد اس شہد میں ایسا ہی ایک اور نقش ڈال دیا جائے۔ اسی طرح ہر ہفتہ ایک نیا نقش ڈال دیا جائے اور چھ (٦) ہفتے مسلسل استعمال میں لایا جائے۔ اگر شہد کم ہو جائے تو حسب ضرورت اور شامل کر لیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام سحری اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

يَا حَيُّ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ يَا حَيُّ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ

مسحور کے لئے ضروری ہے کہ وہ چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے **لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ** لاتعداد ورد کرتا رہے۔ خاص طور پر رات کو سوتے وقت اور صبح بیدار ہوتے ہی اور نماز فجر کے بعد ایک تسبیح یہ کلمہ پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

سحر جادو اور ہر مرض کے علاج کے لیے

باوضو قبلہ رو بعد نماز تہجد یا بعد نماز فجر خالص چینی کی بڑی پلیٹ کے حاشیہ پر **آیۃ الکرسی** درمیان میں **قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس، سورہ فاتحہ** اور یہ دعا لکھیں:

يا حي حين لا حي في ديمومة ملكه وبقائه يا حي يا حي

پھر اس پلیٹ کو پانی سے دھو کر ایک پیالہ میں پانی ڈال لیں اور اسے شہد سے میٹھا کر کے چالیس روز مسلسل پئیں۔ اگر زمزم چند قطرے ڈال لیا کریں تو بہت اکسیر ہے۔ ہر قسم کے سحر کے لیے مفید ہے۔

روحانی درسگاہ میں ردِ سحر (جادو کے علاج اور حفاظت) پر کروائے جانے والے بغیر فیس اعمال

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(1)...... عوام کے لئے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

① آیت الکرسی (درجہ اول) ② بنیادی حصار ③ معوذتین (درجہ اول) ④ عمل حفاظت "یاحافظ یاحفیظ" ⑤ درود تنجینا ⑥ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل ⑦ سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل

(2)...... ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لئے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبر شپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے:

① "حصار" کا خاص عمل ② دعائے حزب البحر ③ دعائے حزب النصر ④ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا عمل ⑤ "منزل" (درجہ اول) ⑥ سورۃ الناس کا عمل ⑦ سورۃ یٰسین کا عمل ⑧ ہاتھ سے تشخیص والا عمل ⑨ آیت کریمہ (درجہ اول) ⑩ حسبنا اللہ ونعم الوکیل

(3)...... علمائے کرام کے لئے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں:

① "منزل" (درجہ اول و دوم) ② دعائے حزب البحر ③ دعائے حزب النصر ④ آیت الکرسی (درجہ دوم) ⑤ معوذتین (درجہ دوم) ⑥ قصیدہ طوبیٰ ⑨ عمل تہدیدی نامہ مبارک ⑩ "جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت" کا خاص عمل

(4)...... خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ کسی پرہیز اور ڈر و خوف کے بغیر عمل کریں:

① آیت الکرسی ② بنیادی حصار ③ معوذتین ④ عمل حفاظت "یاحافظ یاحفیظ"

(5)...... روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لئے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ روحانی درسگاہ کے طالب علم درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔

① ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ② آیت کریمہ کا خاص عمل ③ سورۃ مزمل کا خاص عمل

نوٹ: جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کر لے کہ وہ اس زمرے میں آتا ہو، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل لاہور پاکستان
ruhanidarsgah ruhanidarsgah
ruhanidarsgah
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر) 0333-7772775 (صبح 11 سے شام 5 بجے علاوہ جمعہ)
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah
+ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

رمضان المبارک کے دو خاص تحفے

1 اللہ

پہلے گیارہ روز سوا لاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ ہر وقت پڑھتے رہیں اور ساتھ ممکن ہو تو لکھتے رہیں ورنہ جو مناسب طریقہ آپ کو لگے، اس سے حساب رکھیں۔ تہجد کے وقت چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ خانہ کعبہ کا مراقبہ کر کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ خانہ کعبہ کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور خانہ کعبہ پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے چھینٹے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔ پڑھنا ''اللہ'' ہے، ''یا اللہ'' نہیں پڑھنا۔ نیز اللہ کی تشدید پر دھیان دے کر پڑھیں۔

2 صلی اللہ علیہ وسلم

تیرھویں (۱۳) روزے سے سوا لاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ پندرہ (۱۵) دن یا سترہ (۱۷) دن کی نیت کریں۔ پندرہ دن کے حساب سے ستائیسویں (۲۷) روز ختم ہوگا۔ روزانہ اکتیس سو (۳۱۰۰) مرتبہ بوقت تہجد، حضور ﷺ کے روضہ مبارک کا مراقبہ کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ روضہ مبارک کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور روضہ مبارک پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے قطرے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔

دعا گو خالد مقبول حفظہ اللہ سرپرست دار العمل چشتیہ

0320-7772775, 042-35410586 ruhanidarsgah
0333-7772775 ruhanidarsgah97 darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

استاذ العالمین استاذ مکرم حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ کے ردِّ سحر کے مجرب اعمال

مرتب: خالد مقبول حفظہ اللہ

جادو ٹونے سے نجات

ایک بار منزل پڑھ کر چاروں قل پڑھیں پھر سورۂ طارق کی آخری تین آیات اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ﴿١٥﴾ وَاَكِيدُ كَيْدًا ﴿١٦﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿١٧﴾ (الطارق:15-17)

سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے دونوں کانوں پر دم کریں اور یہی عمل ایک بوتل پانی پر دم کر کے مریض کو ایک دن میں پانچ مرتبہ پلائیں۔ ہر نماز کے بعد پلائیں۔ اس عمل کو لگا تار سات روز تک کریں۔ اگر مکمل افاقہ نہ ہو تو مزید سات دن اور جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ جادو ٹونے سے نجات مل جائے گی۔

دفع سحر کے لئے

اگر کوئی شخص سحر کا شکار ہو تو مدینہ کی سات کھجوروں پر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کر کے رکھ لے۔ اور سحر زدہ کو روزانہ ایک کھجور کھلائیں۔ اور اکیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر ایک بوتل پانی میں دم کر کے رکھ لیں۔ روزانہ کھجور کھلا کر یہ پانی مریض کو پلائیں۔ یہ بوتل سات دن تک چلائیں۔ ان شاء اللہ سحر باطل ہو جائے گا اور مریض کو صحت عطا ہو گی۔

برائے دفع سحر

بیساکھ کے اٹھارہ دن کے بعد جب آفتاب برج حمل میں آئے یعنی ۲۱ مارچ سے ۲۱ اپریل کے درمیان اگر بارش ہو تو اس پانی کو محفوظ کر لیں اور مذکورہ پانی پر چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ یٰسین، چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ اور چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر دیں۔ اول و آخر درود شریف بھی پڑھیں۔ اس پانی سے زوال کے وقت سحر زدہ کو زمین میں گڑھا کھود کر نہلائیں اور اس پانی سے لگا تار تین روز تک زوال کے وقت سحر زدہ کو نہلاتے رہیں اور یہی پانی غسل کے بعد پلاتے رہیں۔ ان شاء اللہ سحر سے نجات ملے گی۔

جادو ختم کرنے کا عمل

مریض کے سر سے پیر کے انگوٹھے تک نیلے دھاگے گیارہ (۱۱) عدد لے لیں۔ ان کی چار تہہ کر لیں اور ان دھاگوں پر گیارہ گرہیں لگائیں اور ہر گرہ کے دائرے میں گیارہ گیارہ (۱۱) مرتبہ معوذتین پڑھ کر گرہ لگائیں، اس کے بعد اس ڈورے کو جلتے ہوئے کوئلوں پر ڈال دیں۔ گیارہ (۱۱) دن تک اس عمل کو کریں۔ ان شاء اللہ سحر سے نجات ملے گی۔

گھر سے جادو کے اثرات ختم کرنے کے لئے

اگر کوئی گھر جادو کی لپیٹ میں ہو تو لوبان کو ہاون دستہ میں کوٹ کر یا کسی بھی طرح باریک کر کے اس پر قل اعوذ برب الفلق ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ اور تین دن تک اس لوبان کو پورے گھر میں جلا کر دھونی دیں۔ ان شاء اللہ جادو سے نجات ملے گی۔

عورت پر قادر ہونے کے لئے

بعض لوگوں کو بذریعہ سحر باندھ دیا جاتا ہے اور وہ اپنی بیوی کے ساتھ خلوت نہیں کر پاتے۔ ایسے لوگوں کے لئے بہترین علاج یہ ہے کہ

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿٨١﴾

(بنی اسرائیل:۸۱) لکھ کر کمر میں باندھ دیں۔ اور اس کو چاہئے کہ وہ خلوت سے پہلے نو (۹) مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے پھر نو (۹) مرتبہ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھ کر اپنے

اوپر دم کرلے۔ اس کے بعد خلوت کرے۔ ان شاء اللہ سحر کا اثر باطل ہو جائے گا اور اس مرد کے اندر اہلیت پیدا ہوگی۔ چند بار ایسا کرنے سے پوری طرح بندش سے نجات مل جائے گی۔

کاروبار میں بندش ختم کرنے کا عمل

کاروبار کی جگہ پر طلوع آفتاب سے پہلے پہنچیں۔ ایک مرتبہ قل اعوذ برب الناس پڑھ کر دکان کے دروازے پر دم کردیں۔ پھر پانچ قدم پیچھے لوٹ کر دونوں جوتے اتارلیں اور جوتوں کو ہاتھ میں لے کر تین بار اس طرح جھاڑیں کہ دونوں جوتوں کے تلوے ایک دوسرے سے ٹکرائیں۔ اس عمل کو لگاتار سات دن تک کریں۔ ان شاء اللہ بندش سے نجات ملے گی۔

جادو کا علاج

اگر کسی شخص پر جادو ہو تو سورۂ مزمل ۷ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے سحر زدہ کو پلائیں۔ ان شاء اللہ سحر کا اثر زائل ہو جائے گا۔ اول و آخیر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں، اسی پانی کو اگر مسحور کے چہرے اور سینے پر ملیں تو بہتر ہے۔

جادو سحر کو دفع کرنا

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے القول الجمیل میں سورۂ رحمن کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ سورۂ رحمن کی مندرجہ ذیل آیات جادو کے اثرات کو زائل کرتی ہیں۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے ان آیات کو نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد باوضو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور مریض پر دم بھی کریں۔ اس عمل کو لگاتار گیارہ (۱۱) دن تک کریں۔ ان شاء اللہ اس دوران سحر کے اثرات باطل ہو جائیں گے۔ آیات یہ ہیں۔

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ۭ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۞ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۞ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ڏ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۞ (الرحمٰن:۳۳-۳۵)

مٹی کے گولے والا علاج

پاک وصاف مٹی سے ایک گولہ بنائے جو وزن میں ڈھائی سو گرام کا ہو۔ اس پر سات مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس کو کسی بھٹی میں ڈال دیں۔ جب یہ خوب تپ جائے اس وقت اس کو پانی میں ڈال دیں۔ اور صبح وشام اور دوپہر دن میں ۳ مرتبہ یہ پانی جادو زدہ کو پلائیں۔ ان شاء اللہ جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

دعا یہ ہے: آیت الکرسی دل قرآن آب چلے تو رحمان حلقہ حلقہ سات آسمان سات زمین سات گلی ایک دربان پاؤں رکھے جبرئیل کرم کرے رحمان موجود اس کا کرم موجود بارگاہ رسول اللہ ﷺ کا در کھلا رہے۔ چلا وہ نہ کرے جو جادو کرے سو مرے۔ یہ عمل بھی بے حد مجرب ہے۔

معمولی سحر کا علاج

سحر کا اثر معمولی ہو اور بالخصوص میعاد کے دوران عامل کو خدمت کا موقعہ مل جائے تو عامل کو چاہئے کہ وہ مندرجہ ذیل نقش پر کالی روشنائی سے لکھ کر موم جامہ کے بعد اس کو کالے رنگ کے کپڑے اور کالے ہی رنگ کے ڈورے میں کر کے مریض کو گلے میں ڈلوادے۔ یہ نقش جمعرات کے دن سورج نکلنے سے پہلے پہلے مریض کے گلے میں ڈالیں تو افضل ہے ورنہ جب بھی موقعہ ہو ڈال دیں۔ ان شاء اللہ سحر کے اثرات سے پندرہ دن کے اندر نجات مل جائے گی اور مریض بفضل رب العالمین رو بہ صحت ہوگا۔

۷۸۶

بسم اللہ کے نقش سے جادو کا علاج

بسم اللہ کا یہ نقش بھی جادو سے نجات کیلئے تیر بہدف ہے۔ طریقہ علاج یہ ہے۔ ایک نقش تو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ سات گلاب و زعفران سے لکھ کر سات دن تک روزانہ ایک نقش مریض کو پلائیں اور سات نقش کالے کاغذ پر کچی پنسل سے لکھ کر مریض کے بدن پر مل کر اس کو جلادیں اور مریض کو غسل کرادیں۔ ان شاء اللہ سات دن میں جادو سے نجات ملے گی۔

۲۶۵	۲۵۸	۲۶۳
۲۶۰	۲۶۲	۲۶۴
۲۶۱	۲۶۶	۲۵۹

اسم "یا قہار" سے جادو کے اثرات زائل کرنا

اسم "یا قہار" کا ورد بھی جادو کے اثرات کو زائل کرنے میں بے حد موثر ثابت ہوتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں، اس کے بعد ۱۸۳۶ مرتبہ "یا قہار" پڑھیں۔ آخیر میں گیارہ مرتبہ قرآن حکیم کی آخری دونوں سورتیں پڑھیں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلادیں۔ اس عمل کو بدھ کے دن شروع کر کے گیارہ دن تک لگاتار جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ کیسا بھی سخت سے سخت اور مضر سے مضر جادو ہوگا۔ رفع ہو جائے گا اور مریض کو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے صحت حاصل ہوگی۔

چلتے کاروبار کی بندش کا علاج

آج کل یہ خباثت عام ہوگئی ہے کہ فتنہ پرور اور حاسد قسم کے لوگ چلتے چلاتے کاروبار کو سفلی عمل کے ذریعہ باندھ دیتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اچھا خاصا کاروبار تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ اور انسان کا ہاتھ تنگ ہو جاتا ہے۔ قرض بڑھنے لگتا ہے، گھر میں معاشی تنگی شروع ہو جاتی ہے اور انسان کی عزت داؤ پر لگ جاتی ہے جو شخص یہ محسوس کرے کہ اس کی اور اس کے کاربار کی بندش کردی گئی ہے وہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد "یا منتقم" ۶۴۰ مرتبہ پڑھے گا۔ آگے پیچھے درود شریف سات سات مرتبہ پڑھے۔ اور اس نقش کو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور ایک نقش دکان میں لٹکادے۔ ان شاء اللہ ۲۱ دن کے اندر اندر بندش کھل جائے گی اور برے اثرات سے نجات مل گی۔

۷۸۶

۱۶۵	۱۷۸	۱۷۵	۱۷۲
۱۷۶	۱۷۱	۱۶۶	۱۷۷
۱۷۰	۱۷۳	۱۸۰	۱۶۷
۱۷۹	۱۶۸	۱۶۹	۱۷۴

اسم ذات سے جادو کا علاج

اسم ذات کے ذریعہ بھی اکابرین نے سحر زدہ لوگوں کا علاج کیا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل نقش ۲۱ عدد لکھ کر سحر زدہ کو پینے کیلئے دیئے جائیں اور عصر و مغرب کے درمیان روزانہ ایک نقش مریض کو پلایا جائے اور ایک نقش مربع مریض کے گلے میں ڈالا جائے۔

پلانے والا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۵	۱۸	۲۳
۲۰	۲۲	۲۴
۲۱	۲۶	۱۹

گلے میں ڈالنے والا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱	۴۶	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۴۵
۶	۹	۴۸	۳
۴۷	۴	۵	۱۰

حزب البحر کے نقش سے جادو کا علاج

حزب البحر کا نقش بھی جادو کا اثر زائل کرنے میں تیر بہدف ثابت ہوتا

ہے۔ ۴ نقش لکھے جائیں۔ تین نقش کالی روشنائی سے لکھے جائیں اور ایک نقش زعفران سے لکھا جائے۔ زعفران والے نقش کو بوتل میں ڈال کر پانی بھر دیں پھر مریض کو صبح وشام ۷ روز تک یہ پانی پلائیں۔ ایک نقش مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ ایک نقش مریض کے سرہانے کی طرف باندھ دیں۔ اور ایک نقش مریض جہاں لیٹا ہو اس کے اوپر چھت وغیرہ میں لٹکا دیں۔ ان شاء اللہ سحر سے نجات عطا ہو گی۔

۷۸۶

۱۰۴۶۲۸۶	۱۰۴۶۲۹۹	۱۰۴۶۲۹۶	۱۰۴۶۲۹۳
۱۰۴۶۲۹۷	۱۰۴۶۲۹۲	۱۰۴۶۲۸۷	۱۰۴۶۲۹۸
۱۰۴۶۲۹۱	۱۰۴۶۲۹۴	۱۰۴۶۳۰۱	۱۰۴۶۲۸۸
۱۰۴۶۳۰۰	۱۰۴۶۲۸۹	۱۰۴۶۲۹۰	۱۰۴۶۲۹۵

سچے موتی اور سورۂ فاتحہ سے جادو کا علاج

سات سچے موتی لیں، ہر ایک موتی پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے ایک بوتل میں ڈال دیں اور اس میں پانی بھر دیں۔ یہ پانی مریض کو صبح وشام سات دن تک پلائیں۔ آٹھویں دن موتیوں میں سے ایک موتی کی انگوٹھی بنوا کر مریض کو پہنا دیں اور چھ موتی الگ الگ کنوئیں میں ڈال دیں۔ کنواں مسجد کا ہو تو بہتر ہے۔ ان شاء اللہ جادو کے اثرات زائل ہو جائیں گے اور آئندہ جب تک یہ انگوٹھی انگلی میں رہے گی۔ جادو نہیں ہو سکے گا۔

سفلی جادو توڑنے کے لیے

اگر کوئی شخص سفلی جادو کا شکار ہو تو اس کے لیے یہ عمل بہت مفید ثابت ہوگا۔ کنوئیں کے پانی پر اکیس (۲۱) مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو اکیس (۲۱) روز تک مریض کو صبح وشام پلاتے رہیں۔ اگر پانی بڑھانا ہے تو کنوئیں کا پانی ہی اس میں ڈالیں۔ اور اسی عزیمت کو سرسوں کے تیل پر اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور تیل کو رات کو مریض کے پورے جسم پر ملیں۔ ان شاء اللہ، اکیس (۲۱) دن میں سحر سے نجات ملے گی۔ عزیمت یہ ہے: ''موسیٰ وہارون کی لاٹھی، ٹونا کرنے والے کی ٹوٹے پائی، ساحر پڑے موت کی کھائی، کعبہ کی نظر، بیکار ہوا جادو کا اثر، بسم اللہ اللہ اکبر، لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔''

آیت کریمہ سے جادو کا علاج

آیت کریمہ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ کا نقش ہر مشکل، ہر دشواری اور ہر طرح کے سحر کو رفع کرنے کیلئے اکسیر ثابت ہوتا ہے۔ ایک نقش گلاب وزعفران سے لکھ کر بوتل میں ڈال دیں اور پانی بھر لیں پھر صبح وشام یہ پانی مریض کو پلائیں۔ ایک نقش کالے کپڑے میں کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ، بہت جلد سحر کے اثرات سے نجات ملے گی۔

۵۸۶	۵۹۹	۵۹۶	۵۹۳
۵۹۷	۵۹۲	۵۸۷	۵۹۸
۵۹۱	۵۹۴	۶۰۱	۵۸۸
۶۰۰	۵۸۹	۵۹۰	۵۹۵

استاذ مکرم سید علی حسین شاہ صاحب مدظلہ

پلیدی کھلائے ہوئے جادو کا علاج

جس مرد کو تابع کرنے کیلئے پلیدی پلائی گئی ہو

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض عورتیں اپنے خاوند پر عبور پانے اور انہیں اپنے قبضہ میں کرنے کیلئے انہیں اپنے حیض ونفاس والے کپڑے کا پانی پلاتی ہیں جس سے ان کا خاوند بعض اوقات تو تابعدار بن جاتا ہے لیکن بعض صورتوں میں ایسا نہیں ہوتا اور وہ مرد انجانی بیماریوں کا شکار بن جاتا ہے جس سے اس عورت کو بھی بہت دکھ ہوتا ہے کہ اس نے ایسا کیوں کیا لہٰذا اس کیفیت سے جان چھڑوانے اور مرد کو دوبارہ صحتمند بنانے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھا جائے۔ ایک کو مرد کے گلے میں باندھے اور دوسرے کو سات دنوں تک روزانہ صبح کے وقت چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور گلاب کے عرق سے دھو کر پلائے۔ اللہ کے فضل سے پلیدی کا خاتمہ ہوگا۔ اور مرد دوبارہ ایسا سلوک نہیں کرے گا جس سے اس عمل کو کرنے کی حاجت ہو۔ پھر کتاب میں لکھا گیا نقش اسم الٰہی والا اور حضور نبی کریم ﷺ کے نام مبارک والا ان کو ایک سفید کاغذ کے الٹی اور سیدھی طرف کالی سیاہی سے لکھیں اور اسے اپنے گھر میں فریم کروا کر لگائیں اور اگر خاوند ان چیزوں کو مانتا ہو تو اس نقش کو اس کے تکیے کے نیچے رکھ دے، ہر لحاظ سے کھلائی اور پلائی گئی پلیدگی کا خاتمہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ماھو	من القرآن	وننزل
شفاء	ماھو	من القرآن
ورحمۃ	شفاء	ماھو
للمومنین	ورحمۃ	شفاء

جس مرد نے عورت کو تابعدار بنانے کیلئے پلیدی پلائی ہو

اگر کوئی مرد اپنی عورت کو تابعدار بنانے کیلئے ایسے طریقے کار کو اپناتا ہو جس سے اس کا مقصد اپنی عورت یا کسی غیر عورت کو تابعدار بنانا ہو اور وہ اعمال پلیدی پر مبنی کرتا ہو جس سے اس کا مقصد نہ پورا ہوا ہو اور وہ عورت کسی تکلیف میں مبتلا ہو جائے تو اس کے علاج کیلئے اس نقش کو زعفران سے دوعدد لکھے، ایک کو وہ عورت اپنے گلے میں باندھے اور دوسرے کو کسی چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر روزانہ نہار منہ پیئے۔ اللہ کے فضل سے اس عورت کے اندر جس بھی قسم کی کوئی پلیدی یا نجس چیز گھسی ہوگی، اس کا خاتمہ ہوگا اور وہ عورت دوبارہ تندرست ہوگی۔ اس عمل کو کر لینے کے بعد عورت اپنے نام کے حروف نکال کر تعداد کے مطابق یا بعد نماز عشاء کھلا پڑھے، پڑھنے کی کوئی قید نہیں ہوگی بس پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرکے پیئے (امنت باللہ وملئکۃ و کتبہ ورسولہ والیوم الاخرو والقدر خیرہ وشرہ من اللہ تعالٰی والبعث بعد الموت لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ) کا کثرت سے ورد کرے اور نقش والے پانی پر دم کرکے پیئے۔

ھوالطاھر	ھوالطاھر	ھوالطاھر	ھوالطاھر
ھوالطاھر	ھوالطاھر	ھوالطاھر	ھوالطاھر
ھوالطاھر	ھوالطاھر	ھوالطاھر	ھوالطاھر
ھوالطاھر	ھوالطاھر	ھوالطاھر	ھوالطاھر

عامل کامل استاذِ محترم حضرت مولانا اعجاز احمد خان صاحب مدظلہ کے ردِّ سحر کے مجرب اعمال

مرتب: خالد مقبول حفظہ اللہ

سحر جادو، سفلی کا علاج

اگر خدانخواستہ کسی کو کسی حاسد، دشمن، ظالم نے سحر کرادیا ہو یا جادو کرادیا ہو یا سفلی کرادیا ہو جس کے سبب اس کی آمدنی ختم ہوگئی ہو۔ طرح طرح کی بیماریاں لپٹ گئی ہوں۔ کبھی چکر آتے ہیں، کبھی بھوک نہیں لگتی، کبھی سر میں درد، کبھی اٹھنے بیٹھنے میں تکلیف، کبھی بخار، کبھی نزلہ، کبھی کھانسی، کبھی نیند نہ آتی ہو اور اسی طرح روز ایک نئی تکلیف پیدا ہوجاتی ہو تو ان علامتوں سے پتہ چلتا ہے کہ جادو سفلی کا چکر ہے جس کے سبب کوئی علاج، کوئی دوا اثر نہیں کرتی اور صحت روز بروز گرتی جاتی ہے۔ تجارت میں نقصان، قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہے۔ آمدنی کے ذرائع بند ہوتے جارہے ہیں۔ تو اس کے لئے بروز اتوار باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو ایک بڑی چینی کی پلیٹ یا ایک بڑے کاغذ پر سورہ مزمل (پ 29) لکھے اور پانی میں گھول کر (پانی میں گھولنے والا باوضو ہو) مریض کو وہ پانی چار وقت ایک ایک گھونٹ پلائے، پینے کے اوقات یہ ہیں۔ (۱) اول صبح ناشتہ سے قبل (۲) دن کو گیارہ بجے (۳) سوتے وقت۔ روزانہ لکھ کر پلاتا رہے تو بہتر ہے ورنہ ہفتہ میں ایک مرتبہ لکھ کر پانی میں گھول کر ایک بڑی بوتل میں وہ پانی بھر کر رکھ دے۔ مریض کو اسی بوتل میں سے چار وقت پلادیا کریں۔ اسی طرح چالیس دن مریض کو وقت مقررہ پر پلایا جایا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

دفن شدہ جادو کی کھوج

اگر سحر اور جادو کسی مکان میں دفن ہو لیکن اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو سورۃ الانفطار پ 30 کو ایک مرتبہ باوضو پڑھ کر تازہ پانی پر دم کر کے پورے مکان میں دیواروں پر چھڑکیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں پتہ چل جائے گا کہ جادو فلاں جگہ دفن ہے۔ اسے نکال کر فوراً سمندر میں پتھر باندھ کر غرق کردیں اور گھر آکر نہائیں کہ جادو کے اثرات سے محفوظ رہیں۔ سمندر ہی پر جادو غرق کر کے نہالیں تو زیادہ بہتر ہے۔ یہ عمل نہر، دریا، تالاب، جھیل کے کنارے بھی کیا جاسکتا ہے۔ اگر ایسی جگہ نہ ہو تو جادو کو جنگل میں گڑھا کھود کر دفن کردیں۔ اور واپسی پر پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ خطرہ ہے۔

جادو سفلی کو ختم کرنے کا عمل

اگر کسی حاسد، دشمن، مخالف نے جادو سفلی کرا کے کسی کو پریشانیوں، بیماریوں اور تکالیف میں مبتلا کردیا ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ روزانہ باوضو بعد نماز عشاء قبلہ کی طرف منہ کر کے پاک مصلے پر بیٹھ کر اول گیارہ بار درود شریف نماز والا اس کے بعد سات سو چھیاسی (۷۸۶) بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ پڑھے۔ آخر میں ایک بار پھر درود شریف نماز والا گیارہ بار پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کرے اور دن میں چار مرتبہ مریض کو وہ پانی پلائے۔ پانی پلانے کے اوقات یہ ہیں: (۱) صبح ناشتہ سے قبل۔ (۲) دوپہر گیارہ بجے سے پہلے۔ (۳) بعد نماز عصر۔ (۴) بعد نماز عشاء سوتے وقت۔

پانی اس انداز سے پلائے کہ عشاء کے بعد سب پانی مریض کو پلادے۔ پھر عمل پڑھ کر پانی پر دم کرے اور صبح سے پھر پانی پلانا شروع کردے۔ اسی طرح بلاناغہ چالیس دن یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض جادو سفلی کے عمل سے نجات پائے گا اور تندرست ہو جائے گا۔ اگر مریض کسی نوکری، ملازمت یا دوکان پر جاتا ہے تو ایک چھوٹی بوتل میں پانی ڈال کر لے جائے اور وقت ہونے پر پی لے۔

جادو کا علاج

قیصر احمد بی اے (کراچی)

قدیم سے قدیم جادو صرف پانچ منٹ میں ختم

طریقہ: بیری جسے (سدرہ) بھی کہتے ہیں اس کے سات عدد پتے لے لیں۔ پتے صاف ستھرے ہوں، بیچ سے پھٹے نہ ہوں۔ سات عدد درخت پیپل (نر) کے پتے، اس درخت کے پتے پان کی طرح ہوتے ہیں۔ اس کے پتے کے آخر میں پان کی طرح لمبی نوک نکلی ہوتی ہے اور پان کی طرح لکیریں ہوتی ہیں۔ دوسرا درخت پیپلی کہلاتا ہے۔ اس کے پتے مت لیں ورنہ عمل کارگر نہ ہوگا۔ اس کے بعد ½ چھٹانک کالا دانہ (حرمل، اسپند)۔ یہ تینوں چیزیں ایک پلیٹ میں رکھ کر ایک مرتبہ آیت الکرسی، ایک بار سورۂ الم نشرح اور ایک بار سورۂ فلق اور تین بار سورۂ کوثر پڑھ کر ان تمام پر دم کریں پھر ان کو دو کلو پانی میں ڈال کر جوش کریں۔ جب پانی کا رنگ بدل جائے تو اتار لیں۔ اس کے بعد اس پانی سے نہائیں، کم از کم تین یا چار مرتبہ روزانہ نہائیں۔ آپ اس پانی کا ایک چائے کے چمچ جتنا پانی پی بھی سکتے ہیں، کوئی مضائقہ نہیں۔ ان شاء اللہ پہلے ہی دن جادو ختم ہوجائے گا اور مریض پہلے کی طرح صحت مند چاق وچوبند ہوجائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ (اجازتِ عمل)

خطرناک سے خطرناک و سہارا بن کا جادو دس منٹ میں ختم

طریقہ: مریض کے دونوں کانوں میں مندرجہ ذیل درود شریف اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس درود شریف کو پانی پر دم کرکے مریض کے ماتھے پر پانی ماریں اور یہی دم شدہ پانی مریض کو پلائیں، ان شاء اللہ کیسا ہی جادو ہو دس منٹ میں ختم ہوجائے گا۔ اس کے علاوہ مریض اس درود شریف کو روزانہ صبح اور شام ۱۰۱ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ ان شاء اللہ جادو واپس اسی جادوگر پر پلٹ کر چلا جائے گا، بڑا ہی نایاب عمل ہے۔ اس عمل کی قدر دل وجان سے کرنی چاہیے۔ درود شریف یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ سَيِّدِنَا سَحْرِ دَفْعُ شُوْدِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ. (اجازتِ عمل)

جادو ختم کرنے کا نایاب عمل

جادو واپس جادوگر پر ہی لوٹ جائے

طریقہ: روزانہ صبح وشام سورۂ کوثر ایک سو ایک بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں اور اس آیت کو (۱۰۱) بار پانی پر پڑھ کر دم کر کے پانی پییں۔ ان شاء اللہ خدا کی خدائی یاد آجائے گی۔ مریض صحت مند ہو جائے گا اور ان شاء اللہ تعالیٰ خوشیوں میں نہائے گا۔ (اجازتِ عمل ہے)

جادو کا توڑ

امام شعبیؒ کہتے ہیں کہ جادو کے توڑ کیلئے یہ طریقہ بھی اختیار کیا جاسکتا ہے کہ مریض ایک کانٹے دار درخت کے نیچے چلا جائے مثلاً بیری، کیکر کا درخت اور اس کے دائیں بائیں سے کچھ پتے لے کر انہیں باریک پیس لے، پھر انہیں پانی میں ملا کر اس پر معوذات اور آیت الکرسی ایک ایک بار پڑھ لے اور پھر اس سے غسل کرے۔ ان شاء اللہ جادو ختم ہوجائے گا۔ (فتح الباری۔ ۱۰/ ۲۳۳)

جادو سحر کا توڑ

اگر کسی شخص پر جادو ٹونا کر دیا گیا ہو تو بروز ہفتہ سورۃ المزمل کسی روٹی وغیرہ پر لکھ کر یا لکھوا کر خود وہ کھالے یا کھلا دی جائے۔ ان شاء اللہ جادو ٹونے کا اثر زائل ہو جائے گا۔

برائے دفع سحر

کتاب طب الائمہ میں لکھا ہے کہ جادو ٹونہ سے امان میں رہنے کے لئے نماز شب سے فارغ ہونے کے بعد سات مرتبہ یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا، بِاٰيٰتِنَا، اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ۔

جادو کے اثر کا علاج

اگر کوئی یہ آیت وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ (النسآء:۱۰۰) کسی پاکیزہ برتن میں لکھ کر اسے گھی میں ملا دیں پھر وہ شخص جس پر جادو کیا گیا ہو اسے زبان سے چاٹ لے اور سارا دن یہی عمل جاری رکھے تو ان شاء اللہ جادو کا اثر باطل ہو جائے گا اور زندگی بھر اس پر جادو وغیرہ کا اثر نہیں ہوگا۔

کھلائے ہوئے جادو کو ختم کرنے کے لئے تعویذ

جس شخص کو جادو کے ذریعے پڑھ کر کوئی چیز کھلائی گئی ہو تو اس کے اثر کو زائل کرنے کے لئے اس کی طشتریاں لکھ کر مریض کو دن میں تین بار صبح، دوپہر، شام پلائے، مجرب و آزمودہ ہے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۴۲۳۸	۳۴۲۴۳	۳۴۲۴۰
۳۴۲۳۹	۳۴۲۳۷	۳۴۲۳۵
۳۴۲۳۴	۳۴۲۴۱	۳۴۲۳۶

سحر کے علاج کا عمل

جس شخص پر جادو کیا گیا ہو وہ یہ کلام روزانہ ایک ہزار دفعہ پڑھے "یَا کَافِیَ الْمُوْسِعِ بِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَایَا فَضْلِهٖ" اور چند دنوں تک پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ جادو اثر نہ کرے گا۔

سحر کے دفعیہ کے لئے عزیمت

یہ عزیمت سحر زدہ کے داہنے ہاتھ پر روزانہ سات دن منہ نہار اور باوضو لکھے۔ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً، وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ، وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۔

ان شاء اللہ سحر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

جادو سے نجات کے مجرب اعمال

علامہ عابد عسکری (لاہور)

جادو کا توڑ

تین (۳) مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ اور اکیس (۲۱) مرتبہ سورۃ الناس پڑھ کر پانی پر دم کر کے سحر زدہ شخص کو پلائیں۔ ان شاء اللہ جادو ٹونہ کے تمام اثرات بد دور ہو جائیں گے۔

جادو کا توڑ

زیادہ تر حالات میں جادو کا خیال وسوسہ سے زیادہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا لیکن جادو سے انکار بھی نہیں کیا جا سکتا۔ ایک علم ہے جو قرآن پاک سے ثابت ہے۔ فی الواقع اگر کسی شخص پر جادو کا اثر ہو اور کوئی جاننے والا اس کی تصدیق بھی کر دے کہ جادو کیا گیا ہے، تب یہ علاج کیا جائے۔ بہت سویرے اٹھ کر فجر کی نماز پڑھے اور سورۃ الفلق پڑھتے پڑھتے سمندر، دریا، ندی پار کر لے، دوران سفر بات کرنا منع ہے۔ ندی یا دریا پار کرنے کے بعد پانی کے کنارے مشرق کی طرف رخ منہ کر کے اکڑوں بیٹھ جائے اور انگشت شہادت سے ہامان، ہاروت، ماروت لکھ کر ہاتھ سے مٹا دے، لکھنے اور مٹانے کا یہ عمل ہر حال میں سورج نکلنے سے پہلے کیا جائے۔ کسی جگہ اگر سمندر یا دریا نہ ہوں، وہاں آبادی سے باہر کنویں کے پانی میں اپنے چہرہ کا عکس دیکھے۔

ردِ سحر کا عمل

جس شخص پر جادو کر دیا گیا ہو اس پر سورۃ الکافرون، سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس پڑھ کر پھونک ماریں یا دم کیا ہوا پانی پلائیں یا انہیں کسی کاغذ پر تحریر کر کے تعویذ بنا کر مسحور کے گلے میں ڈالیں۔ بفضلہ تعالیٰ جادو کا اثر باطل ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص تندرستی کی حالت میں یہ چاروں قل پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک مارتے ہوئے جسم پر پھیرے اور ہمیشہ ایسا کرتا رہے تو جادو ٹونے وغیرہ سے بچا رہے گا۔

کافروں نے ساز باز کر کے بعض عورتوں سے جو سحر میں ماہر تھیں، رسول اللہ ﷺ پر جادو کرا دیا تھا، اس کا یہ اثر ہوا کہ آنحضرت ﷺ کا مزاج شریف علیل رہنے لگا اور ردِ سحر کے لیے اللہ تعالیٰ نے سورۃ فلق اور سورۃ الناس نازل فرمائیں۔ ان کی آیتوں کی تعداد بھی گیارہ ہی ہے۔ حضرت جبرائیلؑ کے خبر دینے پر وہ گنڈا کنویں سے نکالا گیا اور ان گیارہ آیتوں کی برکت سے اس کی گیارہ گرہیں خود بخود کھل گئیں۔ اس کے بعد آنحضرت ﷺ بالکل تندرست ہو گئے۔

جادو کا علاج

حسب ذیل آیت پاک کسی پاکیزہ برتن میں تحریر کر کے اسے گھی یا شہد سے دھولیں پھر وہ شخص جس پر جادو کیا گیا ہو اسے زبان سے چاٹ لے اور سارے دن تک یہی عمل جاری رکھیں۔ بفضلہ تعالیٰ جادو کا اثر باطل ہو جائے گا اور زندگی بھر اس پر جادو کا اثر نہیں ہوگا۔

وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ (النسآء ۱۰۰)

جادو کا علاج

اگر کسی شخص پر جادو ہو تو سورۃ مزمل سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے سحر زدہ کو پلائیں۔ ان شاء اللہ سحر کا اثر زائل ہو جائے گا۔ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اسی پانی کو اگر مسحور کے چہرے اور سینے پر ملیں تو بہتر ہے۔

سحر (جادو) کے اثرات زائل ہوں

اگر کسی شخص پر جادو کرا دیا گیا ہو تو سات روز تک نماز عصر کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کیا جائے۔ ان شاء اللہ سحر (جادو) کے اثرات زائل ہو جائیں گے۔

ردِّ سحر کے مجرب اعمال

حکیم حافظ عبدالرؤف (لاہور)

ہر قسم کی رکاوٹ دور ہو

بسا اوقات یوں ہوتا ہے کہ کسی ناراضگی کی بناء پر کسی جائز کام میں تعویذات کے ذریعے رکاوٹ ڈال دی جاتی ہے اور بڑی کوششوں کے باوجود کام نہیں ہوتا۔ ایسی صورت میں اللہ عزوجل سے مدد کا طلبگار ہونا چاہیے اور سورۃ رحمٰن کو ذریعہ بنانا چاہیے لہٰذا اس سورۃ کو گیارہ روز تک گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے اللہ عزوجل راہ میں موجود ہر قسم کی رکاوٹوں کو دور فرما دے گا۔

گھر یا دکان سے نقوش ملیں

اگر کسی کے گھر، دوکان، جیب، دیوار، چوکھٹ کے نیچے، بیٹھنے کی جگہ کے نیچے یا کسی بھی جگہ سے غیر محالہ طور پر کوئی نقش برآمد ہو جس کا سو فیصد مقصد نقصان پہنچانا یا کسی مقصد میں جائز یا ناجائز طور پر کامیاب ہونے سے ہوتا ہے۔ اور ایسے حالات میں اگر ان کا صحیح طریقے سے توڑ یا اپاؤنہ کیا جائے تو یہ نقصان پہنچاتے ہوئے گھر میں ناجائز فتنہ وفساد قائم کر دیتے ہیں۔ اس کے کامل حل اور ان برآمد شدہ نقوش کے مخفی منفی اثرات کو باطل کرنے کیلئے سورۃ فلق وناس دونوں کو دو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو دریا میں بہادے یا نہر میں، چلتا ہوا پانی ضرور ہونا چاہیے۔ بعد اس عمل کے وہیں سے اتنا پانی کسی شے میں بھر کرلائے جو سات دنوں تک استعمال کیا جا سکے، اس پانی کو مٹی کے ایک گھڑے میں ڈال کر اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھے اور اس مٹی کے گھڑے کے اندر ڈال کر سات مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور اس پانی کے چھینٹے اپنے پورے گھر میں لگائے۔ اس عمل کی بدولت ہمیشہ کیلئے اس منفی عمل کے اثرات باطل ہو جائیں گے۔ جو کسی نے کروایا ہوگا۔ اگر اسی عمل کو گھر میں رحمت وبرکت حاصل ہونے اور جادو ٹونے سے محفوظ رہنے کیلئے کیا جائے تو بھی اس کے اثرات سے جادو ٹونہ اور مخفی منفی اعمال کا اثر ہمیشہ کیلئے باطل ہو جاتا ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۸	۱۶۶۱	۱۶۶۴	۱۶۵۱
۱۶۶۳	۱۶۵۲	۱۶۵۷	۱۶۶۲
۱۶۵۳	۱۶۶۶	۱۶۵۹	۱۶۵۶
۱۶۶۰	۱۶۵۵	۱۶۵۴	۱۶۶۵

کاروبار سے دل اچاٹ

جادو کے زور پر حسد وبغض رکھنے والے افراد ایسا جادو یا بندش کروا دیتے ہیں جس سے دکان کے مالک کا دل اُتر تا رہتا ہے اور اس کا دل یہی کرتا ہے کہ وہ دکان کو بیچ دے اور خود یہاں سے بھاگ جائے جب کہ ایسا کرنے میں سب کو اس کا کھلا نقصان نظر آ رہا ہوتا ہے اور خود اس کو بھی معلوم ہوتا ہے کہ اگر وہ ایسا کرے گا تو اس کا بہت نقصان ہوگا۔ ایسا وہی لوگ کرواتے ہیں جو یہ چاہتے ہیں کہ وہ اس جگہ کو چھوڑ دے اور وہ لوگ خود اس جگہ کو خرید کر یا کرائے پر لے کر اس کاروبار کو کریں۔ اس لیے اس عمل کے مکمل خاتمے، کاروبار کے چلنے اور اس مالک دکان کی اس کیفیت کو بدلنے کیلئے چلتا ہوا پانی کسی شے میں اتنا لایا جائے جو کافی دنوں تک استعمال ہو سکے پھر ایک مٹی کے پاک وصاف پیالے میں اس پانی کو ڈالے اور اس پر سات دنوں تک چاروں قل شریف کو رات ایک بجے سو کی تعداد میں پڑھ کر دم کیا کرے، جب آٹھواں دن آئے تو اس پیالے کو تیز آگ کے اوپر رکھ دے، کم از کم آدھ گھنٹہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ پانی سوکھ نہ جائے، اتنا پانی ضرور ڈالے جس سے پانی گرم ہونے کے ساتھ ساتھ سوکھ نہ جائے، پھر اپنے ہاتھ اور پاؤں کے ناخنوں کو کاٹ کر اس پیالے والے پانی میں ڈال دے اور اس پیالے کے منہ مٹی کا ڈھکن رکھ کر ارد گرد موم لپیٹ دے اور اسے کوری مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر سورۃ فاتحہ پڑھتا ہوا دریا یا نہر پر جائے اور اسے اس پانی میں بہادے، جس راستے سے جائے اس راستے سے (بقیہ ص 82)

ردِ سحر کے لئے عظیم عمل

عبدالرؤف بلوچ (کوئٹہ)

علامہ سنوسی نے اپنے مجربات میں اس عمل کو لکھا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص کو یہ شک ہو کہ اس پر کسی نے سحر کیا ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کی طبیعت میں ہمہ وقت اضمحلالی کیفیت رہتی ہے۔ تو اسے چاہیے کہ سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، معوذتین اور مندرجہ ذیل عمل کو شب جمعہ یا بروز جمعہ لکھ کر مریض پہن لے اور دن میں دو مرتبہ صبح و رات (سونے سے قبل) سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، معوذتین اور مندرجہ ذیل عمل کو تین۔ تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ ان شاء اللہ چند ہی دنوں میں سحر سے دائمی جان چھوٹ جائے گی۔ عمل یہ ہے: بسم اللہ الرحمن الرحیم. ویحق اللہ الحق بکلمتہ ولو کرہ المجرمون من المفسدین والمفسدات والساحرین والساحرات ☆ رب الحکم بالحق وربنا الرحمن المستعان علی ماتصفون ☆ اذا الشمس کورت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ واذالنجوم انکدرت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ واذا الجبال سیرت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ واذا العشار عطلت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ واذا الوحوش حشرت ☆ واذا السحار بطلت ☆ واذا البحار سجرت ☆ واذا الاسحار بطلت۔ واذا النفوس زوجت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ واذا الموؤدۃ سئلت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ فلما القوقال موسی ماجئتم بہ السحر . ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لایصلح عمل المفسدین ☆ فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین ☆ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم ☆ قولہ الحق ولہ الملک ☆ حسبنا اللہ و نعم الوکیل ☆ ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ☆ وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد والہ وصحبہ وبارک وسلم۔

جادو و سحر زدہ کے مجرب علاج

ڈاکٹر پیر عبدالروف نقشبندی مجددی (راولپنڈی)

جادو سے نجات کا روحانی نمک

آج کل کے پرفتن دور میں ہر شخص کسی نا کسی پریشانی کے اندر مبتلا ہے۔ اس کی وجہ دین سے دوری ہے۔ ان مشکلات سے نکلنے کیلئے پانچ وقت کیلئے نماز کی پابندی کے علاوہ صدقہ خیرات کیا کریں اور اس کے ساتھ درج ذیل طریقے سے علاج کرنے کا اہتمام کریں۔ خوردنی نمک پر سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 72

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۭ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ (البقرۃ:72)

نو سو انتالیس (۹۳۹) مرتبہ دم کر کے اور متاثرہ شخص کو سالن میں ملا کر کھلائیں۔ ان شاء اللہ جتنی بھی منفی قوتیں ہیں، وہ جاتی رہیں گی۔ یہ عمل جادو کے علاج کا مجرب المجرب عمل ہے۔ یہ قدردانوں کیلئے ایک نایاب تحفہ ہے۔

جادو راستے میں ہی ختم ہو جائے..... جادو سے حفاظت

یہ ان لوگوں کیلئے ایک ایسا نایاب تحفہ ہے۔ جو ہر وقت بیماریوں میں مبتلا ہوں۔ وہ چاہے جادو کے ذریعے سے مسلط کی گئی ہوں یا کسی اور ذریعہ سے۔ جو ہر وقت خوفزدہ ہوں، ان کے حاسدین بہت زیادہ ہوں، جن سے کسی طرح جان نہ چھوٹتی ہو تو پھر اس عمل کی پابندی کریں۔ اسے روزانہ اپنے معمولات میں رکھیں۔ جو جادو اس کی طرف آئے گا وہ راستہ ہی میں ختم ہو جائے گا۔ یہ ان لوگوں کیلئے ایک زبردست ڈھال ہے۔ اس عمل سے جادوگر آپ کا ایک بال بھی متاثر نہیں کر سکے گا۔ یہ آپ کے پاس ایک مضبوط قلعہ ہے، جس سے آپ بے خوف و بے خطر ہو جائیں گے۔ وہ ڈھال ہے یا میت کی۔ روزانہ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

آپ کے تمام مسائل کے حل کیلئے درج ذیل نقوش اپنا ثانی نہیں رکھتے

1 817 خانوں والا تعویذ: سلام قولا من رب رحیم کا یہ تعویذ بالخصوص ہانڈی کے اعمال میں اور بالعموم دیگر بڑے اعمال میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً یہ ٭محبت کی ہانڈی ٭جادو اور عمل یزیدی کی کاٹ کی ہانڈی ٭کالی نظر بد کی کاٹ کی ہانڈی ٭بندش کے توڑ کی ہانڈی ٭گھر، دکان، مکان، سے اثرات بد کی صفائی کی ہانڈی کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسی طرح یہ آپریشن سے حفاظت کیلئے بھی بہت مفید ہے۔ یوں ہی فتوحات، حصول جاہ و منزلت اور فراوانی مال کیلئے بہت ہی مفید و موثر ہے۔

2 786 خانوں والا ملفوظی نقش "نقش تسمیہ": اس نقش کے متعدد فوائد و فضائل ہیں۔ چند مجرب فوائد ذیل میں ذکر کئے جا رہے ہیں۔ عاملین ذیل میں موجود مقاصد کے حصول کیلئے اس نقش کو مریضوں کو استعمال کروا سکتے ہیں ٭کاروبار و تجارت میں برکت و فراوانی ٭گھر، دکان، فیکٹری، آفس وغیرہ سے رکاوٹوں کو ختم کر کے برکت حاصل کرنے کیلئے ٭فتوحات و کامیابی کے حصول کے لیے ٭مقدمہ میں کامیابی کیلئے ٭نوکری و ملازمت کے حصول کیلئے ٭تسخیر خلق کیلئے ٭تسخیر دولت کیلئے ٭بیرون ممالک سفر میں رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے ٭الیکشن / مقابلے میں کامیابی کیلئے ٭قوت باہ اور امساک کیلئے از حد مفید

3 1000 خانوں والا ملفوظی نقش "نقش شفاء امراض": ہزار خانوں والا نقش شفاء، مہلک امراض کیلئے لاجواب و بے مثال ہے۔ بلا مبالغہ اس کی قدر و قیمت و اہمیت کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ یہ نقش ہر قسم کے موذی امراض کیلئے بارہا کا مجرب و آزمودہ ہے۔ عاملین اسے ذیل میں موجود بیماریوں کیلئے بالخصوص اور تمام بیماریوں کیلئے بالعموم استعمال کروا سکتے ہیں ٭کینسر ٭ایڈز ٭فالج ٭لقوہ ٭کالا یرقان ٭پیلیا ٭نظر بد ٭گلٹیاں ٭پتھری ٭جگر کے امراض ٭گردوں کے امراض ٭گلے کی بیماریاں ٭سر درد ٭دائمی قبض ٭شوگر

4 نقش حصار قوی: یہ نقش دراصل ایک مخفی خزانہ تھا جسے اب عام کیا جا رہا ہے۔ یہ قوی ترین حصار بھی ہے اور سینکڑوں مسائل کا حل بھی۔ اس کے متعدد فوائد یہاں ذکر کئے جا رہے ہیں: ☆جس کے پاس یہ نقش ہوگا، اس پر کسی طرح کے جادو بندش کا کوئی اثر نہیں ہوگا ☆قوم جنات کا لشکر کبیر اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا ☆بڑے سے بڑا جادوگر اور عامل عمل سلب نہیں کر سکے گا ☆جناتی و انسانی نظر سے حفاظت رہے گی ☆ارضی و سماوی بلیات و حادثات سے حفاظت ہوگی ☆تمام بڑے امراض مثلاً کینسر، ایڈز وغیرہ بالخصوص دل کی بیماریوں سے شفاء و تحفظ حاصل ہوگا ☆کاروباری و مالی بندشیں ختم ہوں گی ☆بے برکتی و تنگی کا خاتمہ ہو کر برکت و کشادگی حاصل ہوگی ☆تفریق زوجین کے عمل کی کاٹ میں موثر ترین ثابت ہوگا۔ یہ نقش ہر فرد، ہر گھر کی ضرورت ہے، بالخصوص صاحب جاہ و منصب، علماء، خطباء، نقباء، ثناء خواں، وکلاء، عاملین اور کاروباری حضرات کے اپنے تحفظ کے لئے یہ نقش اہم ترین ہے۔ ہر عام و خاص، عامل و غیر عامل کو چاہیے کہ اسے حاصل کرے۔

عاملین کیلئے خصوصی رعایت

اوپر والے 4 نقوش بغیر دم شدہ مکمل پیڈ (200 تعویذ) قیمت: 1200 روپے۔ 100 تعویذ قیمت: 800 روپے۔ فی تعویذ قیمت: 30 روپے

اوپر والے 4 نقوش دم شدہ مکمل پیڈ (200 تعویذ) قیمت: 1800 روپے۔ 100 تعویذ قیمت: 1200 روپے۔ فی تعویذ قیمت: 100 روپے

خوشخبری جو عامل مکمل پیڈ لے گا اس کو تحریری اجازت دی جائے گی، ساتھ ہی دم کرنے کا خاص طریقہ اور تمام طرق استعمال بھی بتلائے جائیں گے۔ جو عامل 100 تعویذ لے گا اس کو بھی دم کرنے کا خاص طریقہ اور تمام طرق استعمال بتلائے جائیں گے۔ یہ عاملین کا مجرب نقش ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

5 تعویذ ہاروت و ماروت: یہ تعویذ جادو، جنات، نظر بد، بندش، اور تفریق زوجین کے عمل کی کاٹ کے لئے تیر بہدف ہے۔ ہر طرح کے اثرات بد و نحوست سیارگان میں یہ بے حد مفید و موثر ثابت ہوا ہے۔

عاملین کیلئے خصوصی رعایت

تعویذ بغیر دم شدہ مکمل پیڈ (800 تعویذ) قیمت: 1200 روپے۔ 100 تعویذ قیمت: 300 روپے

تعویذ دم شدہ مکمل پیڈ (800 تعویذ) قیمت: 1800 روپے۔ 100 تعویذ قیمت: 600 روپے۔ فی صفحہ 8 تعویذ قیمت: 200 روپے

سائیں عبداللطیف دامانی (اسلام آباد)

روحانی علوم میں جادو کا علاج

جادو ایک ایسا خیالی طلسم ہے جس کے وجود کا اتا پتا بے حد مشکل امر ہے۔ امام رازیؒ فرماتے ہیں جادو ثابت اور فی الواقع موجود ہے اور جس پر جادو کیا جاتا ہے، اس پر اس کا اثر ہوتا ہے۔ جادو ان چیزوں میں سے ہے جن کا علم باقاعدہ طور پر سیکھا جاتا ہے۔ جادو فی الحقیقت دنیا میں موجود ہے۔ اس کے متعلق قرآن پاک فرقان حمید میں ارشاد ربانی کچھ یوں ہے:

يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ (البقرۃ:۱۰۲)

''وہ لوگوں کو جادو سکھاتے تھے۔''

جبکہ سورۃ طہٰ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ (طہٰ:۶۹)

''اس کی حقیقت کچھ بھی نہیں یہ تو جادو کا تماشا ہے۔''

جادو، جھاڑ پھونک اور گرہیں لگانے کا نام ہے۔ جس سے دل و جان پر اثر ہوتا ہے جو بیماری کی شکل میں یا موت کی شکل میں یا میاں بیوی کے درمیان جدائی کی شکل میں نمودار ہوتا ہے اور یہ فی الواقع موجود ہے۔ اور اس کی کئی قسمیں ہیں۔ علامہ ابن قیمؒ کے مطابق جادو اثر انداز ہوتا ہے اور واقعتاً موجود ہے۔ علامہ امام نوویؒ کے مطابق جادو حقیقتاً موجود ہے اور کتاب و سنت سے بھی یہ بات ثابت ہے۔

جادو کے متعلق اہم معلومات

1. جادو کی علامات کا مرض کی علامات سے اشتباہ ہو سکتا ہے۔
2. جس شخص پر جادو کیا گیا ہو اگر اس کے معدے میں دائمی درد رہتا ہو تو یہ اس بات کی دلیل ہوتی ہے کہ اسے جادو پلایا یا کھلایا گیا ہے۔
3. قرآنی علاج دو طریقوں کے ساتھ فائدہ مند ثابت ہوتا ہے
   - معالج...... اللہ کی شریعت کا پابند ہو۔
   - قرآنی علاج کی تاثیر پر مریض کو مکمل یقین ہو۔
4. جادو کی بیشتر قسموں میں درج ذیل علامت موجود ہوتی ہے
   ''سینے کی گھٹن خاص کر رات کے وقت۔''
5. جادو کی جگہ کا دو باتوں سے پتہ چل سکتا ہے۔
   - ایک تو یہ کہ خود جن بتادے کہ اس نے فلاں جگہ پر جادو رکھا ہوا ہے اور آپ اس کی یہ بات اس وقت تک درست تسلیم نہ کریں جب تک ایک آدمی بھجوا کر اس کی بتائی ہوئی جگہ سے جادو کی موجودگی یا عدم موجودگی کی تصدیق نہ کروالیں کیونکہ جنوں میں جھوٹ بہت زیادہ پایا جاتا ہے۔
   - مریض یا معالج کسی فضیلت والے وقت میں (مثلاً رات کا آخری تیسرا حصہ) پورے اخلاص اور خشوع و خضوع کے ساتھ دو رکعت نفل ادا کرے اور اللہ سے دعا کرے کہ وہ جادو کی جگہ کے متعلق اسے خبردار کردے۔ آپ کو خواب کے ذریعے یا احساس و شعور کے ذریعے یا غالب گمان کے ذریعے معلوم ہو جائے گا کہ جس چیز پر جادو کیا گیا ہے، وہ کس جگہ پر پڑی ہوئی ہے۔ اگر ایسا ہو جائے تو اللہ کا شکر بجالانا چاہیے۔
6. جادو کے علاج کیلئے آپ کلونجی کے تیل پر بھی دم کر سکتے ہیں جسے مریض متاثرہ جگہ پر صبح و شام مل سکتا ہے۔

صحیحین میں حدیث موجود ہے جس کے الفاظ یوں ہیں

الحبة السوداء شفاء من كل داء الا من السام

کلونجی میں ہر بیماری کا علاج ہے سوائے موت کے۔

عمل آیت الکرسی

مرشدی وسیدی حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب نور اللہ مرقدہٗ جادو کے علاج کے لئے عمل آیت الکرسی تلقین فرمایا کرتے تھے۔ عمل آیت الکرسی یہ ہے: درود شریف تین بار، سورۃ فاتحہ تین بار، آیت الکرسی تین بار، سورۃ اخلاص تین بار، سورۃ الفلق تین بار، سورۃ الناس تین بار، تین بار درود شریف۔ فجر، ظہر اور عشاء کے بعد پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیریں۔ یہ دم مریض پر بھی کیا جا سکتا ہے۔

بعض مشائخ اس میں سورۃ الکافرون کا اضافہ بھی کرتے ہیں۔

جادو سے بچاؤ کا مسنون و مجرب عمل

صبح منہ نہار عجوہ کھجور کے سات دانے کھانا، جادو کا بہترین علاج ہے۔ حضور پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا "جو صبح عجوہ کے سات دانے کھائے گا، اس دن جادو اور زہر نقصان نہیں پہنچاسکیں گے۔" بس پورے یقین کے ساتھ اس نبوی علاج پر عمل کرنا چاہیے۔

جادو کا حرفِ آخر علاج

قرآن پاک کی وہ آیات جنہیں علماء کرام "منزل" کا نام دیتے ہیں، جادو کے علاج میں "حرف آخر" ہیں۔ ان آیات کو پڑھنا، دم کرنا، تعویذ باندھنا......سب ہی کے بے شمار فوائد ہیں۔ نیز ان آیات کو پڑھنے سے اور بھی بہت سارے فائدے حاصل ہوتے ہیں اور دینی و دنیوی مشکلات سے نجات ملتی ہے۔

جادو کا حتمی علاج

قرآن پاک کی آخری دو سورتیں جنہیں معوذتین کہا جاتا ہے، جادو کے علاج میں مغز کی حیثیت رکھتی ہیں یعنی سورۃ فلق اور سورۃ الناس۔ انہیں آیات کے پڑھنے سے حضور اکرم ﷺ کو جادو سے شفاء ملی۔ ادھر ادھر سر مارنے کے بجائے پوری توجہ، محبت، اور یقین سے انہیں پڑھا جائے اور پھر اللہ تعالیٰ پر کامل بھروسہ رکھا جائے۔

جادو کے اثرات سے نجات کا میرا آزمودہ عمل

جادو کے اثرات سے نجات کیلئے آپ میرے آزمودہ طریقے پر عمل کریں۔ ان شاء اللہ آپ کی تمام پریشانیاں اور مسئلے حل ہو جائیں گے مگر اس کیلئے آپ کو تھوڑی سی محنت کرنا ہوگی۔

سورۃ البقرۃ کو ایک خاص انداز سے پڑھنا ہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ جس گھر، دوکان یا کسی فرد پر جادو کا اثر ہو، اس خاندان کا کوئی فرد اس عمل کا آغاز کرے۔ ایک جگہ، ایک وقت مقرر کرلے۔ عمل کرنے کیلئے سب سے بہتر وقت رات کا ہوتا ہے۔

طریقہ عمل: باوضو ہو کر کسی برتن میں پانی ڈال کر اپنے پاس رکھ لیں۔ سات بار درود ابراہیمی نماز والا پڑھ کر پانی پر پھونک ماریں۔ اس کے بعد سورۃ البقرۃ پڑھنی شروع کردیں۔ منہ میں آہستہ آہستہ پڑھنے سے عمل طاقتور ہوگا۔ جب ایک صفحہ مکمل کرلیں تو پانی پر پھونک ماریں۔ اسی طرح باقی سورۃ البقرۃ مکمل کریں اور ہر صفحہ پلٹنے پر پانی پر پھونک ماریں۔

جب سورۃ مکمل ہو جائے تو تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر تین پھونکیں مار کر پانی پر دم کرلیں۔ آخر میں دوبارہ سات بار درود ابراہیمی نماز والا پڑھ کر دم کریں۔ عمل مکمل ہو گیا۔

دم کیا ہوا پانی گھر کے ہر فرد کو کم از کم تین گھونٹ پلانا ہے۔ اگر جادو سخت کیا گیا ہو تو روزانہ اکتالیس (۴۱) دن تک یہی عمل کریں ورنہ عام حالت میں گیارہ (۱۱) دن یہ عمل کافی ہے۔ اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ جس نے آپ پر جادو کیا ہے، یہ جادو اس کی طرف واپس پلٹ جائے تو یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک آپ کو یقین نہ ہو جائے کہ جادو واپس پلٹ گیا ہے۔

اس عمل کے دوران اگر اچانک خوشبو آنا شروع ہو جائے یا گھر میں چلنے کی آوازیں آئیں تو گھبرانے کی ضرورت نہیں بلکہ یہ عمل کے کامیاب ہونے اور خوش بختی کی علامت ہے۔ میں خود سات ماہ تک سورۃ البقرۃ پڑھتا رہا ہوں۔

آپ اس کی برکت کا اندازہ اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ اس عمل کے دوران مجھے نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔

آخر میں ادارہ خزینہ روحانیات کی پوری ٹیم کی صحت و سلامتی اور روحانی ترقی کیلئے دعا کریں۔ اور مجھ گنہگار کو بھی دعاؤں میں یاد رکھنا۔

سورۂ مزمل سے جادو کی کاٹ اور علاج

مولانا علی آفاق (ناظم روحانی علاج گاہ)

آج میں حسب الحکم والا ارشاد سیدی مرشدی حضرت خالد مقبول صاحب دامت برکاتہم سورت مزمل کے کمالات کتابوں کی بجائے انہی کے فیض کے دریا سے جو موتی میں نے چنے ہیں اور لوگوں کو نفع پہنچانے کا سلسلہ عرصہ 15 سال سے جاری ہے، اس کے چند واقعات پیش کر رہا ہوں۔ سورت مزمل قرآن پاک کی وہ واحد سورۃ مبارک ہے جو روحانی علوم میں دنیا کے ہر جائز کام اور مقصد کے لئے استعمال میں لائی جاسکتی ہے۔ نکاح کی بندش ہو یا روزگار کی پریشانی، بیوی کو غم کا مسئلہ ہو یا شوہر کو بیوی سے کوئی شکایت اور تکالیف، دشمن تکلیف پر کمربستہ ہو یا پھر والدین کی بے جا مداخلت کی وجہ سے گھر خراب ہونے، ٹوٹ جانے تک کی نوبت آچکی ہوں۔ ہر حال میں سورت مزمل کے موکلات بابرکات آپ کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ آپ قرضوں کی زیادتی سے پریشان ہوں، نوکری میں پروموشن اور ترقی کی ضرورت، تنخواہ میں اضافے کی طلب ہو، مالک، گاہک، پڑوسی یا دیگر افراد بدزبانی، بدکلامی، بے عزتی اور ہتک آمیز رویہ رکھتے ہوں، ہر حال میں یہ سورت آپ کا بازو تھام لیتی ہے۔ آپ کے کندھے پر رحمت کی تھپکی دیتی ہے۔ کسی بھی مشکل مرحلے مثلاً بیرون ملک سفر کی بندش ہو، بیرون ملک پہنچ کر وہاں پر مستقل سکونت ایک مسئلہ اور دردسری ہوئی ہو۔ ہماری بہن بیٹی کو شوہر اور اس کے گھرانے ساس، سسر اور نندوں سے طلاق تک بات پہنچانے کی کوشش کرتے ہوئے آگ کو بھڑکایا جا رہا ہو۔ طلاق کے کاغذات کی تیاری اور وکیل سے مشورہ سمیت یونین کونسل میں معاملات نوٹس بھجوانے تک بات پہنچ رہی ہو۔ شوہر ناراض ہو کر جادو کے اثرات اور جنات کی گھر میں موجودگی کی بنا پر بیوی میکے بھیج چکا ہو اور واپس لانے کے لئے کسی صورت آمادہ نہ ہو۔ شوہر سے بارہا کے منت ترلے واسطے خدا اور رسول ﷺ کے تمام باتیں اور پنچایت میں ناکامی کا منہ دیکھ چکی ہوں۔ کاروبار زوال کا شکار ہو، بند ہو رہا ہو، دیوالیہ ہو رہا ہو۔ گاہک دکان، مکان، دفتر، سکول وغیرہ کی طرف نا کرتے ہوں۔ ان تمام حالات میں سورۂ مزمل سے علاج زبردست اور کارگر ہے۔ یہاں تک تو سارے مریض، کتب بینی کرنے والے خزینہ روحانیات اور دیگر قارئین تسلیم کرتے ہیں۔ مگر ایسی لڑکی جو اپنی عمر کے کم از کم 13 سنہرے سال ضائع کر چکی ہو۔ رشتہ نہ آنے، اگر رشتہ آنے کی بات چلے تو عموماً وہ لوگ مقررہ وقت پر نہ آئیں، جو آئیں وہ عمر کی زیادتی اور بڑھ جانے کی بات بنا کر اور کھا پی کر واپس چلے جائیں۔ اور بیٹی اور ماں کو زبردست نفسیاتی تکلیف کا شکار کر جاتے ہوں۔ بوڑھی ماں اور باپ اب ناامیدی اور رونے دھونے، سسکیاں لینے کے علاوہ کچھ نہ کر پاتے ہوں۔ ہر علاج، ہر معالج، ہر کوشش مٹی ہو جائے۔ ایسے میں میرے ساتھ ان کا رابطہ ہوا۔ میں نے علاج شروع کیا، حالات درست ہوئے مگر رشتہ طے نہ ہوا۔ اس موقع پر مرشد کریم سے عرض کیا تو حضرت نے سورۃ مزمل کا فرمایا کہ ان کو سورت مزمل کا روزانہ 21 مرتبہ 21 دن تک پڑھنے کا کہو۔ اس عمل کے شروع کرنے سے پہلے گوشت کا صدقہ مخصوص تعداد میں خاص طریقے پر پڑھ کر رکھنے کا کہو۔ اور آخر میں بھی صدقہ کرو، 21 دن کے عمل کے بعد اس مریضہ کے ہمسائے میں ہی اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے دل میں ڈالا اور بات آناً فاناً طے ہوگئی اور صرف 15 دن کے اندر رشتہ طے ہوگیا۔ اس ساری صورتحال اور واقعات سے مقصود یہ ہے کہ نسبت کا بڑا اثر ہے۔ عمل تو میرے پاس حضرت کا عطاء پہلے بھی تھا۔ مگر اب ارشاد ہوا تو نیٹ ورک ایکٹو ہوگیا۔ اور دنوں میں انہونی کے طور پر سارے معاملات درست ہوگئے۔ وہ شادی جو پچھلے 13 سال سے رکی ہوئی تھی۔ دشمن گھرانہ اور تایا، چاچا کے گھر والے رشتے کے خلاف مسلسل جادو کروا رہے تھے۔ صرف 21 دن میں ناکام ہو کر مسلط کردہ جنات گرفتار ہو کر کیفر کردار تک پہنچ گئے۔ آپ اگر مریض ہیں تو ادارے سے لے کر عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ اگر عامل ہیں تو اجازت لے کر فائدہ اٹھائیں۔

سورت مزمل کی کرامات و برکات کا ایک واقعہ مزید عرض کرنا مناسب

سمجھتا ہوں۔ ایک مرتبہ ایک قاری صاحب نے سرگودھا کی طرف فون پر یہ درخواست کی کہ آپ کا یوٹیوب چینل دیکھتا ہوں، اس میں اچھے اور آسان وظائف ہوتے ہیں۔ میں کوئی ایسا عمل کا طالب ہوں جس کی برکت سے معاشی پریشانی، تکلیف اور غم غلط ہو جائے۔ اور میں اپنے ادارے میں بچوں کے اخراجات اور ان کی ضروریات کے لئے لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلانے کی شرمندگی اور ذلت سے محفوظ ہو جاؤں۔ میں نے ان کو سورت مزمل روزانہ 21 مرتبہ 21 دن تک پڑھنے کا بتایا اور اس حوالے سے کچھ میٹھا پکا کر تقسیم کرنے اور بچوں کو کھلانے کا کہا۔ انہوں نے وہ صدقہ کر کے عمل شروع کر دیا۔ پانی پر دم کرتے اور روزانہ پیتے اور مدرسے کے پاک کونے میں چھڑکتے رہے۔ 21 دن کے بعد جب ان کو درپیش جادو، جنات، نظر بد سمیت ہر قسم کے وہ حالات جن کی وجہ سے پیچیدگی پیدا ہو رہی تھی۔ حالات کشیدہ اور پریشان تک تھے۔ سب ہی ختم ہو گئے۔ اس کے بعد مرشد کریم کا عطاء کردہ سورت مزمل شریف اور "یامغنی" "سلسلہ چشت کا برکت والا عمل ان قاری صاحب کو 41 دن کروا کر، نیاز تقسیم کروا کر معمول میں رکھنے کا عرض کر دیا۔

اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ جو مدرسہ اور مسجد تعمیر ہو کر نہیں دے رہی تھی۔ جو بچے بھیک مانگ کر روٹی کے چند ٹکڑے اکٹھے کر پاتے تھے۔ جو اساتذہ مہینوں تنخواہوں کے لئے بے چین اور بے قرار ہو کر ناامیدی اور مایوسی تک جا پہنچے تھے۔ اب بروقت تنخواہ کی وصولی اور کھانے کی آسانی اور عافیت اور عزت کے ساتھ فراہمی اور وافر مقدار میں حصول کے ساتھ بروقت حصول پر قاری صاحب کو دعاؤں میں یاد رکھتے ہیں۔

ایک آخری واقعہ عرض کر کے بات کو سمیٹتے ہیں۔ کراچی سے ایک اچھی عمر کے فرد نے فون پر شکایت کی کہ میں بے روزگاری کے مسائل کے گرداب میں پھنسا ہوا ہوں۔ جہاں نوکری کی تلاش میں جاؤں وہاں سے صرف تسلی اور آپ کو جلد بلائیں گے کے وعدے پر ٹرخاوے کے علاوہ کچھ نہیں ملتا۔ ساتھ ہی میرا جوان بیٹا بھی جاب کی تلاش میں پورے کراچی کی خاک چھان چکا ہے۔ حالات فاقوں، قرضوں کی زیادتی، ندامت اور شرمندگی تک جا پہنچے ہیں۔ اب ناامیدی اور مایوسی کی حدوں کو چھونے تک نوبت آچکی ہے۔ میرے دل میں فوری طور پر ان کے جادوزدہ دکان کی صفائی اور وہاں پر بچھائی گئی روحانی طور پر جادو کی مائنز (بارودی سرنگ) کی طرف توجہ گئی۔ مسئلہ ان صاحب کے ساتھ یا ان کے بیٹے کے ساتھ نہیں تھا بلکہ جادو کی وہ بارودی سرنگیں بچھانے اور ان کے لئے نگران کے طور پر سفلی مخلوقات کی ڈیوٹی پر موجود ہونے کی وجہ سے معاملات ٹس سے مس نہیں ہو رہے تھے۔ یہ سفلی مخلوقات صبح کو ان کے ساتھ دفاتر میں جاتے تھے اور فائل اتھارٹی کو بدظن کر کے یس والے معاملے کو "نو" میں تبدیل کروا دیتے تھے۔ دونوں باپ بیٹا کو "سورت مزمل" الگ الگ 41 مرتبہ روزانہ 41 دن پڑھنے کی تلقین کی۔ اس کا صدقہ گوشت والا دلوایا اور 2 ماہ کے اندر مجھے فون پر خوشخبری آگئی کہ مجھے اور میرے بیٹے کو نوکری مل گئی ہے۔ اور گھریلو ناچاقی، پیچیدگیاں اور جھگڑے بھی ختم ہو چکے ہیں۔ میں نے صدقے ادا کرنے اور ادارے کے لئے دعا کرنے کی درخواست کی اور آئندہ ضرورت مندوں کے کام آنے کا وعدہ لے کر رخصت کر دیا۔

آیات برائے ردِ جادو سحر

محمد عارف

درج ذیل آیات کو مسحور صبح و شام تین تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیرلے۔ ساتھ ہی پانی پر بھی دم کرے۔ یہ پانی سارا دن پینا ہے، صبح و شام مسحور کی استعمال والی جگہ (صرف پاک جگہ) پر چھڑکنا ہے۔ ان شاء اللہ، اکیس (۲۱) یوم میں ہر قسم کا سحر ختم ہو جائے گا۔ اکیس (۲۱) یوم بعد روزانہ ایک ایک مرتبہ صبح و شام کا معمول تازندگی بنائیں۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِیْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ (الاعراف:۱۳۹)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَاِذْ یَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآىِٕفَتَیْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَیْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَیُرِیْدُ اللّٰهُ اَنْ یُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَیَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِیْنَ ۙ لِیُحِقَّ الْحَقَّ وَیُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۚ (الانفال:۷-۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِیَمِیْزَ اللّٰهُ الْخَبِیْثَ مِنَ الطَّیِّبِ وَیَجْعَلَ الْخَبِیْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَیَرْكُمَهٗ جَمِیْعًا فَیَجْعَلَهٗ فِیْ جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۠ (الانفال:۳۷)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِیْنَتَهٗ عَلَیْهِ وَاَیَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِیْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْیَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ (التوبہ:۴۰)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْیَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَیْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْیَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ لَا یَزَالُ بُنْیَانُهُمُ الَّذِیْ بَنَوْا رِیْبَةً فِیْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّاۤ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ۠ (التوبہ:۱۰۹-۱۱۰)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ لَیْسَ لَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖؗ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِیْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ (ھود:۱۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِیَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّیْلُ زَبَدًا رَّابِیًا ؕ وَمِمَّا یُوْقِدُوْنَ عَلَیْهِ فِی النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْیَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَیَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا یَنْفَعُ النَّاسَ فَیَمْكُثُ فِی الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ (الرعد:۱۷)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ تَرَ كَیْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَیِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَیِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِی السَّمَآءِ ۝ تُؤْتِیْۤ اُكُلَهَا كُلَّ حِیْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّهَا ؕ وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِیْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِیْثَةِ ِۨاجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ (ابراہیم:۲۴-۲۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قَدْ مَكَرَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْیَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَیْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ

مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ (النحل:۲۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ (بنی اسرآئیل:۸۰-۸۱)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ؕ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ (الانبیآء:۱۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾ (الحج:۶۲)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ (الفرقان:۲۳)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۖ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ؕ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ (العنکبوت:۴۱)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اِنَّ رَبِّیْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۴۸﴾ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ﴿۴۹﴾ (سبا:۴۸-۴۹)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِیَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِیَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ (المؤمن:۷۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ﴿۴۱﴾ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾ (حم السجدة:۴۱-۴۲)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ ؕ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۴﴾ (الشورٰی:۲۴)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾ (الجاثیۃ:۲۷)

نوٹ: اس عمل کی اجازت روحانی علاج گاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور سے حاصل کریں۔ کوئی حدیہ یا فیس نہیں ہے۔

ردِّ سحر کے مجرب اعمال

صوفی محمد ایاز اسلمی اویسی مدظلہ (کراچی)

ردِ سحر

اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ (یٰس:۳)

جنون، ہسٹیریا کے مریض یا ایسے شخص جس کو سحر کے ذریعہ پاگل کر دیا گیا ہو، اسے صبح و شام یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ مریض خود پڑھے یا پڑھ کر دم کر کے پلایا جائے۔

سحر سے چھٹکارا

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ (یٰس:۷-۹)

اگر کوئی سحر میں مبتلا ہو تو اسے چاہئے کہ بعد نماز فجر اکتالیس (۴۱) مرتبہ یہ آیات پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر پھیر لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کیسا ہی سحر ہو گیارہ روز میں نجات مل جائے گی۔

سحر و جادو کا ایک روز میں خاتمہ

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ (المؤمن:۱-۳)

ان آیات کو تانبے کی تختی پر لکھ کر لوبان اور کندر گوند کی دھونی دیں۔ پھر ایک بڑے برتن میں پانی ڈال کر لکھی ہوئی تانبے کی تختی کو اس پانی میں دھو دیں تاکہ آیات اس پانی میں شامل ہو جائے۔ اب اس پانی کے تین حصے کر لیں۔ پہلے حصے میں کپڑا بھگو کر گھر کی دیواریں اور دروازے صاف کریں۔ اس کے بعد صاف پانی سے نہالیں اور دوسرے حصے میں کپڑا بھگو کر پورے جسم کو اس سے صاف کر لیں اور پھر آخری بچے ہوئے تیسرے حصے کو تین (۳) روز تک پینا ہے۔ اس عمل کی برکت سے ہمہ قسم کے جادو، جنات، سحر، نظر و نحوست کے اثرات سے گھر پاک ہو جائے گا اور اگر اس عمل کے بعد اس کا تعویذ گھر کے دروازے پر چسپاں کر دیا جائے تو دوبارہ کبھی اس گھر میں اس طرح کے اثرات داخل نہ ہوں گے۔ یہ عمل نہایت مجرب و تجربہ شدہ ہے۔

دفع سحر

ایسا سحر جو کھلایا پلایا گیا ہو یا اگر سحر کی وجہ سے مریض کو بیہوشی کے دورے پڑتے ہوں تو مندرجہ ذیل نقش پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر صبح نہار منہ مریض کو پلائیں اور ایک عدد مزید نقش لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکا دیں۔ انہیں آیات کو سات (۷) روز تک مسلسل تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور جب پیاس لگے یہی پانی پئیں۔

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ	وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا	وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا	فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ
۹۱۷	۲۰۰۰	۳۰۱۵	۴۴۶
۱۹۹۹	۹۱۴	۴۴۹	۳۰۱۶
۴۴۷	۳۰۱۷	۱۹۹۸	۹۱۵

مجرب اعمالِ ردِ سحر

سید ظہور حیدر جارچوی

جادو کا اثر زائل ہو

سورۃ طٰہٰ روزانہ پڑھنے سے جادو کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔

سورۃ فلق سے جادو کا علاج

جادو اتارنے کے لیے سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ نقش گلے میں ڈال دے۔

۷۸۶

۲۱۶۸	۲۱۷۱	۲۱۷۵	۲۱۶۱
۲۱۷۳	۲۱۶۲	۲۱۶۷	۲۱۷۲
۲۱۶۳	۲۱۷۷	۲۱۶۹	۲۱۶۶
۲۱۷۰	۲۱۶۵	۲۱۶۳	۲۱۷۶

سورۃ ناس سے جادو کا علاج

جادو اتارنے کے لیے سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ نقش پاس رکھیں۔ بلکہ سورۃ فلق اور سورۃ ناس لکھ کر گلے میں پہنادو۔

۷۸۶

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۲۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

جادو سحر دفع کرنے کے لیے

جادو سحر دفع کرنے کے لیے سورۃ یونس کی آیات سحر زدہ پر پڑھے اور اس کے گلے میں ڈال دے۔ طشتری پر لکھ کر دھو کر پلادے۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس: ۸۱-۸۲)

جادو اتارنے کے لیے

ایک کٹورے یا گہرے برتن میں پانی لے کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر چھری کی تیز دھار پر دم کر کے چھری کو پانی میں رکھ دو اور سورۃ قریش

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاۗءِ وَالصَّيْفِ ۝ تک پڑھ کر پانی چھری سے کاٹو اور سورۃ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ڏ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝ تک پڑھ کر پورا کرلو اور چھری کی نوک سے مریض کے سر، بازوؤں، سینے اور کمر پر X کی طرح کاٹا جائے۔ اور یہ عمل اکتالیس (۴۱) مرتبہ کرے۔ بعد عمل اسی پانی کے چھینٹے مریض پر مار دو اور تھوڑا سا پلادو۔ باقی پانی اسے دے دو، گھر لے جائے اور اس دن کے علاوہ چالیس (۴۰) دن پیے۔ کسی دن ناغہ نہ کرے۔ پانی کم ہونے لگے تو پاک پانی اور ملا لیا جائے۔ جادو کا اثر اتر جائے گا۔

روحانی علاج کے لئے دم شدہ اشیاء برائے روحانی مریض و معالجین

روحانی اگربتی برائے دفع نحوست: نحوست کسی بھی قسم کی ہو، اس جگہ پر رہنے والوں اور کاروبار کرنے والوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ طریقہ استعمال ہمراہ دیا جائے گا۔ **قیمت: 200 روپے**

روحانی اگربتی برائے حصول برکت: دکان، کاروبار، فیکٹری اور گھر میں حصول برکت کیلئے اور بے برکتی دور کرنے والی لاجواب اگربتی۔

قیمت: 200 روپے

روحانی اگربتی برائے دفع جادو و جنات: جادو، جنات، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی و بے چینی، لڑائی جھگڑے، مسلسل ناکامیوں کے لیے بہت مفید روحانی اگربتی۔ **قیمت: 150 روپے**

روحانی تیل (1) برائے دفع جادو/جنات: جادو اور جنات کے دورہ والے مریضوں کیلئے پیام شفاء ہے۔

قیمت: 200 روپے 200ml

روحانی تیل (2) برائے سکون: اگر کسی کو دماغی خشکی کے سبب سے یا کسی اور مرض کے باعث نیند نہیں آتی تو روحانی دکان میں دستیاب "روحانی تیل نمبر 2" استعمال کریں۔ **قیمت: 290 روپے 50ml**

روحانی تیل (3) برائے دفع درد ہر قسم: روحانی تیل (3) ایک خاص قسم کا تیل ہے جو چوٹ لگ جائے، موچ آجائے یا جسم میں کہیں درد ہو تو اُسے آناً فاناً ٹھیک کرتا ہے۔ **قیمت: 210 روپے 50ml**

روحانی تیل (4) برائے تقویت دماغ: دماغ میں کمزوری آجانے سے پست ہمتی، حافظہ کی کمزوری آجاتی ہے۔ ایسے مریض روحانی تیل نمبر 4 استعمال کریں۔ **قیمت: 220 روپے 50ml**

روحانی تیل (5) برائے اعصاب: اعصابی کمزوری ایک بہت بڑا مرض ہے جس کو فوراً ختم کرتا ہے۔ **قیمت: 220 روپے 50ml**

روحانی تیل (6) برائے آسیبی مریض: جس کی اندر حاضری ہوتی ہو یا حاضری چاہے کسی بھی مخلوق کی ہو، اس روحانی تیل کے استعمال سے مریض کے اندر وہ مخلوق حاضر ہونے سے گھبرانا شروع ہو جاتی ہے اور اس کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ **قیمت: 200 روپے 220ml**

روحانی تیل (7) برائے مرگی، جنون، پاگل پن: مرگی کے مریض کے لئے بہت ہی موثر و مفید ہے۔ جنونی کیفیت میں مبتلا مریض کے لئے بھی بہت ہی فائدہ مند ہے۔ **قیمت: 500 روپے 220ml**

روحانی تیل (9) برائے دفع جنات: جنات کے اثرات کو جسم سے چن چن کر ختم کرتا ہے۔ جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کو ختم کرتا ہے۔ **قیمت: 200 روپے 220ml**

روحانی نمک (۱) برائے پیٹ درد: ہر قسم کے پیٹ درد کے مریضوں کے لیے مفید نمک۔ پیٹ درد کی تمام علامات میں مفید۔ پیٹ درد کی تمام موجوبات کو ختم کرتا ہے۔ **قیمت: 60 روپے**

روحانی نمک (۲) برائے زبان بندی دشمن: اگر کوئی ایسا شخص ہو جس کی زبان کی وجہ سے لوگ بہت تنگ ہوں تو اس کے لیے خاص نمک تیار کروائیں۔ روحانی نمک مہینے میں صرف ایک دن تیار کیا جاتا ہے۔ جو لوگ تیار کروانا چاہیں، رابطہ کریں۔ **قیمت: 600 روپے**

روحانی چینی ۱ (برائے محبت): ہر کوئی ایک دوسرے کا دشمن بنا ہوا ہے، ایک گھر کے افراد میں محبت پیدا کرنے اور حسن سلوک سے ساتھ رہنے کے لئے روحانی چینی اپنی مثال آپ ہے۔ **قیمت: 500 روپے**

روحانی آبِ شفاء (برائے جنات): یہ پانی کسی بھی قسم کے جناتی اثرات سے نجات کے لیے بہت مفید ہے۔ اس روحانی پانی کا اگر گھر میں چھڑکاؤ کیا جائے تو ہر قسم کے جناتی اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔ پیکنگ: آدھا لیٹر **قیمت: 50 روپے**

روحانی آبِ شفاء (برائے جادو و جنات): یہ پانی کسی بھی قسم کے جادو اور جناتی اثرات سے نجات کے لیے بہت مفید ہے۔ یہ روحانی پانی جادو و جنات

سے متاثرہ ہر جگہ پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پیکنگ: آدھا لٹر **قیمت: 50 روپے**

روحانی آبِ شفا (برائے مہلک و لاعلاج امراض): ایسے تمام مریض جن کو ڈاکٹرز اور طبیبوں نے لاعلاج قرار دے دیا ہے ان کے لیے روحانی آبِ شفا ایک شفا کی امید ہے۔ پیکنگ: آدھا لٹر **قیمت: 50 روپے**

روحانی بخور برائے دفع نحوست: نحوست کسی بھی قسم کی ہو، اس جگہ پر رہنے والوں اور کاروبار کرنے والوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ جس کا خاتمہ یہ روحانی بخور کرتا ہے۔ طریقہ استعمال ہمراہ دیا جائے گا۔ **قیمت: 500 روپے**

روحانی بخور برائے حصول برکت: دکان، کاروبار، فیکٹری اور گھر میں حصول برکت کیلئے اور بے برکتی دور کرنے والی لاجواب اگربتی۔

قیمت: 500 روپے

روحانی بخور برائے دفع جادو و جنات: جادو، جنات، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی و بے چینی، لڑائی جھگڑے، مسلسل ناکامیوں کے لئے بہت مفید روحانی اگربتی۔ **قیمت: 500 روپے**

عطر حاضری: جنات و آسیب کے متاثرہ ایسے مریض، جن کے اندر یہ مخلوق حاضر ہوتی ہو، ان کو حاضر کرنے کے لئے خاص دم کیا ہوا عطر۔

قیمت: 200 روپے

عطر حفاظت: قرآنی آیات، اسماء الحسنیٰ، درود شریف اور عاملین کے مخصوص اعمال کا دم شدہ خاص حفاظت کا عطر، جس کو استعمال کرنے سے جادو، جنات سے حفاظت ہوگی (ان شاء اللہ تعالیٰ)۔ **قیمت: 250 روپے**

عطر تسخیر: روحانی عطر تسخیر ایسے افراد کے لئے جو کسی بھی وجہ سے محفل کی جان بنتے ہوں اور بار بار تنزلی کا شکار ہو جاتے ہوں۔ **قیمت: 250 روپے**

روحانی پھکی: پیٹ درد، گیس، بدہضمی، قبض، بھوک کی کمی، متلی، ابکائیاں، قے وغیرہ کے لئے تیار کردہ خاص پھکی۔ **قیمت: 50 روپے**

روحانی ڈوری برائے اثرات بد: یہ روحانی ڈوری ہر طرح کے بد اثرات سے نجات اور حفاظت کے لئے بہت مجرب ہے۔

قیمت: 1100 روپے

روحانی شہد (برائے شوگر): شہد کے ویسے تو بے شمار فوائد ہیں۔ اگر دم کیا ہوا شہد شوگر جیسے موذی مرض کیلئے استعمال کیا جائے تو بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ پیکنگ: 250 گرام **قیمت: 800 روپے**

تعویذ خیر و برکت: جگہ پر لگانے کا بڑے سائز (A4) کا تعویذ۔ قرآنی سورتوں اور آیات، احادیث کی دعاؤں، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم، درود شریف اور عاملین کے خاص اعمال سے تیار کردہ ایک خاص تعویذ۔ جس جگہ پر لگایا جاتا ہے، وہاں خیر و برکت ہوتی ہے، نحوست کے اثرات دور ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ **ھدیہ: 750 روپے**

تعویذ بغض و جدائی: جائز جگہ پر دو افراد کے درمیان جدائی کا خاص تعویذ جو اسلامی مہینے کی آخری منگل کو تیار کیا جاتا ہے۔ **ھدیہ: 500 روپے**

روحانی تعویذ (برائے جادو جنات): گھر سے جادو جنات کو نکالنے کے لئے خاص روحانی تعویذ حاصل کریں۔ اس تعویذ پر خاص عاملین کا دم کیا جاتا ہے۔ **ھدیہ: 500 روپے**

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

عاملین کے ردِّ سحر کے اعمال

خواجہ حضرت حسن نظامی رحمۃ اللہ علیہ

ردِ سحر کا خاص حصار

اگر کسی شخص کے متعلق یہ شبہ ہو کہ اس پر کسی نے جادو کیا ہے تو اس اثر کو دور کرنے کے لیے حزب البحر کا ایک حصار استعمال کرنا چاہیے۔ مگر یہ حصار وہی شخص استعمال کرسکتا ہے جو حزب البحر کا نصاب دے چکا ہو اور عامل ہو۔

حصار کی ترکیب یہ ہے کہ بیمار کو یعنی جس پر جادو ہونے کا شبہ ہو، اس کو چت لٹا دیا جائے۔ پاؤں مشرق کی طرف ہوں اور سر مغرب کی طرف اور عامل شمال کی طرف پشت کرکے مریض کے سامنے بیٹھ جائے۔ اور ایک دفعہ خـتـ کہہ کر مریض کے سر کی طرف اشارہ کرے۔ اور دوسری دفعہ خـتـ کہہ کر مریض کے پاؤں کی طرف اشارہ کرے۔ تیسری دفعہ خـتـ کہہ کر مریض کے دائیں طرف یعنی جنوب کی طرف اشارہ کرے۔ پھر چوتھی دفعہ خـتـ کہہ کر بائیں طرف شمالی رخ اشارہ کرے۔ پھر پانچویں دفعہ خـتـ کہہ کر مریض کے اوپر ہاتھ لے جا کر آسمان کی طرف اشارہ کرے۔ اور پھر چھٹی دفعہ خـتـ کہہ کر مریض کی طرف انگلی سے اس طرح اشارہ کرے کہ انگلی زمین کی طرف جھکی ہوئی ہو۔ پھر ساتویں دفعہ خـتـ کہہ کر تالی بجائے۔ اس طرح سات (۷) دفعہ یہ عمل کیا جائے یعنی ہر دفعہ ساتوں اشارے ہوں۔ خدا نے چاہا، سات (۷) روز میں جادو کا اثر بالکل جاتا رہے گا اور اگر اس کے بعد بیمار اچھا نہ ہو تو سمجھنا چاہیے کہ جادو نہیں ہے بلکہ کوئی بیماری ہے کیونکہ چاہے کیسا ہی سخت سے سخت جادو ہو، اس عمل سے لازمی طور پر سات (۷) دن میں ضرور ضرور جاتا رہے گا۔ یہ عمل مجرب ہے اور میں اس کی عام اجازت دیتا ہوں۔

پروفیسر رانا ثناء اللہ خان

سحر (جادو) کا علاج

اگر کسی شخص پر سحر کا اثر ہو تو سورۂ ناس کو دو سو ایک (۲۰۱) دفعہ پڑھے اور دم کرے۔ اللہ تعالیٰ اس سورۃ کی برکت سے ہر قسم کے برے اثرات ختم فرمادے گا۔

الحمد والے شاہ جی (کراچی)

سخت جادو سحر سے نجات

سخت سے سخت سفلی عمل سے متاثرہ شخص کیلئے تیر بہدف عمل ہے۔ شرط یہی ہے کہ ساعت اور چاند کی تاریخ اور رجال الغیب کا پورا خیال رکھا جائے۔

بارش کا پانی اتنی مقدار میں لینا چاہیے کہ کسی کو نہلایا جاسکے۔ جمعہ کے دن ایسے سات درختوں کے پتے لے جائیں، جن کا پھل کھایا نہ جاتا ہو۔ ان سات پتوں کے اوپر کالی روشنائی اور قلم سے یہ آیت لکھیں۔

پارہ نمبر 11 سورۂ یونس کی آیت نمبر 82-81-80- یہ پتے اس بارش کے پانی میں ڈال دیں اور مسحور کو اس پانی سے نہلا دیں۔ ان شاء اللہ سخت سے سخت جادو، سحر جاتا رہے گا۔ ہر عمل کا طریقہ ہوتا ہے..... توجہ ہو، خلوص ہو، یقین پختہ ہو تو کامیابی بھی ضرور ملے گی۔ ان شاء اللہ

محمد الیاس صاحب

جادو کے اثرات کا خاتمہ

جو کوئی یہ چاہے کہ اس پر جادو کا اثر نہ ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. وَاُمۡلِىۡ لَهُمۡ‌ ؕ اِنَّ كَيۡدِىۡ مَتِيۡنٌ ۝ (القلم:۴۵)

لکھنے کے بعد موم جامہ کر کے تعویذ کی طرح بازو پر باندھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جادو کا وار نہ چلے گا اور جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

غلام الرسول میمن عائلی رحمہ اللہ

سحر ختم ہو اور دوبارہ اثر نہ ہو

اگر کسی گھرانے پر سحر کیا جاتا ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیات لکھ کر اس گھر میں آویزاں کیا جائے اور روزانہ ۹۲ بار ان آیات کو ورد میں رکھا جائے تو ہر قسم کا سحر باطل ہو جائے گا اور کبھی بھی اثر نہیں کرے گا۔

سَحَرُوۡۤا اَعۡيُنَ النَّاسِ وَاسۡتَرۡهَبُوۡهُمۡ وَجَآءُوۡ بِسِحۡرٍ عَظِيۡمٍ ۝ (الاعراف:۱۱۶)

فَوَقَعَ الۡحَـقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ‌ ۝ (الاعراف:۱۱۸)

۷۸۶

۳۳۴۲	۱۴۴۴۴	۲۰۴	۱۰۳۲۵۵۷	۴۲۰۸
۱۰۳۲۵۵۵	۴۲۱۱	۳۳۴۰	۱۴۴۴۲	۲۰۷
۱۴۴۴۰	۲۰۵	۱۰۳۲۵۵۸	۴۲۰۹	۳۳۴۳
۴۲۱۲	۳۳۴۱	۱۴۴۴۳	۲۰۳	۱۰۳۲۵۵۶
۲۰۶	۱۰۳۲۵۵۴	۴۲۱۰	۳۳۴۴	۱۴۴۴۱

وفق = ۱۰۵۴۷۵۵

سحر باطل کرنا

اگر کوئی شخص بطلان سحر کے عمل کا متلاشی ہو تو اس سے بڑھ کر دنیائے علوم روحانیہ میں کوئی بھی قرآنی عمل موجود نہیں ہے۔ کسی بھی مسحور کے لئے اس وفق معظم کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اس کو پہننے کے لئے دے دیں اور ان آیات کو ایک سو گیارہ بار پڑھ کر اس پر دم کریں اور اسی وفق کو لکھ کر ایک ہفتہ تک متواتر اسے پلائیں، باذن اللہ وہ سحر سے نجات پائے گا۔

مَا جِئۡتُمۡ بِهِ ۙ السِّحۡرُ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبۡطِلُهٗ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِيۡنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الۡحَـقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ ۝

۷۸۶

۱۸۳۹	۷۵۹۳	۱۰۷	۵۲۴۷۸۴	۱۶۵۶
۵۲۴۷۸۲	۱۶۵۹	۱۸۳۷	۷۵۹۱	۱۱۰
۷۵۸۹	۱۰۸	۵۲۴۷۸۵	۱۶۵۷	۱۸۳۰
۱۶۶۰	۱۸۳۸	۷۵۹۴	۱۰۶	۵۲۴۷۸۳
۱۰۹	۵۲۴۷۸۱	۱۶۵۸	۱۸۳۱	۷۵۹۰

وفق = ۵۳۵۹۷۹

سید رشید احمد اجمیری

برائے دفع سحر و جادو

اگر کسی کو کسی نے جادو کیا ہو تو یہ نقش پیالے میں لکھ کر گھول کر پلائے اور تین روز متواتر ایسا ہی کرے۔

یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
یاکمال	یارحمٰن	یاعلی	یااللہ	یاکریم	یارحمٰن
علی	علی	علی	علی	بلدہ	ام
ی	ی	ح	مجید	ع	ع
ام	اللہ	رسول	محمد	الااللہ	لاالہ
م	م	م	م	ولد	علی

جادو اور سحر کا عمل

اگر کوئی شخص جادو یا سحر میں مبتلا ہو تو اس کو سورۂ مزمل شریف کو لکھ کر اور

دھو کر پینے سے صحت ہو۔

حافظ محمد اکبر رسول آبادی مدظلہ

جادو کی کاٹ

اگر کسی شخص کے مکان یا دکان یا کسی بھی قسم کے کاروبار پر جادو کیا گیا ہو تو روزانہ باوضو صبح کے وقت اکیس (۲۱) بار سورۂ فلق اور اکیس (۲۱) بار سورۂ ناس پڑھ کر دم کریں اور سورۂ تغابن کثرت سے پڑھیں۔

بندش کا علاج

اگر کسی دشمن نے آپ کی بچیوں کے رشتہ کو باندھ دیا ہو اور ان کی شادی میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہوں تو سب سے پہلے بچیوں کو نماز کی پابندی کرنے پر مجبور کریں۔ اور ہر نماز کے بعد سورۂ فلق اور سورۂ ناس اکیتر اکیتر (۷۱) بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ نیت یہ ہو کہ بندش ختم ہو جائے۔ اور اس مقصد کے لیے آخر میں دعا کریں۔ اگر اتنا نہ پڑھ سکیں تو کسی ایک نماز کے بعد پڑھیں۔

ڈاکٹر محمد زبیر چشتی

برائے دفع سحر

◦◦ سورۂ فلق اور سورۂ ناس لکھ کر اپنے پاس رکھیں یا ان کو پڑھتے رہیں تو سحر سے نجات حاصل ہوگی۔

◦◦ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر اور دھو کر پئیں تو سحر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

◦◦ ستر (۷۰) مرتبہ سورۂ فلق اور سو (۱۰۰) مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر اس پر دم کر دیں۔ اثر زائل ہو جائے گا، ان شاء اللہ۔

پیرزادہ سید محمد مبین ہاشمی مدظلہ

جادو کا علاج

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿۶۸﴾ وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَیْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾ فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿۷۰﴾ (طٰہٰ: ۶۸-۷۰)

اگر کسی کو شک ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے تو گیارہ دن تک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ نیز پانی پر دم کر کے سحر زدہ کو پلایا جائے۔

حکیم صوفی فاروق جان مجددی قادری

جادو کا حملہ واپس کرنے کے لیے

جادو کا حملہ واپس کرنے کے لیے یہ عمل پڑھے

بسم اللہ کی سلی — قل ھو اللہ کا تیر
جس نے بھیجا بیر — لوٹ کلیجا چیر
بحق لا الہ الا اللہ — محمد رسول اللہ ﷺ

جادو سحر توڑنے کے لیے

روزانہ نہار منہ ایک تعویذ پیئے۔

۷۸۶

۳۴۲۴۰	۳۴۲۴۳	۳۴۲۳۸
۳۴۲۳۵	۳۴۲۳۷	۳۴۲۳۹
۳۴۲۳۶	۳۴۲۴۱	۳۴۲۳۴

ابوالکاشف کشفی قلندریؒ

جادو کے اثرات کا خاتمہ

جس پر جادو کا وار چل گیا ہو تو باوضو حالت میں ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر فوری طور پر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ علاوہ ازیں اکیس یوم تک روزانہ عرق گلاب وزعفران۔ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر شہد کے شربت سے دھو کر روزانہ نہار منہ مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّمَا	صَنَعُوا	كَيْدُ	سَاحِرٍ	وَلَا يُفْلِحُ	السَّاحِرُ	حَيْثُ اَتٰى	فَأُلْقِيَ
صَنَعُوا	كَيْدُ	سَاحِرٍ	وَلَا يُفْلِحُ	السَّاحِرُ	حَيْثُ اَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ
كَيْدُ	سَاحِرٍ	وَلَا يُفْلِحُ	السَّاحِرُ	حَيْثُ اَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا
سَاحِرٍ	وَلَا يُفْلِحُ	السَّاحِرُ	حَيْثُ اَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا	قَالُوا اٰمَنَّا
وَلَا يُفْلِحُ	السَّاحِرُ	حَيْثُ اَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا	قَالُوا اٰمَنَّا	بِرَبِّ
السَّاحِرُ	حَيْثُ اَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا	قَالُوا اٰمَنَّا	بِرَبِّ	هَارُوْنَ
حَيْثُ اَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا	قَالُوا اٰمَنَّا	بِرَبِّ	هَارُوْنَ	مُوْسٰى
فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا	قَالُوا اٰمَنَّا	بِرَبِّ	هَارُوْنَ	مُوْسٰى	إِنَّمَا

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

صوفی دلاور حسین قادری چشتی

اگر کسی پر جادو کردیا گیا ہو

گیارہ مرتبہ لکھ کر گیارہ دنوں تک پلائے اور ایک اس کے بازو پر باندھ دے، بالکل صحت حاصل ہوگی۔ اگر کوئی پاگل ہو تو چالیس دن تک دھو کر پلائے صحت پائے گا۔ نقش مکرم یہ ہے:

۲۴۶	۲۶۰	۲۵۷	۲۵۴
۲۵۸	۲۵۳	۲۲۷	۲۵۹
۲۵۲	۲۵۵	۲۶۲	۲۴۸
۲۶۱	۲۴۹	۲۵۱	۲۵۶

واپسی سحر

اگر کوئی شخص اس دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور ہر نماز کے بعد ورد کرے گا۔ اگر کسی شخص نے اس پر جادو کیا ہوگا تو کرنے والے پر لوٹ جائے گا اور تمام جنات شیاطین اور انسانوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ سَدَدْتُ اَفْوَاہَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالسَّحَرَۃِ وَالْاَبَالِسَۃِ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّیَاطِیْنِ وَیَلُوْذُبِہِمْ بِاللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْاَعَزِّ وَبِاللّٰہِ الْکَبِیْرِ الْاَکْبَرِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

دافع سحر

کسی قسم کا سحر ہو درمیان عصر و مغرب کے بلا تسمیہ الم ترکیف پوری سورۃ ۴۱ بار پانی پر دم کر کے پیئے۔ ان شاء اللہ صحت ہو۔ کم از کم چالیس روز کریں۔

کراماتِ جفر

لوحِ ردِّ جادو ٹونہ سحرِ خاص

محمد اسد اللہ سلیمانی (جھنگ)

قارئین خزینۂ روحانیات کی خدمت میں خاص عمل لے کر حاضر ہوا ہوں جو کہ جادوٹونہ سحر کے توڑ کے متعلق ہے۔ آپ اگر کسی بندش کا شکار ہیں، مثلاً کاروبار کا نہ چلنا، ہر وقت گھر میں بلاوجہ لڑائی جھگڑے کا ہونا، بیماری سے جلد شفا نہ ملنا، شادی میں رکاوٹ یا آئے ہوئے رشتے کا دوبارہ نہ آنا، دکان پر گاہک نہ ہونا، بیرون ملک سفر میں بندش کا ہونا وغیرہ..... تو یہ لوح استعمال کر سکتے ہیں۔

طریقہ عمل

نوچندی جمعرات کو علیحدہ پاک و صاف کمرے میں داخل ہو کر بخور خوشبودار سلگائیں۔ اور رجال الغیب کو پشت پر رکھیں۔ پھر ساعت مشتری میں مشک و زعفران و عرق گلاب سے مندرجہ ذیل دو الواح مبارکہ لکھ کر درج آیات مبارکہ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھ کر الواح پر دم کر دیں۔ اس طرح اکتالیس (۴۱) روز کرنا ہے۔ اور ہر جمعرات کو حضرت علیؓ کی نیاز دلا کر بچوں میں بانٹ دیں۔ پھر بعد میں علیحدہ علیحدہ دونوں الواح کو چاندی میں بند کرا کے ایک اپنے پاس رکھ لیں اور دوسری گھر میں لٹکائیں۔ ان شاء اللہ ہر طرح کی بندش و سحر وغیرہ سے تحفظ رہے گا۔ آیات مبارکہ یہ ہیں:

۱)... بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. فَوَقَعَ الۡحَقُّ وَبَطَلَ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوۡا ہُنَالِکَ وَانۡقَلَبُوۡا صٰغِرِیۡنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلۡقِیَ السَّحَرَۃُ سٰجِدِیۡنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوۡۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوۡسٰی وَہٰرُوۡنَ ﴿۱۲۲﴾

(الاعراف: ۱۱۸-۱۲۲)

۲)... بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. فَلَمَّاۤ اَلۡقَوۡا قَالَ مُوۡسٰی مَا جِئۡتُمۡ بِہِ ۙ السِّحۡرُ ؕ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبۡطِلُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِیۡنَ ﴿۸۱﴾ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الۡحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوۡ کَرِہَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ ﴿۸۲﴾

(یونس: ۸۱-۸۲)

۳)... بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. اِنَّمَا صَنَعُوۡا کَیۡدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا یُفۡلِحُ السّٰحِرُ حَیۡثُ اَتٰی ﴿۶۹﴾ فَاُلۡقِیَ السَّحَرَۃُ سُجَّدًا قَالُوۡۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ ہٰرُوۡنَ وَمُوۡسٰی ﴿۷۰﴾ (طٰہٰ: ۶۹-۷۰)

لوح مبارکہ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

حفیظ رقیب وکیل	۱۸۹۳	۱۳۸۲	ذوالجلال والاکرام لطیف
۱۳۸۳	۱۴۴۸	۱۳۷۷	۱۸۳۱
۱۴۴۷	۱۳۸۰	۱۸۳۳	۱۳۷۸
حافظ علی مقتدر	۱۳۷۹	۱۴۴۶	عظیم قادر قیوم

میکائیل

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

نوٹ: جن عاملین کے کام بند ہوں یعنی لوگ نہ آتے ہوں، بندش ہو تو مندرجہ بالا خاص عمل میں حل موجود ہے۔ ان شاء اللہ وقت آنے پر طریقہ لکھوں گا۔ اجازت عمل ضرور لیں۔

روحانی درسگاہ کی تفصیل

جادو سے نجات کے اعمال

شیخ فیض محمد چشتی قادری

جادو سے نجات

سورۂ فاتحہ، سورۂ فلق اور سورۂ ناس ۴۱، ۴۱، ۴۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلادیں اور دم کردیں اور اگر اثر نہ ہو تو ستر، ستر مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلادیں اور مریض پر بھی پھونک دیں۔ اگر اثر نہ ہو تو ایک ایک سو مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کردیں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلادیں، ان شاء اللہ تعالیٰ مریض تین دن کے عمل سے ٹھیک ہوجائے گا۔ یہ عمل صبح اور رات میں کرنا ہے۔

اس کے بعد البتہ ۱۱ سے ۲۱ دن تک روزانہ بلاناغہ صبح اور رات کو صرف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر مریض پر دم کردیا کریں اور بعینہ چہرے پر بھی دم کردیا کریں۔

جادو سے نجات

تعویذ بغداد شریف پر گیارہ سو مرتبہ درود حل المشکلات پڑھ کر موم جامہ کر کے ایک سرہانے اور ایک تعویذ گلے میں ڈال لے۔ تعویذ جہاں سینے کی ہڈیاں جڑتی ہیں اس سے تھوڑا نیچے رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

درود حل المشکلات:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِيْ اَدْرِكْنِيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ۔

جادو دور ہوجائے

صبح نہار منہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس صرف تین تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ پی لیا کرے۔ ان شاء اللہ جادو ختم ہوجائے گا۔

برائے سحر

سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی، آخری چاروں قل سات سات بار پڑھ کر سحر زدہ پر دم کرے اور پانی پر بھی دم کر کے مریض کو پلائے۔ یہ عمل سات دن تک مسلسل کیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوجائے گا۔

دفع سحر

سورۂ فلق اور سورۂ ناس پانی پر سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے سحر زدہ کو پلائیں۔ ان شاء اللہ مریض صحت یاب ہوجائے گا۔

جادو سے نجات

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ

سات مرتبہ پڑھ کر کشتی میں سوار ہو کر دریا کو عبور کرلیں۔ کشتی یا لانچ یا بحری جہاز میں بیٹھ کر خشکی پر اتر جائیں بصورت دیگر سمندر ہی کی سیر کرتے رہیں اور کشتی وغیرہ میں سوار ہو کر اور خشکی میں اتر کر بھی۔ گیارہ مرتبہ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ پڑھ لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جادو ٹونے سے نجات مل جائے گی۔

برائے مسحور

کورے اور پاک صاف برتن میں پاک صاف پانی لے کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ

تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی مسحور کو پلادے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر جاتا رہے گا۔

سحر دور

اگر کسی شخص پر جادو کیا گیا ہے تو مندرجہ ذیل آیت مبارک لکھ کر مسحور کو پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سحر ختم ہوجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ

جادو سے نجات کے لیے ایک صدری نقش

اظہر عنایت شاہ (کوہاٹ)

جادو کے لیے عملیاتی کتب میں بے شمار نقوش ہیں۔ ہر نقش اپنی جگہ ایک اثر رکھتا ہے۔ کوئی زیادہ موثر کوئی کم موثر۔

نقش ھذا بھی جادو کے لیے ایک صدری نقش ہے۔ جو اس دعویٰ کے ساتھ پیش کیا جارہا ہے کہ یہ نقش آپ کو کسی عملیاتی کتب میں موجود نہیں ملے گا اور نا ہی کسی عامل کے پاس ملے گا اور نا ہی یہ خود ساختہ یا خود وضع کردہ ہے بلکہ روحانیات کی طرف سے اس عاجز کو عطا کردہ ہے۔ اللھم لك الشکر ولك الحمد۔

بعد از تجربہ مفید ثابت ہونے پر آپ احباب کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ پہلے نقش ملاحظہ فرمائیں۔ پھر نقش کی چال اور طریق استعمال بتایا جائے گا۔

نقش کی چال

1. پہلے چار دائرے بنائیں۔
2. پھر ان میں بارہ خانہ بنائیں۔
3. پھر چاروں طرف بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھیں جس طرح لکھی ہوئی ہے۔
4. پھر پہلے دائرے کے اوپر ان اللہ سیبطلہ کو مفرد لکھیں۔ ان اللہ سیبطلہ کل 12 حروف۔
5. پھر دوسرے دائرے کے اوپر لا الہ الا اللہ کو مفرد لکھیں۔ لا الہ الا اللہ کل 12 حروف۔
6. پھر تیسرے دائرے کے اوپر محمد رسول اللہ کو مفرد لکھیں۔ محمد رسول اللہ کل 12 حروف۔

اب نقش کی تاثیر زیادہ کرنے کے لیے ایک تسبیح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ان اللہ سیبطلہ

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

پڑھ کر نقوش پر دم کر دیں، نقش مکمل ہے۔

طریقہ استعمال

کل بارہ (۱۲) نقوش بنائیں۔ ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالوادیں۔ گیارہ (۱۱) نقوش پینے کے لیے ہیں۔ جس کا طریقہ کار یہ ہے کہ ایک نقش رات کو ایک یا ڈیڑھ لیٹر یا جتنا مریض پی سکے، میں نقش ڈالیں۔ صبح اٹھ کر نہار منہ تھوڑا سا پی لیں، ناشتے سے پہلے تھوڑا پی لیں۔ اسی طرح پورا دن تھوڑا تھوڑا کر کے رات سونے سے پہلے تک وہ پانی ختم کرلیں۔ وہ نقش بوتل سے نکال کر دوسرا نقش ڈال دیں۔ اسی طرح سب نقوش استعمال کریں۔

ان شاء اللہ، گیارہ (۱۱) یوم کے اندر اثرات ختم ہوں گے۔ اگر کوئی کسر رہ گئی ہو تو مزید کچھ نقوش طاق عدد میں دے دیں۔

واضح ہو کہ مرض کی مناسبت سے پینے کے نقوش اکیس (۲۱) اور اکتالیس (۴۱) کی تعداد میں بھی دے سکتے ہیں۔ عاملین حضرات کے لیے یہ انتخاب کرنا کچھ مشکل نہیں ہوتا۔

جادو کا قرآنی تدارک

خضر عباس پیاسی (راجن پور)

سحر جادو کے اثرات دور کرنے یعنی کاٹ یا اتارا کرنے کیلئے ایک عمل پیش خدمت ہے۔ واضح رہے کہ اکثر خطوط میں اور بالمشافہ ملاقات میں خواتین کو یہ کہتے سنا ہے کہ بہت پڑھائی کی لیکن جادو سے چھٹکارا نہیں ملا۔ میں آپ پر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ کم عرصے کے سحری اثرات پڑھائی سے دور ہو جاتے ہیں۔ لیکن دیرینہ سحر جادو صرف پڑھائی کرنے سے ہرگز دور نہ ہوگا۔ اس کیلئے نقش یا لوح کا بنانا بہت ضروری ہوگا اور نقش یا لوح تیار کرنا باقاعدہ ایک علمی فن ہے۔

ستاروں کی نظرات، بخورات کا استعمال، ستاروں کی مناسبت سے صدقات کی ادائیگی اور لوح یا نقش پر پڑھائی دم وغیرہ کا خاص اور اہتمام کیا جانا ہی تاثیر کا سبب بنتا ہے۔ بصورت دیگر بے اثری کا شکوہ رہے گا۔

لوح مبارکہ پر ذیل کا عمل ورد کر کے دم کریں۔ بعد ازاں لوح یا نقش سفید ریشمی کپڑے میں بند کر کے اپنے پاس محفوظ کر لیں۔

گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (الانبیاء۸۷)

گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ یَااللّٰهُ وَاحْفَظْنَا فَاِنَّكَ خَیْرُ الْحَافِظِیْنَ

روزانہ بعد نماز عشاء ذیل کا عمل اپنا معمول رکھیں۔ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔

(۱) درود شریف .... گیارہ (۱۱) مرتبہ۔

(۲) الحمد شریف .... گیارہ (۱۱) مرتبہ۔

(۳) آیت الکرسی .... گیارہ (۱۱) مرتبہ۔

(۴) سورہ عبس .... گیارہ (۱۱) مرتبہ۔

(۵) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (الانبیاء۸۷) .... گیارہ (۱۱) مرتبہ۔

(۶) یَااللّٰهُ وَاحْفَظْنَا فَاِنَّكَ خَیْرُ الْحَافِظِیْنَ گیارہ (۱۱) مرتبہ۔

(۷) درود شریف .... گیارہ (۱۱) مرتبہ۔

ان شاء اللہ لوح مبارکہ اور عمل کی برکت سے پرانے سے پرانا سحر جادو، خاتمہ ہوگا۔

٧٨٦ — اللہ — اللہ

١٧١٠٨ / ١٣٣	١٧١٠٠ / ١٢٧	١٧١٠٦ / ١٣٢
١٧١٠٢ / ١٢٩	١٧١٠٥ / ١٣١	١٧١٠٧ / ١٣٣
١٧١٠٤ / ١٣٠	١٧١٠٩ / ١٣٥	١٧١٠١ / ١٢٨

حمعسق — کھیعص

عکس لوح مبارکہ گلے میں ڈالنے کیلئے

٧٨٦

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

٧٩٠ / ٥٩٣	٧٩٣ / ٥٩٦	٧٩٧ / ٥٩٩	٧٨٣ / ٥٨٥
٧٩٦ / ٥٩٨	٧٨٤ / ٥٨٦	٧٨٩ / ٥٩٢	٧٩٤ / ٥٩٧
٧٨٥ / ٥٨٧	٧٩٩ / ٦٠١	٧٩١ / ٥٩٤	٧٨٨ / ٥٩١
٧٩٢ / ٥٩٥	٧٨٧ / ٥٩٠	٧٨٦ / ٥٨٨	٧٩٨ / ٦٠٠

یااللہ واحفظنا فانک خیر الحافظین

عکس لوح مبارکہ گھر یا کاروباری جگہ پر رکھیں

سحر جادو کا علاج

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ (سورۃ الرحمٰن ۳۳)

ستر (۷۰) بار اس آیت کو پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مکان و دکان یا جس جگہ جادو کا اثر ہو اس جگہ چھڑکیں۔ مکان اور دکان کی دیواروں پر چھینٹے ماریں۔ آدمی پر ہو تو دم کر کے پانی پلائیں۔

ردِّ سحر کے اعمال

سید ذیشان نظامی (جہلم)

میاں بیوی میں جدائی کے سحر کا علاج

اگر جادو کے زور سے یہ حالت ہوگئی ہو کہ میاں بیوی سے اور بیوی میاں سے متنفر ہو اور ایک دوسرے سے بغض کرتے ہوں تو

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (الممتحنۃ:۷)

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس:۸۱-۸۲)

پاک برتن میں سات (۷) مرتبہ لکھیں اور بارش کے پانی سے دھو کر مرد اور عورت کو پلائیں۔

جادو کا اثر دم توڑ دے

جس کسی پر سحر یا جادو کا اثر ہو تو اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے نئے چاند کی پہلی اتوار کو طلوع آفتاب کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اسی سفید کاغذ پر زعفران و عرق گلاب سے درود غوثیہ لکھے اور اس کو پانی کی بوتل میں ڈال لے اور اس پانی کو مریض کو دن میں کم از کم تین بار پلائے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے جادو و سحر کا اثر دم توڑ دے گا اور مریض ہمیشہ کے لئے صحت یاب ہوجائے گا۔ درود غوثیہ یہ ہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

کالے جادو سے نجات اور واپسی کیلئے

جس کسی پر کالے جادو کا وار ہو گیا ہو اور اس کی وجہ سے وہ بیمار یا پریشان حال رہتا ہو تو اس کے لئے باریک کاغذ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر آیت الکرسی زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر اس پر درود غوثیہ ایک سو ایک بار پڑھ کر دم کریں، اس کو موم جامہ کر کے گلے میں پہنا دیں۔ روزانہ گیارہ بار درود غوثیہ اور آیت الکرسی بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء پڑھ کر مریض پر دم بھی کریں۔ درود غوثیہ یہ ہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

ان شاء اللہ اکیس روز کے عمل سے مکمل صحت یابی حاصل ہو جائے گی اور ان شاء اللہ عمل کرنے والے پر عمل واپس لوٹ جائے گا۔

جادو سے نجات کیلئے

جادو سے نجات کیلئے وضو کر کے اپنے دونوں ہاتھوں پر گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکیں اور اپنے چہرے اور جسم پر پھیر لیں اور اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر یہ کلمات پڑھیں، اس عمل کو اکیس دن تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ جادو سے ہمیشہ کیلئے حفاظت رہے گی۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ

جادو کی کاٹ کیلئے

اگر کسی مستند ذریعہ سے معلوم ہوجائے کہ مجھ پر کسی نے جادو کروا دیا ہے تو اول تو نماز باجماعت کی پابندی کریں۔ صبح و شام سورۃ الفلق و سورۃ الناس کو گیارہ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور اس وظیفہ کو چالیس دن تک کریں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ اس وظیفہ سے سفلی جادو، گندے علم اور دفن شدہ چیزوں کی مکمل کاٹ ہوجائے گی اور چالیس دن میں مریض کو جادو کی لپیٹ سے ان شاء اللہ تعالیٰ پوری طرح نجات ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ عمل بھی کریں۔

جَيْلُوْس فَيْلُوْس يَزْمُوْنَ جَيْبُوْنَ ، سَلْمُوْس مَرْطُوْس مَيْلُوْمَانَ يَادَرْ سَزْ فَرْوَدْ بِگَاحُوْنَ

طریقہ عمل: رائی اور اجوائن تقریباً ڈھائی سو گرام لیں اور اس میں سے اجوائن دو سو گرام اور رائی پچاس گرام لیں، ان دونوں کو ملا کر اس پر یہ مندرجہ بالا عمل اکیس بار پڑھیں اور کوئلے کی انگیٹھی میں ڈال لیں اور اشراقی جگہ پر دھونی دیں۔

معروف روحانی سکالر علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب کی اب تک شائع ہونے والی کتب کی تفصیل

نمبر شمار	نام کتاب	موضوع کتاب	قیمت
1	ردِ سحر حصہ اول (نیا اضافہ شدہ ایڈیشن)	سحر، جادو، ٹونہ، مسان، کالے علم اور تعویذات کے بد اثرات کو ختم کرنے کے مستند طریقہ عملیات پر مبنی لاثانی تصنیف	350
2	ردِ سحر حصہ دوم	جادو ٹونہ، کالے علم، سفلی اعمال، بیر بکولا کی چوکی اور گندہ مسان کے بد اثرات کو جڑ سے ختم کرنے والے قوی الاثر اعمال پر انمول تصنیف	125
3	ردِ سحر حصہ سوم	برسوں کے لاعلاج مسحور و معمول افراد کے لیے ایک معجزہ جاتی افراد و سحر کے مجرب و مستند ترین نقوش پر مشتمل لاثانی تصنیف۔ کالے علم، جادو ٹونہ، سفلی اعمال کی چیرہ دستیوں اور ہمزاد بیر نیز گندہ مسان کے بد اثرات کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے ایک ضرب کلیمی	250
4	آسیبی قوتوں سے نجات (نیا اضافہ شدہ ایڈیشن)	ارواح خبیثہ، جنات، بھوت پریت کی شرانگیزیوں سے تحفظ اور تمام تر آسیبی امراض کے شافی و کافی علاج پر لاجواب و بے مثال شہرہ آفاق تصنیف	400
5	چھومنتر	سینہ بسینہ منتقل ہونے والے منتروں کے سربستہ رازوں کا انکشاف، محبوب و مطلوب کو مسخر و دیوانہ بنانے اور موہ لینے کے صدری گر جو منتروں میں ہی پڑھ سکیں گے	300
6	فیضان القرآن	تسخیر خلائق، فتوحات، شفاء الامراض، قضائے حاجات، تسخیر ارواح، حل مشکلات، قلب پر روشنیاں، عزت و توقیر، ترقی روزگار اور کامیابی و کامرانی کے مجرب قرآنی اعمال و نقوش پر لاجواب و شہرہ آفاق تصنیف	300
7	مصباح الارواح	اشارات و نکارات، حاضرات الارواح، تسخیر موکلات و جنات، عملیات ایلیات و شاہ جنات، تسخیر پریاں، شیاطین، تسخیرات ارواح خبیثہ سفلیہ، تسخیر ملوک سعد اور ان کی طریقت و دریت کے مستند اعمال پر لاجواب و شہرہ آفاق لاثانی تصنیف	200
8	روحانی خطوط	عاملین و کاملین اور صوفی حکماء کرام کے خاص الخاص عملیات و تعویذات اور تجربات کا گلدستہ جو انہوں نے اپنے خاص احباب کو بذریعہ خط عطا فرمایا	225
9	عکسِ لوحِ محفوظ	حروف مقطعات نورانیہ کی علامات، صوفیانہ، محققانہ شرح و تشریح، تفسیر و معانی اور حروف نورانیہ سے متعلقہ زکوٰۃ کے مستند طریق، شرف کواکب اور شعبہ ہائے زندگی کے مسائل کے حل سے متعلقہ مختلف اعمال و نقوش و تعویذات اور علم لدنی کے مخفی رازوں پر مشتمل بے مثال و لاجواب تصنیف	300
10	فیضان الحروف	حروف ابجد سے کام لینے کے سری قوانین، حروف کی حقیقت، تاثیر، خواص و افعال، قوت جاذبہ، روحانیات اور طلسمات، اعمال و نقوش اور الواح پر مبنی لاثانی و انمول تصنیف	350
11	ریکی ہیلنگ کورس	کائناتی شفاء ریکی "متبادل طریقہ علاج" جو جسمانی، روحانی، ذہنی اور نفسیاتی امراض کے لیے پوری دنیا میں جاری و ساری ہے۔ ریکی ہیلنگ پر اردو میں پہلی بے مثال لاثانی تصنیف	200
12	پیرا نارمل علوم کا خلاصہ	ہپناٹزم، یوگا، کلر تھراپی، ارومہ تھراپی، ریکی، کرسٹل تھراپی، مائنڈ پاور، ٹی پاور، این ایل پی اور دیگر ماورائی علوم پر مستند تحقیقی مضامین پر مبنی اردو میں پہلی تصنیف	250
13	معراجِ معرفت	طالب عشق حقیقی، سلوک و معرفت، طالب مولیٰ، راہ فقر کے مسافر اور راہ طریقت پر گامزن ہونے والے مبتدی حضرات کے لیے مشعل راہ، منتہی حضرات، پیر کامل کا درجہ رکھنے والی لاثانی تصنیف لطیف	200
14	شاہراہِ طریقت	اکابر اولیاء کرام کی تعلیمات پر مبنی بصیرت افروز مرقع، مرشدان طریقت کے لیے پیر کامل کا درجہ رکھنے والی تصنیف	250
15	جہانِ تصوف	تصوف کی دنیا میں ایک گراں قدر اضافہ جسے رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ تصوف کے انمول موتیوں کا ایک خوبصورت گلدستہ جس کی خوشبو ہر صوفی و سالک کی روح کو معطر کرتی ہے	300
16	کلید رموز مخفی	زمانہ قدیم کی عبرانی، سریانی اور عربی نایاب دعوات مثلاً دعوت برہتیہ، دعوت جلجلوتیہ، دعوت طلسم انصار، دعوت قسم بامصور، دعائے قریش، دعائے سیفی، دعائے عجب الاثر، حاضری مطلوب اور تسخیر مطلوب کے اعمال، اسمائے تکسیر اور دعوت صغیر کی تشریح، شرح و وضاحت اور ان کے نایاب ترین اعمال اور رسائل، تسخیر ارواح کے صدری اعمال اور طلسمات، ابن عربی و ابن سینا پر مبنی ایک ایسی تحقیق جسے آنے والی کئی صدیوں تک یاد رکھا جائے گا۔ روحانی علوم و فنون کے وہ مخفی خزینے جن کی متلاشیان روحانیت کو برسوں سے تلاش تھی۔	500
17	مکاشفات اسرار	علوم مصریہ، بابلیہ، یونانیہ اور عربیہ کے تناظر میں اسرار الحروف، الواح، الجبرا و علم الاوفاق، جفر الاعداد اور ریاضات و دعوات پر مبنی جامع الفوائد و نادر کتاب (مصنف: فقیر غلام رسول عاشق نقشبندی الاولکھوی)	360
18	رموز خاتم سلیمانی	نقش مثلث، معروف خاتم سلیمانی کی جمیع اقسام، اعمال و دعوت و اسرار و رموز پر مشتمل ایک عدیم المثال تصنیف۔	400
	مکمل سیٹ 18 کتب		5260

بذریعہ ڈاک کتب منگوانے پر ڈاک خرچ الگ ہے

خیر اندیش علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری
ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب
0333-6974734, 0300-4967412

جادو کی بندش کا توڑ

محمد شہزاد (بورے والا)

جادو کو عربی میں سحر اور فارسی میں آسیب کہا جاتا ہے۔ جادو ایک ایسا علم ہے جو کلیتاً خرابی اور بیماری پر مشتمل ہے۔ جس کے ذریعے سے دوسرے کو نقصان پہنچایا جاتا ہے، فائدہ نہیں۔ کیونکہ جادو میں صرف شر ہے، خیر کا کوئی پہلو نہیں۔ اور یہ سحر حرام ہے۔ اس کے علاج کیلئے عامل یقین کامل کا ہونا ضروری ہے۔ سحر یا جادو کیسا ہی ہو، انجام کار انسان اپنی ضروریات زندگی حاصل نہیں کر پاتا۔ کاروباری بندش، لڑکی کی شادی میں تاخیر، تنور کی آگ کو باندھنا، گاہکوں کو جادو کے ذریعے روکنا، میاں بیوی میں ناچاقی پیدا کرنا، بچے زیادہ دیر روتا رہے، کسی بیماری میں مبتلا کر دینا، دوکانداری باندھ دینا، صحت خراب کر دینا، غفلت طاری کر کے بیکار کر دینا، خوشیوں سے محرومی، مقروض ہو جانا یا ذلت وخواری میں مبتلا کرنا ہو یا کسی پر خوف مسلط کر دینا۔ اور ہر کام میں انجام نقصان کی صورت میں ہونا وغیرہ۔ میرے جو بھی بہن بھائی اس طرح مبتلا ہوں، وہ اس عمل کو کریں، اس عمل کی حقیر کی طرف سے ہر خاص و عام کو اجازت ہے، سب کر سکتے ہیں۔ بہت آسان اور تیر بہدف ہے۔ بس تھوڑی محنت درکار ہے۔ یقین کامل کے ساتھ عمل کریں اور اللہ کے کلام سے فیض حاصل کریں۔ حقیر کی دعا ہے اللہ پاک میرے سب بہن بھائیوں کو اس مرض سے چھٹکارا دے جو اس میں مبتلا ہیں اور اللہ پاک ان لوگوں کو ہدایت عطا فرمائے جو چند پیسے لے کر لوگوں کا نقصان کرتے ہیں۔ اللہ پاک ان کو بھی ہدایت دے جو میرے معصوم بہن بھائیوں کو لوٹ رہے ہیں۔ اس عمل کو کریں، ان شاء اللہ مکمل نجات حاصل ہوگی۔

عمل خاص کا طریقہ

اس عمل کو کرنے کی اجازت صرف جائز مقصد کیلئے ہے۔ عمل: بازار سے ایک کوری مٹی کی چھوٹی سی ہانڈی خریدیں اور پھر کسی تالے والے سے ایک تالا خریدیں اور دوکاندار کو کہیں کہ تالا اس ہنڈیا میں رکھ دے اور اس کی چابی اپنے پاس سنبھال کر رکھ لیں۔ اب اس کو گھر لا کر کسی لکڑی کے تختہ پر زمین پر رکھ دیں اور اس میں اتنا پانی ڈال دیں کہ اس میں پورا تالا نہ ڈوبے۔ اب بعد عصر سے مغرب تک کوئی ایک وقت مقرر کر کے اس ہنڈیا کو اپنی گود میں رکھیں اور اول آخر گیارہ بار درود ابراہیمی کے ساتھ ایک بار سورت یٰسین پڑھ کر ہانڈی میں تالے پر پھونک ماریں۔ اس دوران اپنے ذہن میں یہ خیال رکھیں کہ آپ کا جو بھی مسئلہ ہے، جو جادو کی وجہ سے خراب ہو رہا ہے، وہ اس تالا کی طرح بند پڑا ہوا ہے۔ آپ اس کو کلام الٰہی کی برکت سے کھول رہیں ہے اور ان شاء اللہ ضرور کھول کر ہی دم لیں گے۔ اب ہانڈی کو دوبارہ ڈھکن لگا کر کسی محفوظ مقام پر سابقہ طریقہ سے رکھ دیں۔ اس طرح اکتالیس (۴۱) روز عمل کریں۔ اس دوران کچا لہسن، پیاز اور بڑا گوشت نہ استعمال کریں۔ ہانڈی میں پانی روزانہ چیک کریں کہ کم نہ ہونے پائے۔ کم نظر آئے تو اور ڈال دیں۔ اکتالیسویں دن عمل سے فارغ ہو کر چابی سے تالا اپنے ہاتھ سے کھولیں اور پھر ڈھکن کو چاروں طرف سے آٹا لگا کر سیل کر دیں اور پھر کسی نہر، دریا یا سمندر میں اس کو بہا دیں۔ رواں پانی کی شرط ہے۔ پھر گھر واپس آ کر دو نفل شکرانہ پڑھیں اور عاجزی سے اپنے مقصد کی دعا مانگیں اور حسب توفیق صدقہ خیرات کریں۔ اس کے بعد کثرت سے درود پاک کی تلاوت کیا کریں۔ ان شاء اللہ، آپ کو جادو بندش سے نجات ملے گی۔

نوٹ: یہ عمل چاند کی تین سے لے کر دس تاریخ تک، کسی اتوار یا جمعرات سے شروع کریں اور اس حقیر کو بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

جادو آج کل ہمارے معاشرے میں بہت عام ہوگیا ہے۔ ہر تیسرا شخص جادو کا شکار ہے۔ کسی کی شادی کی بندش ہے، کسی کی صحت جادو کی وجہ سے خراب رہتی ہے، کسی کے گھر میں لڑائی رہتی ہے۔ اگر ان مسائل کی تحقیق کی جائے تو پتہ چلتا ہے کسی حاسد بدبخت نے جادو کروایا ہوا ہے، جس کی وجہ سے زندگی عذاب کا شکار ہو جاتی ہے۔ آج ایسے ہی لوگوں کے لیے ایک نایاب عمل پیش کر رہا ہوں، جس سے نہ صرف آپ جادو کی تشخیص کر سکتے ہیں بلکہ علاج بھی۔ مگر اس عمل میں ذرا احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔

عمل یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. قُلْ قُلْ قُلْ كٰفِرُوْنَ كٰفِرُوْنَ هُوَاللّٰهُ هُوَاللّٰهُ فَلَقِ فَلَقِ فَلَقِ بِرَبِّ النَّاسِ بِرَبِّ النَّاسِ اَحَدٍ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ امن اخلد بِحَقِّ هٰذَا الْاَسْمَاءِ الشَّرِيْفَهِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔

اس کو کاغذ پر لکھ کر مریض کو دکھائیں۔ اس طرح لکھیں کہ کاغذ کے چاروں طرف لکھا جائے اور درمیان میں جگہ خالی چھوڑ دیں۔ اس کے بعد پیلی سرسوں کے کچھ دانے لے کر اس پر یہ عمل پندرہ (۱۵) بار پڑھ کر دم کر کے مریض کے سر پر دو تین تین دانے ڈالیں۔ سرسوں ڈالتے وقت مریض تھرا اٹھے گا، اس پر لرزہ طاری ہو جائے گا۔ جب یہ حال دیکھو تو پھر اس کے پیشانی کے بال پکڑ کر گرہ دو اور پوچھو تم کون ہو؟ وہ فوراً نہیں بولے گا، اس طرح یہ عمل تین مرتبہ دہراؤ۔ پھر یہی عمل ایک پیالی پانی لے کر اس پر دم کرو اور اس دم شدہ پانی کے چھینٹے مریض کے چہرہ پر مارو۔ مریض سخت خوف کھائے گا اور ڈر کر جواب دے گا کہ میں فلاں جادو ہوں، فلاں شخص نے کیا ہے اور فلاں جگہ محفوظ ہے۔ بس اب مریض کے بال کھول دو اور اس کو غسل دو اور اس کاغذ کو، جس پر عمل لکھا تھا، مریض کے سیدھے بازو پر باندھ دو۔ ان شاء اللہ، جادو کا اثر دور ہوگا اور آئندہ سے محفوظ رہے گا۔ اس عمل کے لیے آپ کا نمازی اور پرہیزگار ہونا شرط ہے۔ اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔

بقیہ (58): ردِ سحر کے مجرب اعمال

واپس مت آئے اور اس نقش کو دو عدد خود اپنے ہاتھ سے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے۔ ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے اور دوسرے کو دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے۔ اللہ کے حکم سے اس کیفیت کا مکمل خاتمہ ہوگا اور دکان پر بیٹھنے کو دل کرے گا۔ اس عمل کا کسی سے بھی ذکر نہ کرے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ جس سے اس عمل کے توڑ کا ذکر کیا جائے حقیقت میں وہی اس کا دشمن ہو، اس لیے ایسے اعمال کرنے والے افراد ایسی باتوں کو دوسروں سے چھپایا کرتے ہیں کہ اس میں انہی کا فائدہ ہے۔ نماز و روزے کی سختی سے پابندی کی جائے اور اگر ہو سکے تو (یا فتاح) کا کھلا ورد کیا جائے، اس سے رزق بھی کھل جائے گا اور دستِ غیب بھی حاصل ہوگا۔

۷۸۶

۹۷۱	۹۷۶	۹۸۱	۹۷۰
۹۸۲	۹۶۹	۹۷۲	۹۷۵
۹۶۸	۹۷۹	۹۷۸	۹۷۳
۹۷۷	۹۷۴	۹۶۷	۹۸۰

خاص خاص اعمال سیکھنے کے لیے تفصیل http://goo.gl/so200A

ردِ سحر اور حفاظت از سحر و شیاطین کے لیے

آیت قطب کا یہ نقش مربع ردِ سحر اور حفاظت از سحر و شیاطین کے لیے بارہا کا آزمودہ ہے۔ آیت قطب کے عاملین اسے معمول مطب بنائیں۔ لکھ کر گلے میں ڈلوائیں اور مریض کو پینے کے لیے دیا کرے۔

نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

۵۵۴۲	۵۵۴۵	۵۵۴۹	۵۵۳۵
۵۵۴۸	۵۵۳۶	۵۵۴۱	۵۵۴۶
۵۵۳۷	۵۵۵۱	۵۵۴۳	۵۵۴۰
۵۵۴۴	۵۵۳۹	۵۵۳۸	۵۵۵۰

قولہ الحق — عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

جادو سحر کا جلانے والا نقش

آیت قطب کا نقش مثلث جادو سحر کے مریضوں کو جلانے کے لیے دے سکتے ہیں۔ فقیر کا آزمودہ ہے۔ احباب بھی معمول بنائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

۷۳۹۱	۷۳۸۶	۷۳۹۴
۷۳۹۳	۷۳۹۰	۷۳۸۸
۷۳۸۷	۷۳۹۵	۷۳۸۹

قولہ الحق — عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

سحر کو باطل اور ناکارہ کرنا

سحر زدہ کے لیے آیت قطب کے عددی نقش کا پلیتہ بنا کر جلوائیں تو سحر باطل و ناکارہ ہو جائے۔

نقش آیت فلما جآء السحرۃ مربع و مثلث

جادو ٹونے کی کاٹ کیلئے یہ نقش کام میں لایا جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

۱۰۸۳	۱۰۸۶	۱۰۸۹	۱۰۷۶
۱۰۸۸	۱۰۷۷	۱۰۸۲	۱۰۸۷
۱۰۷۸	۱۰۹۱	۱۰۸۴	۱۰۸۱
۱۰۸۵	۱۰۸۰	۱۰۷۹	۱۰۹۰

قولہ الحق — عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

نقش مثلث فلما جآء السحرۃ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

۱۳۳۸	۱۳۳۰	۱۳۳۶
۱۳۳۲	۱۳۳۵	۱۳۳۷
۱۳۳۴	۱۳۳۹	۱۳۳۱

قولہ الحق — عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

ردِّ سحر کے مجرب اعمال

حافظ مسعود الرحمن ڈار (اسلام آباد)

جادو سے گھر میں نااتفاقی اور لڑائی جھگڑے سے نجات کا عمل

آج کل اکثر حضرات کو یہی شکایت رہتی ہے کہ ہمارے گھر میں سکون نہیں ہے اور پیسے میں برکت نہیں ہے، گھر والے ذرا ذرا سی بات پر آپس میں دست و گریبان ہیں، میاں بیوی، بہن بھائی والدین اکثر گھر میں لڑتے جھگڑتے رہتے ہیں اور نفرت کی وجہ سے ایک دوسرے کا منہ بھی دیکھنا گوارہ نہیں کرتے۔ ایسی صورت میں وہ افراد جو اوپر درج کیے گئے مسائل کا شکار ہوں اور ایسے مسائل سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہوں، وہ افراد سورت یاسین شریف کی آیت نمبر 58 "سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ" کا عمل کریں اور تمام گھریلو مسائل و مشکلات، گھریلو نااتفاقی و ناچاقی سے نجات حاصل کریں۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

عمل کو عروج ماہ میں نوچندی جمعرات سے شروع کریں یعنی بدھ کا دن گزرنے کے بعد جو رات آئے، اس رات میں عمل شروع کریں۔ یہ عمل تین دن کا ہے۔ اگر کسی وجہ سے تین دن میں آفاقہ نہ ہو تو ایک ہفتہ تک عمل جاری رکھیں۔ عمل کے درمیان کسی سے بات نہ کریں۔ لباس جگہ اور وقت ایک ہی رہے۔ عمل کے دوران بخور لوبان اور صندل کا روشن کریں۔ اگر بخور میسر نہ ہو تو صندل کی اگربتی استعمال کریں۔ گھر میں خیر و برکت اور باہمی اتفاق و اتحاد کیلئے سورت یاسین شریف کی آیت مبارکہ "سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ" تین سو تینتیس (۳۳۳) مرتبہ، اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے گھر کے تمام افراد کو تین دن یا ایک ہفتے تک پلائیں اور گھر کے چاروں کونوں میں دم کیا ہوا پانی چھڑکائیں بھی اور چھڑکاتے وقت آیت مبارک کا ورد بھی کرتے جائیں۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے تمام گھریلو مسائل کا خاتمہ ہوگا اور لڑائی جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

ردِّ سحر کا خاص عمل

یہ عمل ہر خاص و عام کر سکتا ہے۔ میری اجازت ہے بس پاکیزگی اور طہارت کے مسائل سے واقف ہو۔ اس عمل کو خود انفرادی نیت سے یا اپنے گھر والوں کیلئے اجتماعی طور پر بھی کر سکتا ہے۔ مشکلات اور مسائل بہت زیادہ اور شدید ہوں تو ایک بار انفرادی اور ایک بار اجتماعی طور پر کر سکتا ہے۔

جز (1) اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰهَ وَ اَسۡئَلُهُ التَّوۡبَةَ اس کی کل تعداد تیس ہزار بار (30000) مکمل کرنا ہے۔ روزانہ پڑھنے کی تعداد معین نہیں، جتنے دنوں میں مکمل کرلیں۔

جز (2) یَا غَفُوۡرُ یَا رَحِیۡمُ اس اسماء کو بھی تیس ہزار بار (30000) کی تعداد میں پڑھنا ہے، جتنے دنوں میں مکمل کرلیں۔

جز (3) یَا حَسِیۡبُ یہ اسم مقدس تیس (30000) ہزار بار لکھنا ہے۔ روزانہ لکھنے کی تعداد معین نہیں، جتنے عرصے میں لکھ سکیں۔ بہتر ہے کسی کاپی میں لکھیے اور بعد ازاں ان کاپیوں یا کاپی کو سنبھال کر رکھیں اور کسی کپڑے میں باندھ کر خوشبو وغیرہ لگا کر رکھیں۔

جب یہ تینوں جز مکمل ہو جائیں تو مندرجہ ذیل عمل شروع کر دیں۔ اس عمل کی تعداد 301 بار روزانہ ہے۔ روزانہ عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد بغیر اٹھے عمل شروع کر دیں۔ پاس خوشبو سلگائیں۔ عمل بلاناغہ 41 یوم کریں۔ خواتین 19 یوم کا تعین کریں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. یَا مُقَدِّرُ قَدِّرۡ یَا مُدَبِّرُ دَبِّرۡ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبۡ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلۡ. بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ.

تین سو ایک (۳۰۱) بار۔

اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک تمام احباب کی مشکلات آسان فرمائیں اور ہر نیک مقصد میں کامیابی و کامرانی عطا فرمائیں اور تمام احباب کی دلی مراد و تمناؤں کو پورا فرمائیں۔ آمین

غلام یسین (مظفر گڑھ)

جادو کی کاٹ کا مجرب عمل

سات عدد چینی کی پلیٹوں پر لکھیں۔

(1) پلیٹ: وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿سُوْرَةُ النِّسَآءِ: آیت ۱۰۰﴾

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿سُوْرَةُ يٰسٓ: آیت ۵۸﴾

(2) پلیٹ: وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿سُوْرَةُ النِّسَآءِ: آیت ۱۰۰﴾

سَلٰمٌ عَلٰي نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ: آیت ۷۹﴾

(3) پلیٹ: وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿سُوْرَةُ النِّسَآءِ: آیت ۱۰۰﴾

سَلٰمٌ عَلٰٓي اِبْرٰهِيْمَ ﴿سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ: آیت ۱۰۹﴾

(4) پلیٹ: وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿سُوْرَةُ النِّسَآءِ: آیت ۱۰۰﴾

سَلٰمٌ عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ: آیت ۱۲۰﴾

(5) پلیٹ: وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿سُوْرَةُ النِّسَآءِ: آیت ۱۰۰﴾

سَلٰمٌ عَلٰٓي اِلْ يَاسِيْنَ ﴿سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ: آیت ۱۳۰﴾

(6) پلیٹ: وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿سُوْرَةُ النِّسَآءِ: آیت ۱۰۰﴾

سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ: آیت ۱۸۱﴾

(7) پلیٹ: وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿سُوْرَةُ النِّسَآءِ: آیت ۱۰۰﴾

سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿سُوْرَةُ الْقَدْرِ: آیت ۵﴾

طریقہ استعمال: روزانہ صبح نہار منہ پلیٹ پر دیسی گھی کے چند قطرے ڈالیں اور اس کو زبان سے چاٹیں۔ پلیٹوں کو نمبروار استعمال کریں۔ یہ عمل سات پلیٹوں پر مشتمل ہے۔ اس عمل کے کم از کم **2** کورس استعمال کریں۔ یعنی **14** پلیٹیں استعمال کرنی ہے۔

بقیہ (ص 88): جادو کو ختم کرنے کے مجرب اعمال

جادو کا توڑ اور جادوگروں کے خلاف اعلان جنگ

جو کہتے ہیں کہ بہت سے عمل کیے لیکن فائدہ نہیں ہوا بس ایک بار صدق دل سے یہ عمل کر کے دیکھیں۔ اکیس (۲۱) دن سخت دھوپ میں قبلہ رُخ ہو کر اکتالیس (۴۱) دفعہ درود پاک، پھر مندرجہ ذیل آیات تین سو تیرہ (۳۱۳) دفعہ، پھر اکتالیس (۴۱) دفعہ درود پاک، پھر تین سو تیرہ (۳۱۳) دفعہ مندرجہ ذیل آیات، پھر اکیس (۲۱) دفعہ درود پاک۔

آیات یہ ہیں: اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿۷۰﴾ (طٰہٰ: ۶۹-۷۰)

پھر دو رکعات صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر جادو سے نجات کی دعا مانگیں۔

ہر قسم کے جادو ٹونا اور سحر کا کامل اور اکمل مجرب المجرب حل و علاج

خادم الفقراء حکیم محمد طارق بھٹی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ میرے بہن بھائیو! ہر علم وفن کے سیکھنے کے لئے استاد کی ضرورت ہے۔ از خود چلہ کشی کرنا ہرگز خطرہ سے خالی نہیں۔ زمانہ قدیم سے ہمارے بزرگوں کا یہ طریقہ رہا ہے جب طالب علم کسی فن کی کتابیں مکمل پڑھ لیتے اور دوسروں کو تعلیم دینے کا جذبہ رکھتے تو اسے اپنے استاد سے اجازت ملتی۔ اسی طرح کسی سے روحانی سلسلہ میں بیعت ہونے کے بعد دوسرے لوگوں کی رہنمائی کے لئے مرشد سے اجازت ملتی ہے۔ اگر مرشد اسے اجازت دے تو وہ مجاز اور خلیفہ کہلاتا ہے ورنہ نہیں۔ میرے بہن بھائیو! یہی طریقہ کار عملیات کے میدان میں بھی رائج ہے۔ استاد کی اجازت کے بغیر کوئی ایک قدم بھی نہیں اٹھا سکتا۔ لیکن آج کل کے نام نہاد عاملین سمجھتے ہیں کہ اب اس چیز کی ضرورت نہیں رہی۔ وہ خود اپنے تئیں استاد بن جاتے ہیں۔ ایسے خود ساختہ عاملین نہ محنت ومشقت برداشت کرتے ہیں اور نہ ہی چلہ کشی کرتے ہیں اور نہ ہی کسی استاد کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔ اس علم کی الف ب سے بھی واقف نہیں ہوتے اور صرف کتابیں پڑھ پڑھ کر تعویذ لکھ کر لوگوں کو دینا شروع کر دیتے ہیں اور اپنے آپ کو مہا استاد وکامل سمجھنے لگتے ہیں۔ نتیجتاً تمام تعویذات اور عملیات کی رجعت ان پر لوٹ کر آجاتی ہے۔ کسی اصل جناتی مریض کے علاج کے وقت الٹے اثرات اس پر اور اس کے گھر والوں پر مرتب ہونا شروع ہوجاتے ہیں اور آخرکار اپنے ہی علاج کے لئے کسی اور سے رجوع کرنا پڑتا ہے۔ اس کے بعد جاکر وہ عملیات سے توبہ کرتے ہیں۔ میرے پاس اس قسم کے عاملین بھی اپنے علاج کے لئے رجوع کرتے ہیں جو رجعت عمل کا شکار ہو چکے ہوتے ہیں۔ میرے بہن بھائیو! جان لیں کہ عملیات کی اصل بنیاد قرآن کریم اور احادیث کی دعائیں ہیں اور وہ موقوف ہیں استاد کی اجازت پر۔ جادو کرنے والا اور کرانے والا دونوں اسلام سے خارج ہوجاتے ہیں اور اگر کسی پر جادو یا جنات کا اثر ہوجائے تو اسے صرف آیات قرآنیہ اور مسنون دعاؤں سے ہی دور کروانا چاہئے۔ غیر اسلامی اور غیر شرعی طریقہ اور غلط عقیدے والے عاملوں سے عمل کرانا نہایت خطرناک ہے۔ آج کل گلی کوچوں میں ہر جگہ عامل حضرات بیٹھے ہوئے ہیں، جن میں سے اکثر تو قرآن وحدیث سے دوری کی وجہ سے خدائی دعوے سے بھی گریز نہیں کرتے اور اپنی اور لوگوں کی گمراہی کا سبب بنتے ہیں۔ عامل بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں کہ مریض پر جنات کا حملہ ہوا ہے، ان میں سے اکثر اس طرح ختم ہوں گے اور باقی اس طرح، تو یہ بات یاد رکھئے کہ اصل اثر صرف ایک ہی جن کا ہوتا ہے اور وہ بھی ان جعلی عاملوں کے سامنے آجائے تو خود ان کے حواس اڑ جاتے ہیں۔ میرے بھائیوں اور بہنوں! لہٰذا آپ سے دردمندانہ گذارش ہے کہ ہرگز قرآن وسنت کا دامن نہ چھوڑیں۔ اگر کسی بہن بھائی پر جادو کے اثرات ہیں تو یہ عمل کریں۔ یہ دو اعمال ہمارے اساتذہ اور بزرگوں سے چلتے آرہے ہیں۔ یہ قرآنی اور شرعی ہے۔ اس کا انکار کوئی بھی نہیں کر سکتا کیونکہ یہ کامل علاج ہے اور اجازت کے ساتھ ہے اور ہزاروں مریض اس سے شفایاب ہوئے ہیں۔ یہ اللہ کا خصوصی فضل ہے۔

آج کل بہت سارے بہن بھائی جادو کا شکار ہو رہے ہیں اور عاملین حضرات ان کو مستفیض کرنے کی بجائے لوٹ رہے ہیں اور کچھ لوگوں سے پیسوں کی ڈیمانڈ کرتے ہیں اور میرے بہن بھائی اتنے مہربان ہیں کہ پیسے دے کر بعد میں مجھ خاکسار کو بتاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان عاملین کو ہدایت عطا فرمائے۔ میں آپ سب بہن بھائیوں کو ایک ایسا عمل بتا رہا ہوں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک بار کے اس عمل سے جادو اور اس کے ہر قسم کے اثرات ختم ہوں گے۔ ہر قسم کے جادو کے اثرات کو ختم کروانے کے لیے ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کو کسی قسم کے عاملوں کے پاس جانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ جادو کے ذریعے شادی کی بندش کی ہو، جادو کے ذریعے نکاح کی بندش کی ہو، جادو کے ذریعے کاروبار بند کر دیا گیا ہو، جادو کے ذریعے خاندان میں لڑائی کروائی گئی ہو، جادو کے ذریعے کسی عامل کی روحانی ترقی کی بندش کی ہو، جادو کے ذریعے کسی پر بیماری مسلط کی گئی ہو، جادو کے ذریعے کسی پر جنات مسلط کئے گئے ہوں، جادو کے ذریعے دوکان کی بندش کی گئی ہو، جادو کے ذریعے بچوں کی بندش کی گئی ہو، جادو کے ذریعے میاں بیوی میں جدائی ڈالی گئی ہو...... یعنی کسی بھی قسم کا جادو ہو یا نظر بد ہو، ان شاء اللہ تعالیٰ

گارنٹی سے ختم ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے: ایک لیٹر صاف پانی کی بوتل لیں۔ اول نمازِ عشاء کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ اول رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قل شریف بیس (۲۰) بار پڑھیں اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قل ھو اللہ شریف دس (۱۰) بار پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد اس پانی کی بوتل کو سامنے رکھیں اور درود شریف گیارہ (۱۱) بار پڑھیں اور سات (۷) بار اس دعا کو پڑھیں: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اور تین بار پانی پر دم کریں۔ اس کے بعد اس عمل کو ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کریں: مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ پہلے ایک بار مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ پڑھیں۔ اس کے بعد سو بار اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ پڑھ کر دم کریں۔ اس کے بعد ایک بار الحمد شریف پڑھ کر دم کریں اور اس کے بعد چہار قل شریف ایک بار پڑھیں اور گیارہ (۱۱) بار درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ پھر دعا کریں اور اس پانی کو دن میں صبح دوپہر شام ...... سات دن استعمال کریں اور نماز کی پابندی کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سات دن میں ہر قسم کے جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ میرے بھائیوں اور بہنوں! یہ عمل خاکسار کا مجرب اور آزمودہ ہے اور میرے استاد محترم جناب سید آصف علی شاہ بخاری کی طرف سے اس کی اجازت ہے۔

میرے بھائیوں اور بہنوں! ایک اور عمل جس کو اگر پانی پر دم کر کے پی لیں، قیامت تک کوئی بھی تعویذ اثر نہیں کرے گا، جس کی برکت سے آپ پر کیا ہوا جادو ٹونا یا کسی رشتے دار نے یا کسی عزیز نے کیا ہو تو وہ زائل ہو جائے گا۔ اس کا اثر ان شاء اللہ ختم ہو جائے گا۔ آج کل کے دور میں یہ جادو ٹونا بہت عام ہو گیا ہے۔ خاص طور پر اپنے عزیز ہی ہوتے ہیں جو یہ حرکت کرتے ہیں جیسا کہ اگر کسی کے بیٹے ہوں تو دوسرے رشتے داروں کو تکلیف ہوتی ہے کہ اس کے بیٹے ہو گئے ہیں، اس کے بیٹے جوان ہیں، اس کے بیٹوں کو اچھی ملازمت مل گئی ہے۔ اس کی بچیاں ہیں اور ان کے اچھے رشتے آنے لگے ہیں یا ان کے کاروبار میں اضافہ ہو رہا ہے، ان کے گھر میں سکون ہے، امن ہے تو اس سلسلے میں گھر کے افراد یعنی کہ اپنے عزیز زیادہ ملوث ہیں۔ اس میں سارے ایک دوسرے سے حسد کر رہے ہوتے ہیں۔ اس سلسلے میں ان تمام نقصان سے بچنے کے لیے قرآن پاک کا ایک آزمودہ عمل ہے۔ یہ دو سورتیں ہیں۔ قرآن پاک کی یہ سورتیں اس وقت نازل ہوئیں جب آقائے دو جہان ﷺ پر جادو کرنے کی یہودیوں نے کوشش کی۔

ان دو سورتوں کی تلاوت اور ان سے دم کرنا جادو کے اثرات دور کرنے کے لیے بہت بہترین عمل ہے۔ یہ سورتیں قرآن پاک کی آخری دو سورتیں ہیں "سورۃ الفلق اور سورۃ الناس۔" ان سورتوں کے بارے میں حدیث میں ہے کہ ان سورتوں کا دم کرنا جادو کے اثرات کو زائل کرنے کا سب سے بہترین عمل ہے۔ رات کو ان سورتوں کی تلاوت کر کے حضور اکرم ﷺ اپنے ہاتھوں پر دم کر کے پھر ان ہاتھوں کو اپنے پورے جسم پر پھیر لیتے تھے۔ یہ آپ کو وحی کے طور پر بتایا گیا تھا جب یہودیوں نے آپ ﷺ پر جادو کیا تھا۔ آپ ﷺ نے سورتوں کو پڑھا تو اللہ پاک نے آپ ﷺ پر سے جادو کے اثر کو زائل کر دیا۔ ان سورتوں کے بہت زیادہ فضائل ہیں۔ آپ ان سورتوں پر عمل کریں تو آپ کے گھر میں ہر قسم کا لڑائی جھگڑا، ہر قسم کا فتنہ فساد، کسی بھی قسم کی پریشانی ختم ہوگی۔ اگر ان دو سورتوں کو پڑھ کے پانی پر دم کر کے پی لیں گے تو اللہ پاک ہر طرح کی لڑائیاں ختم فرما دیں گے۔ اس کے علاوہ اگر آپ کے گھر جادو ہے تو پانی پر دم کر کے آپ اس پانی کو گھر کے چاروں کونوں پر چھڑکیں تو آپ کے گھر میں موجود جادو کے اثرات ان شاء اللہ ختم ہو جائیں گے۔ اگر آپ کی اولاد نافرمان ہے تو پانی پر دم کر کے اپنی اولاد کو پلا دیا کریں گے تو آپ کی اولاد آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک بن جائے گی۔ اور اس عمل کو آپ ہر نماز کے بعد کرنے والے بن جائیں تو زندگی بھر آپ کے اوپر نہ کوئی جادو، نہ کوئی تعویذ، کوئی چیز آپ کے اوپر اثر نہیں کر سکے گی۔ آپ نے یہ عمل کرنا کچھ ایسے ہے کہ تین (۳) مرتبہ سورۂ فلق اور تین مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر آپ نے پانی پر دم کرنا ہے اور اس پانی کو چاروں کونوں پر چھڑک دینا ہے۔ گھر کے سارے کونوں میں چھڑکنا ہے۔ یہ عمل کسی بھی وقت کر سکتے ہیں اور اس عمل کو روزانہ کریں گے تو بہتر ہے۔ اگر روز صبح آپ کریں گے تو اللہ پاک سارا دن جادو ٹونے اور تعویذ جیسی پریشانی سے اللہ پاک آپ کو محفوظ فرمائیں گے۔ اسی طرح تین تین مرتبہ ان سورتوں کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی کو اس پانی میں مکس کر دیں، جس پانی میں سارے گھر والے افراد پانی پیتے ہیں۔ جیسے جیسے سارے گھر والے یہ پانی پیتے جائیں گے، آپ کے گھر کی ساری لڑائی جھگڑے، فتنا فساد ختم ہو کر تمام گھر والے ایک دوسرے سے پیار محبت کرنے لگ جائیں گے اور آپ کا گھر خوشیوں کا گہوارہ بن جائے گا۔ اس کی بھی استاد محترم جناب سید آصف علی شاہ بخاری کی طرف سے اجازت ہے۔

باباوقاص قادری چشتی (راۓ ونڈ)

جادو ختم کرنے کے مجرب اعمال

جادو کی تشخیص وعلاج کا خاص عمل

جادو کو ختم کرنے کے لیے مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر آدھا گلاس پانی کا لیں اور مریض کو اس میں سے تھوڑا سا پانی پلا کر کہیں کہ اس کا ذائقہ چیک کرے اور پھر پانی پر آپ تین مرتبہ آیت الکرسی اور تین بار سورت فلق اور تین بار سورت ناس پڑھ کر دم کرے اور مریض کو پلا دے۔ جیسے ہی مریض پانی کو پی لے تو آپ آیت الکرسی، سورت فلق اور سورت ناس پڑھ کر مریض پر دم کر دیں۔ جادو کا مسئلہ ہوا تو پانی کا ذائقہ نمکین یا پھر کڑوا ہو جائے گا۔ اگر پانی کا ذائقہ نمکین یا پھر کڑوا ہو تو پھر آپ پانی کی بوتل پر گیارہ (۱۱) بار آیت الکرسی، گیارہ (۱۱) بار سورت فلق اور گیارہ (۱۱) بار سورت ناس پڑھ کر دم کر کے دے دیں اور مریض یہ پانی گیارہ (۱۱) دن یا اکیس (۲۱) دن استعمال کرے۔ ان شاء اللہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

جادو کو پلٹنا

کسی شخص پر سحر جادو کا اثر باطل کرنے اور اس کے نحس و برے اثرات جادو کرنے والے پر واپس پلٹنے کے لیے زبردست اور مجرب عمل ہے۔

اگر کسی مریض کا علاج کرنا چاہیں تو سات (۷) عدد کورے مٹی کے پیالے چاند کی پہلی تاریخ کو لائیں۔ ایک پیالی کے اندر یہ الفاظ لکھے ''سحر جادو ٹونہ سفلی وعلوی کالا جادو سب کا اثر مریض سے ختم ہو جائے اور جادو کرنے اور کروانے والے پر واپس پلٹ جائے۔'' اس کے بعد پیالہ مریض کے بدن پر پھیرا جائے۔ پھر پیالہ میں پانی بھرا جائے اور ایک سو ایک (۱۰۱) بار مندرجہ ذیل عمل پڑھ کر مریض اور پانی پر دم کرے، پانی مریض کو پلائیں اور اس پیالی کو مریض اپنے ہاتھ سے کسی پختہ زمین یا دیوار پر زور سے دے مارے تاکہ پیالہ ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے اور تصور یہ کرے کہ میں جادو کو کرنے اور کروانے والے کی طرف پلٹا رہا ہوں۔ ٹکڑے اکٹھے کر کے کسی جگہ رکھ دے اور اسی طرح مسلسل سات روز کرے۔ ساتویں روز تمام ٹکڑے اکٹھے کسی بڑی نہر یا ندی میں ڈال دیں اور پھر نئے چاند کی پہلی تاریخ میں سات دن کریں۔ زیادہ سے زیادہ اکتالیس (۴۱) دن کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض کے اوپر سے سخت سے سخت سحر وجادو کے تمام اثرات ختم ہو جائیں گے اور کرنے اور کرانے والے کے اوپر پلٹ جائیں گے۔

اگر اس عمل کو روزانہ بعد نماز مغرب اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو بھی یہی فوائد حاصل ہوں گے۔

عمل یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللّٰھم صل علی محمد وعلی آل محمد وبارك وسلم. بسم اللہ اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر. بجری بجری کو از بجری باندھوں دسوں دوار بجری آئے بجری جائے بجری سب جگہ سمائے، سحر جادو ٹونہ سب رد ہو جائے، جو جادو ٹونہ پھر کرائے، الٹ پلٹ کر وہاں کا وہاں پر جائے، جو جو کرے سو مرے بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ وننزل من القرآن ماھو شفاء ورحمة للمومنین ولایزید الظالمین الا خسارا.

جادو کا علاج

اگر کسی کو شک ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے یا اسے جادو کی علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کیلئے روزانہ ایک سو (۱۰۰) بار سورۃ طٰہٰ کی درج ذیل آیات پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں یا کسی دوسرے کیلئے بھی یہ عمل کر سکتے ہیں۔ یہ عمل گیارہ (۱۱) دن کریں اور اس دوران کوئی دوسرا عمل نہ کریں۔

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿۶۸﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾ (طٰہٰ: ۶۸-۶۹)

(بقیہ ص 85)

نس بندی سے چھٹکارا

اگر کسی نے دشمن یا حسد کی وجہ سے جادو کے ذریعے نس بندی کرادی ہو۔ جس کی وجہ سے وہ جماع کرنے کے قابل نہ رہا ہو تو وہ ایک چوڑی چھری لے لے اور اس پر مندرجہ ذیل عمل لکھ لے۔

بکصم لالادم ماما لالالاہ ہ ہ اور

سیاہ دیسی مرغی کا انڈا ابال لے اور اس انڈے کو مذکورہ چھری سے دو ٹکڑے کرلے، ایک حصہ اپنی بیوی کو کھلادے اور ایک حصہ خود کھالے۔ ان شاءاللہ اس کی برکت سے نس بندی کھل جائے گی (مجرب ہے)۔

نس بندی کھلوانے کے لئے

اگر کسی کی نس بندی کی گئی ہو تو وہ آیت مبارکہ لکھے اور تعویذ بنا کر اس شخص کے گلے میں لٹکادے جس کی نس بندی کھولنی ہو۔ ان شاءاللہ مقصد پورا ہوگا۔

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿۱۳﴾ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا ۚ جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿۱۴﴾ (القمر ۱۱-۱۴)

کالے علم کی بدولت حمل قائم نہ رہنا

اگر کسی عورت کا حمل کالے علم کی وجہ سے قائم نہیں رہتا ہو اور روحانی معالجہ کروا کر بھی مایوس ہو چکی ہو تو وہ عورت مندرجہ ذیل نقش کو مندرجہ ذیل طریقے سے خود لکھے یا کسی پاک صاف گھر کے فرد سے لکھوائے اور عمل کرے۔

عورت کے بدن سے اتری ہوئی قمیض پر ایک طرف سیاہی سے نقش نمبر ۱ بنائے اور سو بارہ سورۂ یاسین پڑھ کر اس پر دم کرے اور قمیض کی دوسری طرف نقش نمبر ۲ بنائے اور سورۂ یاسین پڑھ کر دم کرے اور قبرستان میں کسی مناسب جگہ پر (قبر میں نہیں) اس قمیض کو مٹی کھود کر دفن کرے۔ گھر واپس آ کر غسل کر کے پاک صاف ہو جائے اور شکر سے منہ میٹھا کرے۔

نماز پنجگانہ ادا کرتا رہے اور ہر نماز کے بعد تیسرے کلمہ کو سو بار پڑھے۔

ان شاءاللہ کالے علم کے تمام اثرات کا خاتمہ ہوگا اور حمل قائم رہے گا۔

(۱) ۷۸۶

۱۱۶۵۸	۱۶۶۱	۱۶۶۴	۱۶۵۱
۱۶۶۳	۱۶۵۲	۱۶۵۷	۱۶۶۲
۱۶۵۳	۱۶۶۶	۱۶۵۹	۱۶۵۶
۱۶۶۰	۱۶۵۵	۱۶۵۴	۱۶۶۵

(۲) ۷۸۶

۱۰۲۴	۱۰۲۷	۱۰۳۰	۱۰۱۷
۱۰۲۹	۱۰۱۸	۱۰۲۳	۱۰۲۸
۱۰۱۹	۱۰۳۲	۱۰۲۵	۱۰۲۲
۱۰۲۶	۱۰۲۱	۱۰۲۰	۱۰۳۱

اولاد کی بندش توڑنا

اگر کسی نے جادو کے ذریعے اولاد کی بندش کرادی ہو تو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر یہ نقش بنا کر صبح نہار منہ چالیس روز تک روزانہ عورت عرق گلاب سے دھو کر پیے۔ علاوہ ازیں اس بات کا خیال رکھا جائے کہ اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر بنا کر پینے کے پانی میں ڈالیں اور عورت اور مرد دونوں اس پانی کو روزانہ پیتے رہیں۔ ان شاءاللہ جادوئی اثرات ختم ہوں گے اولاد پیدا ہوگی۔

۷۸۶

الحکیم	العزیز	الاھو	لاالہ
الاھو	العزیز	لاالہ	الحکیم
لاالہ	العزیز	الحکیم	الاھو
الحکیم	العزیز	الاھو	لاالہ

روحانی علاج کرنے والے عاملین متوجہ ہوں

''سات سلام اور چہل کاف'' ایک ایسا خاص اور بابرکت عمل ہے، جس کی اجازت جاری ہوتے ہی، بغیر چلہ کشی کیے، اجازت یافتہ کو اس عمل کا فیض ملنا شروع ہوجاتا ہے۔ صرف اتنا ہی نہیں، اس عمل کی غیبی مخلوق کی باقاعدہ معاونت اجازت یافتہ کے ساتھ ہوجاتی ہے۔

عاملین اور روحانی معالجین کا معاملہ تو الگ ہے۔ وہ چلہ کشی بھی کرتے ہیں اور ایک نہیں، کئی اعمال کے عامل ہوتے ہیں۔ یہ سب اس لیے ہے کہ انہوں نے جادوگروں اور جنات، آسیب و شیاطین سے لڑنا ہوتا ہے۔ اس لڑائی کے نتیجے میں بداثرات عامل، عامل کے گھر والوں، عامل کے کاروبار اور دیگر معاملات پر بھی پڑتے ہیں۔ مگر بہت ہی کم عامل اس بات پر توجہ دیتے ہیں جس کی وجہ سے جلد یا دیر، وہ اثرات میں جکڑے جاتے ہیں۔ ان کے عمل بھی چلنا بند ہوجاتے ہیں اور دیگر معاملات میں بھی بہت خرابی آجاتی ہے۔

عامل اپنی اہلیہ یا گھر والوں کو اجازت دلوائیں: جب کہ اس کا آسان حل یہ ہے کہ عامل اپنا اور باہر کے تمام مریضوں کے معاملات دیکھے۔ اگر وہ خود اپنی اہلیہ، بچوں اور دیگر گھر والوں کے معاملات دیکھ سکتا ہے تو یہ سب سے بہتر ہے ورنہ وہ اس عمل کی اجازت اپنی اہلیہ کو لازمی دلوائیں۔ اگر اہلیہ نہ ہوسکے تو پھر گھر میں کوئی بھی ایک ذمہ دار فرد ہو جو اس عمل کو پابندی سے کرے۔ آج تک جتنے عاملین نے اپنی اہلیہ اور گھر والوں کو اس عمل کی اجازت دلوائی ہے، ان کے گھر اثرات بھی نہیں آتے، معاملات بھی خوب سے خوب تر ہوتے چلے جاتے ہیں، مریضوں کو بھی بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے کیونکہ عامل خود بھی روحانی طور پر صاف، اس کے گھر کا روحانی ماحول بھی صاف، اس سے عامل کے تمام روحانی اعمال کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

عامل اپنے روحانی مریضوں کو اجازت دلوائیں: آج کل کثرت سے ایک معاملہ سامنے آرہا ہے اور وہ یہ ہے کہ جادو یا جنات کے اثرات ختم تو ہوجاتے ہیں مگر جلد یا دیر، دوبارہ ہوجاتے ہیں۔ حفاظتی اعمال کے باوجود ایسا ہوتا ہے۔ سحر مسلسل کے مریضوں کی جان ہی نہیں چھوٹتی۔ عاملین کے پاس بھی اثرات کے بار بار آنے کا مستقل کوئی حل نہیں ہے۔ جو مریض دور ہوتے ہیں، شہر سے باہر یا ملک سے باہر یا پھر ایسے مریض جس کو کوئی علاج نہ دیا جاسکتا ہو، ان کا علاج اکثر عاملین سے نہیں ہوتا۔ بار بار عمل کروانے سے مریض عامل سے متنفر ہوجاتا ہے۔ خود عمل کرنے سے بھی متنفر ہوجاتا ہے۔ کئی مریض بار بار علاج کے اخراجات برداشت نہیں کرپاتے۔ ان سب معاملات کا حل اپنے مریض کو اس عمل کی اجازت دلوانا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل مریض سے خود معاملات طے کرے، اس کی رہنمائی بھی خود کرے، بس ادارے کو اجازت کا ہدیہ ادا کرے۔ مریض سے جو مناسب سمجھے، پیسے لے۔ اس سے ادارے کا کوئی تعلق نہیں۔ مریض کو اجازت جاری کردی جائے گی۔ عامل کی شہرت الگ ہوگی کہ دور دور کے مریضوں کا علاج باآسانی کرے گا جب کہ محنت ساری مریض کی ہوگی، عامل کا کام رہنمائی کرنا ہوگا۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

نوٹ: اجازت دلوانے والے کو کس طرح مریض نے اس عمل سے کام لینا ہے؟ جنات کی مدد کیسے لینی ہے؟ سب بتایا جائے گا۔

ردِ سحر کے قرآنی عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

جادو کے توڑ کیلئے ایک طاقتور عمل

جس پر جادو کے اثرات ہوں اس کو چاہیے کہ روزانہ آخری چاروں قل ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں اور پانی پر دم کر کے پی لے۔ ان شاء اللہ اکیس (۲۱) یوم کے اندر جادو کے برے اثرات کا خاتمہ ہو جائے گا۔

جادو کا اثر ختم کرنے کیلئے

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝

(طٰہٰ: ۶۹)

اتقان میں ابو اللیث رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان سب آیتوں کو پانی پر پڑھ کر، جس پر کسی نے جادو کیا ہو، اس کے سر پر چھڑکے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر جاتا رہے گا۔

برائے دفع سحر

آیات ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پڑھ کر اس کو پلا دیں۔ اگر نہلانا نقصان نہ کرتا ہو تو ان ہی آیات کو پانی پر پڑھ کر اس سے مریض کو نہلا دیں۔ آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

(یونس: ۸۱-۸۲)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

سفلی سحر و جادو سے نجات

اگر کسی مرد، عورت، بچے پر کسی نے سفلی، جادو، سحر کردیا ہو جس کے سبب وہ دیوانہ، بیمار، بے روزگار، پریشان اور راتوں کو جاگتا ہو اور گھر سے نکل نکل کر بھاگتا ہو یا اپنے کام پر نہ جاتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل انتہائی مجرب علاج ہے۔

روزانہ خود یا گھر کا کوئی فرد یا کسی بھی دوسرے آدمی سے سورۂ بقرہ بلند آواز سے پڑھ کر ایک پانی بھرے ہوئے برتن میں دم کرے اور یہ پانی مریض کو تھوڑا سا پلا دیا جائے اور بقیہ پانی میں دوسرا پانی ملا کر مریض کو غسل کرائیں۔ یہ عمل چالیس دن بلا ناغہ کریں۔ ان شاء اللہ سفلی، جادو، سحر کا خاتمہ ہوگا اور مریض صحیح اور تندرست ہو کر اپنا کام کرنے لگے گا۔

سورۂ مزمل سے جادو کا علاج

گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۃ المزمل (پ ۲۹) پانی پر دم کر کے صبح نہار منہ چالیس (۴۰) دن پلائیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ اگر دور کا مریض ہو تو ایک ہی بار دم کر کے دے دیں اور اگر قریب کا ہو تو بہتر ہے کہ ہر دس دن بعد دم کریں۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں۔ نہار منہ کے علاوہ دن میں کم از کم تین سے پانچ بار ضرور پلانا ہے اور رات کو سوتے وقت بستر پر بھی چھڑکوانا ہے۔

گھر اور گھر والوں پر ہونے والے سخت جادو کا علاج

جس گھر میں خون کے چھینٹے پڑتے ہوں، کوئی چیزیں جیسے انڈے دال گوشت وغیرہ گھر پر آتا ہو، گھر والے بیمار رہتے ہوں، ان کے کاموں میں بندشیں لگی رہتی ہوں، کاموں میں رکاوٹیں آتی ہوں تو جان لیں کہ معاملہ سخت جادو کا ہے۔ اس کا علاج کسی ماہر عامل سے کروانا چاہیے۔ جب تک کسی عامل سے رابطہ نہ ہو تو یہ علاج کریں۔ گھر کے تمام افراد کو پہلے پابند

کریں کہ وہ علاج میں تعاون کریں۔ سب مل کر علاج کریں۔ عمل یہ ہے:

درود شریف .... گیارہ بار

سورۂ فاتحہ .... گیارہ بار

آیت الکرسی .... گیارہ بار

سورۂ کافرون .... گیارہ بار

سورۂ اخلاص .... گیارہ بار

سورۂ فلق .... گیارہ بار

سورۂ ناس .... گیارہ بار

درود شریف .... گیارہ بار

زیادہ سا پانی لیں۔ ایک کلو چینی لیں۔ ایک پاؤ نمک لیں۔ ان سب پر ہر کلام گیارہ بار پڑھ کر دم کرتے جائیں اور ساتھ اپنے اوپر بھی دم کرتے جائیں۔ اگر یہ عمل گھر والے افراد مل کر کریں تو بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ ہر کو مکمل عمل پڑھنا ہوگا۔ یعنی گیارہ بار پڑھنا ہوگا۔

یہ عمل روز کرنا ہے۔ پانی ہر نماز کے بعد تین گھونٹ پینا ہے۔ چینی اور نمک کو گھر کے استعمال ہونے والے چینی اور نمک کے مرتبان میں ڈال لیں۔ روزانہ اسی مرتبان سے مٹھی بھر چینی اور نمک نکال دم کر کے واپس ڈال دیا کریں۔

لیکن یاد رکھیں کہ اس علاج کو ہی کافی نہ سمجھا جائے۔ جلد از جلد قریبی اچھے عامل سے رابطہ کیا جائے۔ خود سے علاج کرنے کی غلطی بالکل نہ کریں۔

جادو کے سخت اثرات

سات مسجدوں کا پانی لے کر اس پر گیارہ مرتبہ درج ذیل آیات پڑھ کر دم کریں۔ ہر آیت گیارہ بار پڑھ کر دم کر دیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ اس پانی کو گیارہ دن پینے میں استعمال کریں۔ اور جس دن پانی بنائیں، اس دن کسی پاک جگہ کھڑے ہو کر (کپڑے پہنے ہوئے) جس فرد پر زیادہ اثرات ہوں، اس کے اوپر پانی بہائیں۔ ان شاء اللہ گیارہ یوم میں ہی واضح فرق نظر آ جائے گا۔ آیات یہ ہیں:

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس:۸۱-۸۲)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (الاعراف:۱۱۸-۱۲۱)

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝ (طٰہٰ:۶۹)

گھر سے جادو دور کرنا

"لوبان کوڑیا" پنساری سے لے کر باریک سے تھوڑا موٹا پسوا لیں۔ ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ سورۂ فلق اس پر پڑھ کر دم کریں۔ رات کو پورے گھر میں دھونی دیں۔ اکتالیس دن کا عمل ہے۔ ہر تیسرے دن عمل پڑھ کر لوبان پر دم کرنا ہے۔

جادو کے معمولی اثر کا علاج

صبح و شام گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ اول و آخر ایک بار درود ابراہیمی۔ اکیس (۲۱) یوم تک۔ آیت یہ ہے:

وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى (طٰہٰ:۶۹)

عمل آیات دفع سحر

سحر کے دفع کرنے کے لئے یہ عمل حضرت شاہ عبدالعزیز قدس سرہٗ کے اضافات نادرہ سے ہے۔ معوذتین اور آیات دفع سحر کو ایک پرزہ کاغذ پر لکھ کر ایک گھڑے میں دریائے گنگا یا کسی اور ندی نالے کا جاری پانی بھر کر اس میں یہ تعویذ ڈال دیں۔ پھر اس پانی میں سے کچھ مسحور کو پلائیں اور اس کے ہاتھ پاؤں بھی دھلائیں۔ اگر غسل کرانے کی گنجائش ہو تو اور بھی اچھا ہے۔ یہ عمل بروز یکشنبہ کرنا چاہئے اور کئی مرتبہ اسی دن کیا جائے۔ ان شاء اللہ

سحر دفع ہو جائے گا۔ آیات دفع سحر یہ ہیں۔ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى۔

جادو کی وجہ سے بال گرنا

گیارہ (۱۱) بار سورۂ مزمل روزانہ بعد نماز عشاء پڑھ کر پانی اور بالوں کے لیے جو بھی تیل استعمال کرنا ہو، اس پر دم کیا کریں۔ یہ عمل کم از کم اکیس (۲۱) دن تک کرنا ہے اور روزانہ پانی دن میں چار بار پینا ہے۔ صبح نہار منہ، ظہر کے بعد، مغرب کے بعد اور سوتے وقت۔ اسی طرح تیل کو روزانہ رات کو سوتے وقت بالوں میں لگانا ہے۔ خاص کر اس جگہ پر جس جگہ سے بال زیادہ گر رہے ہوں۔

جادوئی طلسم توڑنے کا مجرب عمل

جس طلسم پر سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر دم کیا جائے تو فوراً وہ جادو باطل اور ختم ہو جاتا ہے۔

(اصول مجرب ج ۳)

جادو کی وجہ سے بیماری اور نوکری کے مسائل

سورۂ فلق ایک سو اکیس بار، اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھ کر پانی، چینی، نمک اور کسی بخور (گھر میں دھونی دینے کے لیے) پر پڑھ کر دم کریں۔ ساتھ ہی اپنے ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیں۔ اس عمل کو مسلسل ایک ماہ جاری رکھیں۔ خواتین کے ناغہ کے دنوں میں گھر کا کوئی دوسرا فرد پڑھے۔ ناغہ بالکل نہ ہو۔

پانی پینے میں استعمال کریں اور گھر میں مغرب کے وقت چھڑکیں۔ چینی اور نمک کو گھر کے کھانے پینے میں استعمال کریں۔ بخور کی دھونی، گھر پانی چھڑکنے کے بعد دیں۔

دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر سورۂ مزمل روزانہ گیارہ بار پڑھ کر اپنی نوکری کے لیے دعا کیا کریں۔

جادو کی وجہ سے نوکری ختم ہو جانا

اگر کسی کے ساتھ ایسا معاملہ ہو کہ جب نوکری ملتی ہے تو کچھ ہی عرصہ بعد بغیر کسی وجہ کے ختم ہو جاتی ہو اور تحقیق ہو کہ یہ معاملہ جادو کا ہی ہے تو متاثرہ شخص یہ وظیفہ پڑھے۔ اول درود شریف گیارہ بار، سورۂ مزمل گیارہ بار اور درود شریف گیارہ بار۔ بہتر ہے کہ یہ وظیفہ بعد نماز فجر پڑھا جائے۔

سحر کی وجہ سے بندش رشتہ

سورۂ طٰہٰ روزانہ ایک بار، اول و آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ اکیس یوم بلا ناغہ عمل کر کے اطلاع کریں۔

سحر کی وجہ سے شادی کی بندش

عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف پڑھ کر سورۂ زمر کی درج ذیل آیات تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھیں اور رکاوٹوں سے نجات اور اچھی جگہ رشتہ طے ہونے اور خیر و عافیت سے شادی ہونے کی دعا کریں۔ اس وظیفے کو اکیس دن بلا ناغہ کریں۔ آیات یہ ہیں:

وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾

کالے جادو کا روحانی علاج

محمد جاوید قادری

بڑے سخت ترین اعمال کا توڑ

بعداز نماز فجر باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران وعرق گلاب سے ذیل کے دوعدد نقش معظم بنائیں اوراس پر ذیل کی سورہ ہائے مبارکہ اور درود کا یہ تعداد ذیل پڑھ کردم کریں اور ایک نقش کوخوشبولگا کرموم جامہ کرکے گلے میں پہنیں اور دوسرا نقش کس پانی والی بوتل میں حل کرلیں۔ روزانہ صبح وشام اس پانی کو نہ صرف پی لیں بلکہ مطلوبہ جگہ تکلیف پر اس پانی سے ہاتھ ترکر کے پھیریں۔

نقش کا ہدیہ مبلغ ایک صد ایک روپیہ راہ الٰہی میں خیرات کرویں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد تمام اعمال خبیثہ اور کارستانی جنات وموکلین سے مکمل آرام وشفاء حاصل ہوگی اور کوئی بھی شے کبھی بھی تنگ نہ کر پائے گی اور نہ ہی کسی بھی قسم کی تکلیف پہنچا پائے گی۔

نقش:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۳۶۹۰۴ ۳۳۲۷۳ ۲۳۶۱۹۹ ۳۳۵۳	۲۳۶۹۰۵ ۳۳۲۷۷ ۲۳۶۲۰۲ ۳۳۵۵	۲۳۶۹۰۸ ۳۳۲۸۱ ۲۳۶۲۰۹ ۳۳۵۹	۲۳۶۸۹۳ ۳۳۲۶۷ ۲۳۶۱۹۳ ۳۳۳۵
۲۳۶۹۰۷ ۳۳۲۸۰ ۲۳۶۲۰۵ ۳۳۵۸	۲۳۶۸۹۵ ۳۳۲۶۸ ۲۳۶۱۹۳ ۳۳۴۶	۲۳۶۹۰۱ ۳۳۲۷۴ ۲۳۶۱۹۸ ۳۳۵۱	۲۳۶۹۰۶ ۳۳۲۷۸ ۲۳۶۲۰۳ ۳۳۵۶
۲۳۶۸۹۶ ۳۳۲۶۹ ۲۳۶۱۹۳ ۳۳۴۷	۲۳۶۹۱۰ ۳۳۲۸۳ ۲۳۶۲۰۸ ۳۳۶۱	۲۳۶۹۰۳ ۳۳۲۷۵ ۲۳۶۲۰۰ ۳۳۵۳	۲۳۶۹۰۰ ۳۳۲۷۳ ۲۳۶۱۹۷ ۳۳۵۰
۲۳۶۹۰۳ ۳۳۲۷۶ ۲۳۶۲۰۱ ۳۳۵۴	۲۳۶۸۹۹ ۳۳۲۷۱ ۲۳۶۱۹۹ ۳۳۳۹	۲۳۶۸۹۷ ۳۳۲۷۰ ۲۳۶۱۹۵ ۳۳۳۸	۲۳۶۹۰۹ ۳۳۲۸۲ ۲۳۶۲۰۷ ۳۳۶۰

اَلرَّحۡمٰنُ عَلَی الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰی لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ وَمَا بَیۡنَہُمَا وَمَا تَحۡتَ الثَّرٰی

طٰہٰ۔ طٰہٰ۔ طٰہٰ۔ طٰہٰ۔ طٰہٰ۔ طٰہٰ۔ طٰہٰ۔

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّ جَھۡرًا دَافِعِ الۡبَلَاءِ وَالۡوَبَاءِ وَالۡمُصِیۡبَۃِ وَالۡخَنَّاسِ

دورد پاک:

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّ جَھۡرًا۔ اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الۡاَوَّلِیۡنَ وَالۡاٰخِرِیۡنَ فِی الۡمَلَاءِ الۡاَعۡلٰی اِلٰی یَوۡمِ الدِّیۡنِ اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ دَافِعِ الۡبَلَاءِ وَ الۡمُصِیۡبَۃِ وَالۡخَنَّاسِ یَا مُحَمَّدُ وَ اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَ الۡاَجۡمَعِیۡنَ وَ بَارِکۡ وَسَلِّمۡ تَسۡلِیۡمًا دَآئِمًا دَآئِمًا اَبَدًا اَبَدًا۔

سورہ مبارکہ:

- سورۃ البقرہ — ایک مرتبہ
- سورۂ کہف — تین مرتبہ
- طٰہٰ — سات مرتبہ
- سورۂ مزمل — سات مرتبہ
- سورۂ جن — گیارہ مرتبہ
- سورہ ہائے چہارقل — گیارہ، گیارہ مرتبہ

سحری بانجھ پن سے نجات

ذیل کا عمل عطیہ حضور غوث الاعظم دستگیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے جو بے حد کارگر اور آزمودہ عمل ہے۔

اس مقصد کے لئے کچے نیلے رنگ کے سوت کے اکتالیس تار عورت کے قد کے برابر لیں اور ڈوری بنا کر ان پر اول وآخر درود پاک غوثیہ گیارہ گیارہ مرتبہ۔

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعۡدِنِ الۡجُوۡدِ وَ الۡکَرَمِ وَ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکۡ وَسَلِّمۡ

پڑھیں۔ بعدازاں آیت الکرسی اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اب سورۂ رحمٰن بسم اللہ شریف کے ساتھ شروع کریں اور جب آیت مبارکہ: يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ (الرحمٰن:۳۳)

پر پہنچیں تو اس آیت مبارکہ کی تکرار گیارہ (۱۱) مرتبہ کریں اور سورۂ رحمٰن کو ختم کر کے اس پر ایک گرہ لگادیں۔ اس طریق سے سورۂ رحمٰن کی تعداد اکتالیس (۴۱) مرتبہ پوری کریں اور دھاگے کی ڈوری پر اکتالیس (۴۱) گرہیں لگائیں۔ اس کے بعد سورۂ مزمل شریف اس طریق سے شروع کریں کہ: يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ صلی اللہ علیہ وسلم

کی تکرار تین (۳) مرتبہ کریں، جب آیت:

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

پر پہنچے تو اس کی تکرار لفظ وَكِيْلًا تک سات (۷) مرتبہ کریں۔ اس کے بعد آیت مبارکہ:

يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

کی تکرار سات (۷) مرتبہ کریں۔ بعدازاں آیت مبارکہ

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

کی تکرار سات (۷) مرتبہ کرتے ہوئے اس سورہ کو ختم کریں اور دھاگے کی ڈوری پر ایک گرہ لگائیں۔ اس طریق سے اس ڈوری پر اکتالیس (۴۱) گرہیں لگائیں۔ ڈوری تیار ہونے پر گیارہ روپیہ راہ الٰہی میں خیرات کریں اور حسب توفیق شیرینی غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی فاتحہ دلا کر بچوں میں تقسیم کردیں اور عورت اس ڈوری کو اپنی کمر میں باندھ لے۔ بوقت صحبت اس ڈوری کو اتار دے اور بعداز غسل دوبارہ پہن لے۔

روزانہ سورۂ مزمل تین (۳) مرتبہ اور آیت مبارکہ:

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

تین سو اکہتر (۳۷۱) مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے عورت اور مرد یکساں پیا کریں۔

ہفتے میں ایک روز سات (۷) نلکوں کے پانی پر آیت الکرسی سات (۷) مرتبہ اور سورہ ہائے فلق والناس سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے دونوں میاں بیوی غسل کیا کریں۔ یہ عمل سات ہفتے جاری رہے گا۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ہر قسم کا سحری اثر ختم ہوجائے گا اور اللہ تعالیٰ عزوجل اولاد صالح سے نوازیں گے۔

سحری بندش اولاد سے نجات کے دو خاص اعمال

(۱)......اس مقصد کے لئے دریا یا نہر سے پانی لائیں اور اس میں بیری کے سات پتے ملا کر اس پانی کو خوب پکائیں۔ بعدازاں اس پانی پر اسم الٰہی عَلِیُّ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ، آیت الکرسی سات (۷) مرتبہ جس میں کلمہ

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا

کی تکرار سات (۷) مرتبہ ہو، سورۃ الصافات مکمل ایک مرتبہ، سورۃ الناس گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس پانی میں سے دو دو گھونٹ مرد اور عورت پئیں۔ بعدازاں اس پانی سے غسل کریں۔ یاد رہے کہ یہ پانی گندی نالی میں نہ بہے بلکہ پانی والے ٹب میں غسل کر کے اس پانی کو کسی ایسی جگہ جہاں پاؤں نہ پڑتے ہوں، پھینک دیں یا پھر پودوں کی کیاری میں ڈال دیں۔ بعداز غسل اپنے اوپر سات (۷) مرتبہ آیت الکرسی اور سات (۷) مرتبہ سورۃ الناس پڑھ کر دم کریں۔ یہ عمل مسلسل گیارہ (۱۱) یوم تک کریں اور بعدازاں ذیل کا عمل بھی کریں۔

(۲)......کلونجی کا تیل لے کر اس پر سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس (۴۱) مرتبہ، آیت الکرسی اکتالیس (۴۱) مرتبہ، سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران کی آخری دو دو آیات مبارکہ اکیس اکیس (۲۱) مرتبہ، چہار قل گیارہ گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس تیل کی مالش دونوں میاں بیوی رات کو سوتے وقت اپنے سینے، پیشانی اور پیٹھ کی ہڈیوں پر لگا تار کریں اور کپڑا تان کر سوجائیں۔ صبح کو غسل والے پانی سے غسل کریں۔ اس عمل کو نہانے والے عمل کے ساتھ شروع کریں اور اکتالیس (۴۱) یوم تک جاری رکھیں۔

مجرب اعمال ردِّ سحر

صاحبزادہ محمد عثمان القادری چشتی (فیصل آباد)

سحر کے لئے

جادو کے اثر کو زائل کرنے کے لیے مشہور عمل ہے۔ سفید چینی کی پلیٹ پر لکھ کر یا پھر سفید کاغذ پر لکھ کر مریض کو پلائیں اور جس گھر میں سحر و آسیب کا اثر ہو اس گھر میں چھڑکے اور آسیب زدہ یا جس پر جادو کے اثرات ہو اس کو اس پانی سے غسل دیں۔ ان شاء اللہ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا اور یہ کلمات لکھ کر مریض جادو زدہ کے گلے میں ڈالیں اور مریض کثرت کے ساتھ ان کلمات کا ورد کرے، آیت اوپر ہے۔

> وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْكِ سُلَیْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَیْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّیٰطِیْنَ كَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَاۤ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَیْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ؕ وَمَا یُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى یَقُوْلَاۤ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ فَیَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا یُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَیْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ؕ وَمَا هُمْ بِضَآرِّیْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَیَتَعَلَّمُوْنَ مَا یَضُرُّهُمْ وَلَا یَنْفَعُهُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ؕ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖۤ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ۝ (البقرۃ:۱۰۲)

جادو کی بندش کی کاٹ کا عمل

جس پر جادو کے اثرات ہوں، جس کی وجہ سے کوئی روحانی و جسمانی بیماری ہو یا کاروبار میں پریشانی ہو تو جادو کی بندش توڑنے کے لیے سحر زدہ خود یہ کلمات صبح و شام ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اپنی چھاتی پر دم کرے کے ایک صاف کاغذ پر لکھ کر سیدھے بازو پر باندھے۔ ایک صاف چینی کی پلیٹ پر لکھ کر خالی پیٹ صبح دھو کر پی لے۔ سات دن یہ عمل کرنے سے ان شاء اللہ جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے مگر عمل کو لگا تار اکتالیس دن کرتا رہے۔ اول و آخر درود شریف پڑھنا ہر عمل کے لیے بہت ہی ضروری ہے۔ عمل یہ ہے۔

> اللّٰھم انی اعوذبک من شرور الفاسقین
> فوقع الحق وبطل ما کانو یعلمون

سحر و جادو کا نقش

جس کسی پر سحر و جادو کا اثر ہو تو یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے اور یہ نقش روزانہ دھو کر پلائیں۔ ان شاء اللہ چند دن میں سحر کا اثر ختم ہو جائے گا اور ایک نقش سے کسی محفوظ جگہ پہ جا کر نقش والے پانی سے مریض غسل کرے، مجرب ہے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶			
۱۰۸۴	۱۰۷۵	۱۰۷۹	۱۰۷۵
۱۰۸۸	۱۰۷۶	۱۰۸۱	۱۰۸۶
۱۰۷۷	۱۰۹۱	۱۰۸۳	۱۰۸۰
۱۰۸۳	۱۰۷۹	۱۰۷۸	۱۰۹۰

دفع جادو کا عمل مجرب

جس شخص پر جادو ہو جائے تو اس عمل کو لکھ کر پاس رکھے اور روزانہ اس عمل کو کثرت کے ساتھ ورد کرے اور چاہئے کہ لکھ کر پانی ڈالے اور روزانہ یہ عمل پانی پر دم کر کے پی لے۔ بحکم خدا جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔ یہ عمل مسلسل اکیس دن کرے۔

عمل یہ ہے:

> بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ علیقا ملیقا خالقا مخلوقا کافیا ارتضی مرتضی بحق یابدوح وننزل من القراٰن ماھو شفاء ورحمۃ للمومنین ولا یزید الظلمین الاخسارا۔ بحق اشلخا شالا سالوسا

ردِ سحر کے قرآنی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

جادو سے نجات

سورۂ مزمل کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر گلے میں یا بازو پر باندھنے کو دیں۔ ان شاء اللہ، جادو سے نجات مل جائے گی۔

سحر سے نجات

معوذتین گیارہ بار لکھ کر پاس رکھنے کو دیں۔

سحر و جادو سے نجات

درج ذیل سورتیں اور آیات لکھ کر مریض کو پاس رکھنے کو دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤى اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝ فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۗ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۗ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَاۤ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۚ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَاۤ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۚ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۚ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۚ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۚ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖۤ اَنْفُسَهُمْ ۚ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝

جادو سے نجات

درج ذیل آیات لکھ کر مریض گلے میں ڈالے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۗ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۗ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۗ يُخْفُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۗ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۗ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝

(آل عمران: 154-155)

چہار قل کا تعویذ

بسم اللہ کے ساتھ چاروں قل زعفرانی سیاہی سے لکھ کر تعویذ لکھ کر سحر زدہ کے گلے میں ڈالیں۔

ردِ سحر کے نورانی عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

جادو کا توڑ......ردِ سحر کا مجرب تعویذ

حضرت امام علی سے منقول ہے مندرجہ ذیل دعا ہرن کے چمڑے پر لکھ کر اگر سحر زدہ شخص یا جگہ پر لٹکا دی جائے تو سحر سے امان حاصل ہو جاتی ہے اور اگر اس پر جادو نہ ہو تو اس جگہ یا اس شخص پر جادو اثر نہیں کرے گا۔

دعا یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. بسم اللہ و باللہ بسم اللہ ماشاء اللہ بسم اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم.

قَالَ مُوسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس: ۸۱-۸۲)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ (الاعراف: ۱۱۸-۱۱۹)

(مصباح کفعمی صفحہ ۲۰۸)

جادو کی کاٹ اور پلٹانے کا عمل

اس عمل کو آپ کبھی بھی، کسی بھی وقت اور کسی بھی دن کر سکتے ہیں۔ عمل کرنے سے پہلے دو رکعت نفل نماز بنیت قضائے حاجت پڑھیں اور پھر ایک سو (۱۰۰) بار استغفار اور ایک سو (۱۰۰) بار اللّٰھم صلِ علٰی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پڑھیں۔ اس کے بعد اگربتی کی خوشبو سلگائیں اور عمل اکیلے کمرے میں ایک ہی نشست میں کریں۔

عمل یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ عَضُدِیْ وَ نَصِیْرِیْ بِکَ اَحُوْلُ وَ بِکَ اَصُوْلُ وَبِکَ اُقَاتِلُ .... سات (۷) بار

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ...... چار سو پچاس (۴۵۰) بار

سورۂ فاتحہ	....	ایک (۱) بار
آیت الکرسی	....	اکیس (۲۱) بار
سورۂ فیل	....	اکیس (۲۱) بار
سورۂ کافرون	....	اکیس (۲۱) بار
سورۂ اخلاص	....	اکیس (۲۱) بار

اور پھر ایک سو (۱۰۰) بار استغفار اور ایک سو (۱۰۰) بار اللّٰھم صلِ علٰی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پڑھیں۔ عمل کی مدت سات دن ہے۔

دفع جادو کے لئے

صاحبزادہ محمد عثمان القادری چشتی تحریر فرماتے ہیں کہ جس پر جادو کا اثر ہو وہ بذات خود یہ عمل کرے، ہر روز اپنے نام کے اعداد کے برابر یا جتنا زیادہ ہو سکے، پڑھے اور پانی پر دم کرے اور وہ پانی اپنے چہرے پر ملے اور باقی پانی پی لے۔ یہ عمل جب تک تندرست نہ ہو جائے جاری رکھے۔ بحکم اللہ تعالیٰ بہت جلد شفاء کامل ہوگی اور یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھے، آیت آگے ہے، مجرب ہے۔

نوٹ: ہر عمل کو لکھنے سے یا پڑھنے سے پہلے درود شریف لکھنا اور پڑھنا بہت ہی ضروری ہے۔

> انا جعلنا فی اعناقھم اغلالا فھی الی الاذقان فھم مقمحون وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینٰھم فھم لا یبصرون صلی اللہ علی محمد

یاقابض سے جادو کا توڑ

جو سحر کے اثرات میں بری طرح جکڑا گیا ہو تو گیارہ دن تک روزانہ ایک وقت مقرر کر کے اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ یَاقَابِضُ پڑھے۔ باحصار عمل کرے۔ پھر اللہ سے دعا کرے۔ ان شاء اللہ، گیارہ یوم میں ہر طرح کا جادو ختم ہو جائے گا۔

سحر سے نجات کے مجرب اعمال

مرتب: قاری اکرام محمدی

سحر کا لاجواب توڑ

یہ ایک انتہائی لاجواب اور جامع ترین دعا ہے اور چند قرآنی آیات کا ایسا مجموعہ ہے جس کی وجہ سے ہر طرح کا سحر جڑ سے اکھڑ جاتا ہے۔ گھر و کاروبار میں نحوست اور بے برکتی ہو تو اس کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو تو اس کے لئے تو پتھر پر لکیر اور حرف آخر ہے۔ رشتہ ویسے نہ آتا ہو یا رشتے کی بندش ہو...... دونوں صورتوں میں پورا اثر دکھاتا ہے۔ ان شاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر رشتے آنا شروع ہو جاتے ہیں اور کہیں نہ کہیں بات پکی ہو جاتی ہے۔

میرے استاد محترم فرماتے ہیں: میں نے اس دعا سے بہت سے مخلوق خدا کو فائدہ پہنچایا ہے۔ دعا یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ۔

اس دعا کو صبح شام 100 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور پانی پر دم کر کے پینے میں استعمال کریں۔ جس مقصد کے لئے پڑھنا شروع کریں، اس مقصد کو پڑھتے وقت ذہن میں رکھیں۔

ہر طرح کا جادو ختم ہو

جو لوگ کہتے ہیں کہ بیماری اور مصیبتیں جان نہیں چھوڑتیں، دوا بھی اثر نہیں کرتی...... ان سب کیلئے انتہائی مجرب اور آسان عمل پوسٹ کر رہا ہوں۔ جمعہ کے روز ہاتھ اور پاؤں کے ناخن اتار کے ان کو کسی سفید کپڑے یا سفید کاغذ میں لپیٹ کر اس پہ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھ کر دل میں نیت کریں کہ اپنی تمام بیماریوں اور مصیبتوں کو دفنا رہا/رہی ہوں۔ ناخنوں کو کسی قبرستان میں دفن کر دیں۔ تین چار مرتبہ ایسا کریں۔ ان شاء اللہ آپ خود میں بہتری محسوس کریں گے۔ جو لوگ جادو وغیرہ کا شکار ہیں وہ بھی یہی عمل کریں۔ ان شاء اللہ، جس طرح کا بھی جادو ہوگا، ختم ہو جائے گا۔

اگر دکان یا کارخانے کی بندش کرا دی گئی ہو

اگر کسی دشمن نے سفلی جادو کے ذریعے دکان یا کارخانے کی بندش کرا دی ہو، دکان پر گاہک نہ آتے ہوں، کارخانے میں کام نہ آتا ہو یا رقم آتی تو ہو پر پتہ ہی نہیں چلتا کہ پیسہ کہاں جاتا ہے؟ دکان یا کارخانے میں دل نہ لگتا ہو، گاہک سامان خرید کر واپس کر دیتے ہوں یا کارخانے میں مال خراب ہوتا ہو، کاریگر ٹک کر کام نہ کرتے ہوں، ایک دوسرے سے بات بات پر لڑائی ہو جاتی ہو تو مندرجہ ذیل عمل کریں، دکان یا کارخانے کا دروازہ کھولنے سے پہلے تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ لیں، دکان یا کارخانے کا دروازہ کھولنے کے بعد اندر جا کر اکتالیس مرتبہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھ لیں، اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور یہ تعویذ کسی عالم سے جمعرات کے دن سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹے کے اندر لکھوا کر دکان یا کارخانے میں دروازے کے سامنے فریم کرا کر لگائے کہ تعویذ دروازے سے نظر آئے، تعویذ یہ ہے:

۷۸۶

يَا اَللّٰهُ	يَا رَحْمٰنُ	يَا رَحِيْمُ
يَا مَالِكُ	يَا رَزَّاقُ	يَا قَادِرُ
يَا رَزَّاقُ	قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ	يَا رَزَّاقُ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	يَا رَزَّاقُ	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
يَا رَزَّاقُ	اَللّٰهُ الصَّمَدُ	يَا رَزَّاقُ

اس نقش کے چاروں کونوں پر یَا فَتَّاحُ لکھ دیں پھر کرشمۂ خداوندی دیکھیں کہ کیسے اللہ کے حکم سے دکان اور کارخانے کی بندش ٹوٹ کر نفع و کامیابی قدم چومے گی، ان شاء اللہ۔ دکان اور کارخانہ خوب چلے گا اور جملہ آفات و تکالیف سے نجات ملے گی۔

جادو کا وار واپس دشمن پر پلٹانے کا خاص عمل

حکیم عبدالعزیز قادری عطاری (اوکاڑہ)

میرے بھائیوں اور بہنوں! سب سے پہلے مغرب کی نماز ادا کریں۔ پھر دو رکعت نفل پڑھ کر اس کا ثواب جمیع انبیائے کرام علیہم السلام، صحابہ کرام و اولیائے عظام رضوان اللہ اجمعین اُور اپنے استاد کو ایصال کر دیں۔ اور بغیر کسی سے کلام کئے مصلے پر چار زانوں بیٹھ جائیں۔ اگر مریض موجود ہو تو اُس کو اپنے داہنے ہاتھ کی جانب بٹھا لیں اور ایک بوتل پانی بھی پاس رکھ لیں، ورنہ غائبانہ کاٹ بھی کی جاسکتی ہے۔ چاہے مریض سات سمندر پار ہی کیوں نہ بیٹھا ہو۔

سب سے پہلے **11** مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

اس کے بعد **19** مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

تین مرتبہ سورہ فلق پڑھیں۔

تین مرتبہ سورہ الناس پڑھیں۔

تین مرتبہ سورہ عبس پڑھیں۔

اس کے بعد یُوں کہیں۔ اے اللہ کریم میں تیرا عاجز بندہ ہوں۔ تیرے فضل کرم پر نگاہ رکھتے ہوئے اپنی جادو کی کاٹ کر رہا ہوں۔ مجھ پر جس نے بھی جادو کا معاملہ کیا ہے۔ میں اس جادو کو اُسی کی جانب لُوٹاتا ہوں۔ میرے اس عمل کو قبول فرما۔ اور مجھ لاچار کی مدد فرما دے۔ اتنا کہنے کے بعد اپنا اُلٹا ہاتھ تین مرتبہ اپنی اُلٹی ران پر ماریں اور سات مرتبہ۔ **فَارْجِعُو** پڑھ کر اپنے اُلٹے ہاتھ کی جانب تین مرتبہ تھتکار دیں۔

اب دوسری مرتبہ صرف تین بار سورہ عبس پڑھیں۔

اس کے بعد یُوں کہیں۔ اے اللہ کریم میں تیرا عاجز بندہ ہوں۔ تیرے فضل کرم پر نگاہ رکھتے ہوئے اپنی جادو کی کاٹ کر رہا ہوں۔ مجھ پر جس نے بھی جادو کا معاملہ کیا ہے۔ میں اس جادو کو اُسی کی جانب لُوٹاتا ہوں۔ میرے اس عمل کو قبول فرما۔ اور مجھ لاچار کی مدد فرما دے۔ اتنا کہنے کے بعد اپنا اُلٹا ہاتھ تین مرتبہ اپنی اُلٹی ران پر ماریں اور سات مرتبہ **فَارْجِعُو** پڑھ کر اپنے اُلٹے ہاتھ کی جانب تین مرتبہ تھتکار دیں۔

تیسری، چوتھی، پانچویں، چھٹی اور ساتویں مرتبہ بھی صرف تین بار سورہ عبس پڑھ کر ہر بار یہی کہنا ہے۔

اس طرح سورہ عبس کے پڑھنے کی تعداد اکیس مرتبہ ہو جائے گی۔ اور کاٹ کا عمل مکمل ہو جائے گا۔ اور ان شا اللہ فوراً ہی مریض کو افاقہ محسوس ہونے لگے گا۔ البتہ جسمانی مرض کا علاج طبیب سے کرواتے رہیں۔ اگر مریض قریب ہے تو اُس پر بھی دم کریں۔ اور پانی پر دم کر کے اُسے پینے کیلئے دے دیں۔

اگر کسی دوسرے انسان کی کاٹ مقصود ہو تو دورانِ عمل یوں کہیں گے۔ مثال کے طور پر عزیز بن حوا کی کاٹ کرنی ہے تو اس طرح سے کہنا ہے" اے اللہ کریم! میں تیرا عاجز بندہ ہوں۔ تیرے فضل کرم پر نگاہ رکھتے ہوئے عزیز بن حوا کے جادو کی کاٹ کر رہا ہوں۔ عزیز بن حوا پر جس نے بھی جادو کا معاملہ کیا ہے۔ میں اس جادو کو اُسی کی جانب لُوٹاتا ہوں۔ میرے اس عمل کو قبول فرما۔ اور مجھ لاچار کی مدد فرما دے۔ اتنا کہنے کے بعد اپنا اُلٹا ہاتھ تین مرتبہ اپنی اُلٹی ران پر ماریں اور سات مرتبہ **فَارْجِعُو** پڑھ کر اپنے اُلٹے ہاتھ کی جانب تین مرتبہ تھتکار دیں گے۔

میرے جس بھی بہن بھائی پر جادو کے معاملات ہوں، اُسے چاہیے کہ کاٹ کے بعد بھی روزانہ سات مرتبہ **یَامُمِیْتُ** پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے۔ اُور اپنی رُوحانی کمزوری پر قابو پانے کیلئے روزانہ اکتالیس مرتبہ تیسرا کلمہ اور اکتالیس مرتبہ **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ**۔ روزانہ خود پر پڑھ کر دم کرے۔ رات کو سونے سے قبل تین مرتبہ سورہ فلق، تین مرتبہ سورہ ناس، ایک مرتبہ آیت الکرسی، اول آخر درود پاک پڑھ کر پانی پر بھی دم کرے۔ اُور خود پر بھی دم کرے اور اُسی پانی کو پیا جائے۔

جادو سے نجات کیلئے روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

برائے اپریل ۲۰۲۰ء

ہر طرح کے جادو سے نجات کا وظیفہ

خاص وظیفہ……جس کو پابندی کے ساتھ پڑھنے سے ہر قسم کے جادو سے نجات حاصل کریں۔

جادو کے جسم پر اثرات کو جلانا

اگر کسی کے جسم پر جادو کے اثرات ہوں، بیماری کی شکل میں یا کسی بھی طرح جادو کی وجہ سے جسم متاثر ہو اور عام علاج سے فرق نہ پڑ رہا ہو تو جادو کے اثرات کو جلانا ضروری ہو جاتا ہے۔ خاص تعویذات سے جادو کے جسمانی اثرات کو جلائیں اور جادو سے نجات حاصل کریں۔

جگہ پر خون کی چھینٹے آنا

جگہ پر خون کی چھینٹیں آنا ایک خطرناک نشانی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ کوئی بڑا اور نقصان دہ عمل ہو رہا ہے۔ اس عمل سے نجات کے لیے خاص تعویذات حاصل کریں۔

رکھے ہوئے یا پہنے ہوئے کپڑوں کا کٹنا

پہنے ہوئے، لٹکائے ہوئے، الماری یا کسی بند چیز میں رکھے ہوئے، گھر یا کسی بھی جگہ پر موجود کپڑوں پر چھوٹے چھوٹے کٹ لگیں یا زیادہ کٹ جائے اور وجہ کوئی بھی معلوم نہ ہو تو یہ جادو یا جنات کی شرارت ہو سکتی ہے۔ اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے تعویذات منگوائیں۔

گھر یا جگہ پر مسلط جادوئی مخلوق کو جلانا

اگر کسی جگہ پر جادو سے مسلط کردہ مخلوق ہو اور کسی علاج سے نہ جا رہی ہو تو ان کا جلانا ہی آخر حل مانا جاتا ہے۔ ان کو جلانے کے لیے خاص چراغ کا عمل کیا جاتا ہے، جس کو کرنے سے مسلط کردہ مخلوق جل جاتی ہے۔ یہ عمل صرف مجبوری میں کیا جائے، جب کسی طرح فائدہ نہ ہو رہا ہو۔

مریض پر جادو کے اثرات یا مسلط مخلوق کو جلانا

چراغ کا خاص عمل، جس کو کرنے سے مریض کے جسم پر جادو کے اثرات چراغ میں جل جاتے ہیں اور بہت جلد مریض شفاء کی طرف گامزن ہو جاتا ہے۔ اگر مریض پر کوئی مخلوق بھی مسلط ہے تو وہ بھاگ جاتی ہے ورنہ جل جاتی ہے۔ سالہا سال کا مجرب علاج ہے۔

دو ہفتے میں جادو ختم کرنے کا عمل

پینے اور غسل کرنے کا ایک خاص عمل جو مریض یا مریض کے لواحقین کو کرنا ہوتا ہے۔ اس کو کرنے سے ہر طرح کا جادو جو مریض کے جسم پر ہوتا ہے اور ہر طرح کی بندش ختم ہو جاتی ہے۔

جادو کے ساتھ سایہ اور بیماری

اگر کسی کے ساتھ جادو کا مسئلہ ہو اور ساتھ ہی سایہ بھی ہو اور ان بد اثرات کی وجہ سے بیماری بھی ہو گئی ہو تو یہ علاج منگوائیں۔ ان شاء اللہ، دو ہفتے کے علاج سے شفاء ہوگی یا واضح فرق محسوس ہوگا۔

جادو کے ساتھ سایہ

اگر کسی کے ساتھ جادو کا مسئلہ ہو اور ساتھ ہی سایہ بھی ہو تو اس علاج سے ان شاء اللہ، دو ہفتوں میں شفاء ہوگی یا واضح فرق محسوس ہوگا۔

جادو سے نجات (پینے والے تعویذات)

جادو سے نجات کے لیے خاص پینے والے تعویذات استعمال کرنے سے معمولی اور درمیانہ درجے کے جادو کے اثرات بہت جلد ختم ہو جاتے ہیں۔

جادو کے ذریعے مسلط مخلوق سے جان چھڑانا

اگر کسی پر جادو کے ذریعے مخلوق مسلط کی ہو اور وہ آ کر تکلیف دیتی ہو تو

اس مخلوق سے نجات کے لیے خاص تعویذات منگوائیں۔ ان شاء اللہ، وہ مخلوق تکلیف دینے کے لیے مریض کے پاس نہیں آئے گی۔

جادو واپس کرنا

اگر مسلسل جادو ہو رہا ہو تو اس کا ایک حل جادو کو واپس کرنا ہوتا ہے۔ اس کا فیصلہ روحانی معالج ہی بہتر کر سکتے ہیں۔ خاص تعویذات پر مشتمل کورس ہے جس کو مریض بہت آسانی سے کر سکتا ہے اور بہت جلد جادو واپس ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

جادو سے نجات (صرف دیندار مریض)

یہ ایک خاص روحانی علاج ہے جس سے سخت جادو سے نجات حاصل ہو جاتی ہے۔ دو ہفتے میں مریض بہت فرق محسوس کرتا ہے۔ اس علاج میں یہ شرط ہے کہ یہ صرف دیندار حضرات کے لیے ہے یعنی جن کے گھر کا ماحول دین کے مطابق ہو۔

جادو اور جنات سے نجات (صرف دیندار مریض)

یہ ایک خاص روحانی علاج ہے جس سے سخت جادو اور جنات سے نجات حاصل ہو جاتی ہے۔ دو ہفتے میں مریض بہت فرق محسوس کرتا ہے۔ اس علاج میں یہ شرط ہے کہ یہ صرف دیندار حضرات کے لیے ہے یعنی جن کے گھر کا ماحول دین کے مطابق ہو۔

روحانی غسل (۱) (جادو کے معمولی اثرات)

صرف پانچ غسل کرنے سے جادو کے اثرات سے شفاء پائیں۔ جب اثرات بہت معمولی رہ جائیں یا بڑا علاج ختم ہو جائے تو یہ علاج کرنا بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

روحانی غسل (۲) (جادو کے سخت اثرات)

یہ غسل چالیس (۴۰) دنوں پر مشتمل ہے۔ روزانہ غسل کرنا ہوتا ہے۔ یہ صرف ان مریضوں کے لیے ہے جن کا معاملہ کافی سخت ہو اور جادو کے بہت زیادہ جسمانی اثرات ہوں۔ خواتین بھی اس علاج کو استعمال کر سکتی ہیں۔ خاص دنوں میں ناغہ کر کے چالیس دن پورے کرنے ہوتے ہیں۔

مرد اور عورت کے جسمانی تعلقات کی بندش کا علاج

اس جادو سے مرد کی شہوت ختم یا کم ہو جاتی ہے۔ وہ باوجود کوشش کے اپنی بیوی سے ہمبستری نہیں کر سکتا۔

علامات: ایک مکمل مرد بھی نامرد ہو جاتا ہے۔ عورت پر اثر ہو تو وہ ہمبستری سے نفرت کرتی ہے، اس کو ہمبستری کے وقت بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔

خاص روحانی علاج سے اس بندش کا خاتمہ ہو جائے گا، ان شاء اللہ۔

رشتہ، نکاح و شادی کی بندش کا علاج

جس لڑکے یا لڑکی پر یہ بندش لگائی جاتی ہے، اس کی شادی نہیں ہو پاتی۔

علامات: رشتے نہیں آتے، خوبصورت لڑکی بدصورت دکھائی دیتی ہے، اگر آتے ہیں تو بات نہیں بنتی، پسند کر کے جاتے ہیں مگر واپس جواب نہیں دیتے، منگنی ہو کر بھی ٹوٹ جاتی ہے، نکاح ہو کر رخصتی نہیں ہوتی، رخصتی سے قبل طلاق ہو جاتی ہے۔

خاص تعویذ سے بندش کا خاتمہ ہو جائے گا، ان شاء اللہ۔

عداوت اور جدائی پیدا کرنے والے جادو کا علاج

یہ جادو خاوند، بیوی، ماں، بیٹا، باپ، بیٹی، بھائی بھائی یا دوستوں اور شریکوں میں جدائی، بغض اور نفرت پیدا کرنے کے لیے کروایا جاتا ہے۔

علامات: اچانک حالات ایسے تبدیل ہوتے ہیں کہ آپس میں محبت کرنے والے نفرت کرنے لگتے ہیں، دونوں کے درمیان بہت زیادہ شکوک و شبہات پیدا ہونے شروع ہو جاتے ہیں، آپس میں کسی قسم کا عذر قبول نہیں کرتے، معمولی سے اختلافات کو بہت اہمیت دیتے ہیں، میاں بیوی ایک دوسرے کو بدصورت لگنے لگتے ہیں، مسحور اپنے ساتھی کے ہر کام کو برا سمجھتا ہے۔

روحانی علاج حاصل کریں اور اپنے پیاروں سے بچھڑنے سے بچیں۔

کمزوری، سستی و کاہلی پیدا کرنے والے جادو کا علاج

اس جادو سے جوڑوں کا درد، کمزوری اور سستی پیدا کی جاتی ہے۔

علامات: سحر زدہ خلوت اور تنہائی پسند ہو جاتا ہے۔ اپنے گھر والوں اور دیگر لوگوں سے ملنا جلنا بند کر دیتا ہے۔ ہر وقت اپنے خیالات میں مگن رہنا اور ذہن میں عجیب و غریب خیالات کا آنا، ہمیشہ سست اور بے حس پڑے رہنا، مسحور کے بدن اور جوڑوں نیز سر میں اکثر درد ہوتا رہتا ہے، کند ذہن ہو جانا اور لوگوں کے ہجوم سے دور رہنا۔

اس جادو کے روحانی علاج کے ساتھ روحانی عرق دیا جائے گا جس کی قیمت 250 روپے فی بوتل ہے۔

پیار محبت اور عشق میں پاگل کرنے والے جادو کا علاج

یہ جادو اندھی محبت پیدا کرنے کے لئے کیا جاتا ہے تاکہ فریق ثانی اُس کا دیوانہ بن جائے اور ہر جائز و ناجائز بات مانے۔

علامات: مسحور فریق ثانی سے بہت زیادہ محبت کرتا ہے، کثرت جماع کی شدید خواہش پیدا ہوتی ہے، ہر وقت ایک دوسرے کو دیکھنے کا شوق، ہر وقت ایک دوسرے کی اندھی اطاعت اور فرمانبرداری۔

اس جادو کے روحانی علاج کے ساتھ روحانی عرق دیا جائے گا جس کی قیمت 250 روپے فی بوتل ہے۔

وہم میں مبتلا کرنے والے جادو کا علاج

اس سحر سے مسحور کے دل و دماغ میں وہم ڈال دیا جاتا ہے جس سے وہ ہر وقت پریشان رہتا ہے۔

علامات: سحر زدہ کو ٹھہری ہوئی چیز حرکت کرتی نظر آتی ہے اور متحرک چیز منجمد نظر آتی ہے، بڑی چیز چھوٹی اور چھوٹی چیز بڑی نظر آتی ہے۔ خیالات بدلتے رہتے ہیں اور سحر زدہ کو خیالی صورتیں نظر آتی ہیں۔

اس جادو کے روحانی علاج کے ساتھ روحانی عرق دیا جائے گا جس کی قیمت 250 روپے فی بوتل ہے۔

مختلف بیماریوں میں مبتلا کرنے والے جادو کا علاج

اس جادو سے مسحور کو مختلف قسم کے لاعلاج امراض میں مبتلا کر دیا جاتا ہے۔ ڈاکٹری علاج معالجہ سے بھی کوئی فرق نہیں پڑتا۔

علامات: ایسی بیماری میں مبتلا ہو جانا کہ جسمانی علاج سے کوئی فرق نہ پڑ رہا ہو، جسمانی علاج کی وجہ سے مرض میں شدت کا آجانا، جسم کے کسی خاص حصے میں مستقل درد رہنا، جسم کے کسی خاص حصے کا بے حس ہو جانا وغیرہ۔

اس جادو کے روحانی علاج کے ساتھ روحانی عرق دیا جائے گا جس کی قیمت 250 روپے فی بوتل ہے۔

پاگل اور حواس باختہ کرنے والے جادو کا علاج

اس جادو سے انسان حواس باختہ یا پاگل ہو جاتا ہے۔

علامات: بہت زیادہ ذہنی انتشار کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے، مسحور کو ہمہ وقت پریشان خیال آتے رہتے ہیں، مسحور کی گفتگو اکثر بے ربط ہوتی ہے، کسی ایک جگہ پر زیادہ دیر نہیں بیٹھتا، قوت ارادی ختم ہو جاتی ہے، کسی کام کو زیادہ دیر تک نہیں کر پاتا، غسل نہ کرنا، گندا رہنا، کپڑے نہ بدلنا وغیرہ۔

اس جادو کے روحانی علاج کے ساتھ روحانی عرق دیا جائے گا جس کی قیمت 250 روپے فی بوتل ہے۔

شرائط و ضوابط

یہ مفت خدمات صرف اپریل ۲۰۲۰ کے لئے ہیں۔ چونکہ یہ ساری خدمات جادو کے علاج سے متعلق ہیں، اس لیے ان کو منگوانے سے پہلے رابطہ لازمی کریں تاکہ آپ کو بعد میں کسی قسم کی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایک کوپن ایک فرد کے لیے ہوگا۔ ایک وقت میں صرف ایک ہی خدمت سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

شرائط و ضوابط مکمل تفصیل کے ساتھ ویب سائٹ پر دی گئی ہیں۔ ان کو مکمل پڑھ کر پھر رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پر کر کے روانہ کریں۔

شرائط و ضوابط کے لئے لنک یہ ہے:

http://darulamal.org/ruhanilajgah

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

تاریخ .... اپریل 2020

نام .... والد ....

والدہ .... مکمل پتہ ....

....

email اگر ہو ....

موبائل نمبر .... گھر میں اثرات ہیں۔ ہاں/نہیں

جادو کا معاملہ کب سے ہے ....

پہلے علاج کروایا ہے کسی سے ....

کاروبار/ملازمت کرتے ہیں ....

کاروبار والی جگہ پر اثرات ہیں ....

کاروبار کا علاج کیا کروایا ....

کیا آپ نے کوئی عمل/چلہ کیا ہے ....

مطلوبہ علاج ....

شرائط وضوابط کوپن برائے مفت خدمات

رجسٹری جوابی لفافہ مع کوپن ارسال کریں۔ جوابی لفافے پر 50 روپے کا ٹکٹ ہونا ضروری ہے۔ فوٹو سٹیٹ کوپن قابل قبول نہیں ہوگا کوپن وہی قابل قبول ہوگا جس کے ساتھ مکمل شرائط پوری ہوں گی تفصیل علیحدہ کاغذ پر لکھ کر بھیجیں۔ تفصیلی شرائط وضوابط کے لئے ویب سائٹ کا لنک دیکھ لیں۔

مطلوبہ تفصیل آپ کی بہتر رہنمائی کے لئے ہے

http://darulamal.org/ruhaniilajgah

ruhaniilajgah 0342-7772772 042-35410586

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

0324-7772772 ruhaniilajgah96

دارالعمل چشتیہ میں ہونے والے 3 خاص لنگر

تینوں لنگروں کا ہر اسلامی ماہ کی پہلی (نوچندی) اتوار کو خاص اہتمام کیا جاتا ہے

1 خاص لنگر برائے ایصال ثواب

تمام سلاسل کے بزرگان دین وامت مسلمہ کے ایصال ثواب کے ساتھ دعاؤں کا خصوصی اہتمام کیا جاتا ہے۔ آپ بھی اس ماہانہ لنگر شریف میں اپنے کسی مرحوم رشتہ دار کے ایصال ثواب کے لئے حصہ ڈال سکتے ہیں۔ فی حصہ: 500 روپے مکمل دیگ: 5000 روپے

2 خاص لنگر برائے تکمیل حاجات

ہر قسم کی دینی ودنیاوی حاجات، معاشی مشکلات وغیرہ کی تکمیل کیلئے خاص لنگر۔ بفضل ربی جس نے بھی جس حاجت کیلئے حصہ ڈالا ان کی تمام مرادیں پوری ہوئیں۔

مکمل دیگ: 4000 روپے مکمل حصہ: 800 روپے نصف حصہ: 400 روپے

3 لنگر برائے ترقی روحانیات

فی حصہ: 500 روپے مکمل دیگ: 5000 روپے

روحانی اعمال کی مضبوطی، ترقی اور تیزی کیلئے عاملین وروحانی طالبین اس میں حصہ ڈالتے ہیں۔

0324-7772772, 042-35410586

ruhaniilajgah

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

تاریخ ______ اپریل 2020ء

نام ______ والد ______

والدہ ______ مکمل پتہ ______

______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ اعمال ______

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 | 042-35410586

دارالعمل چشتیہ کا تعارف darulamal.org/aboutus.htm

دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جارہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہوسکتا ہے۔

معاشی مسائل: قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہوجانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل: سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل: رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہوکر یا رشتہ طے ہوکر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل: زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہوجانا، ناجائز مقدمہ کردینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کرلینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی تخریب کاریاں: رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش و نقصان کرنا۔

جنات کی شرانگیزیاں: نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہوکر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض: علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل و جگر و دماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض: اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولادِ نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض: غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، E-mail کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کرلیں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

ناظم: 0305-7772772 (صبح 11 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ) / نائب ناظم: 0304-7772772 (صبح 10 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanilajgah, ruhanilajgah@gmail.com
0342-7772772
042-35410586
ruhanilajgah
ruhanilajgah96
0324-7772772